لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذان لاالہ الااللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 | اتوار 27 ستمبر 2026ء 1448ھ 14 ربیع الثانی 13 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 245

www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ہ (سورۃ البقرہ)

چمن سیکٹر پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام، متعدد طالبان ہلاک

پاکستان میں مارے گئے 260 افغان دہشتگردوں کی نام، پتے اور خاندانی تفصیلات کے ساتھ شناخت ہوچکی ہے جبکہ غیر شناخت شدہ اور فعال دہشتگرد اس اعداد وشمار میں شامل نہیں ہیں

افغان طالبان نے چھوڑا گیا امریکی ونیٹو اسلحہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو فراہم کیا، امریکی ساختہ M-4 رائفلیں، Remington سنائپر رائفلیں اور نائٹ وژن ڈیوائسز اب دہشتگردوں کے زیرِ استعمال ہیں، ذرائع

اسلام آباد(آئی این پی)افغانستان کی طالبان رجیم تمام شواہد کے باوجود دہشت گردوں کی سرپرستی سے مسلسل انکار کررہی ہے جس کے باعث دہشت گرد گروہ پاکستان میں مسلسل دراندازی کی کوششیں کرر ہے ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں مارے گئے (بقیہ نمبر 17)

پاکستان امریکا بزنس کونسل اور بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اسلام آباد و واشنگٹن کے درمیان بہترین پل ہیں، پاکستان امریکا تعلقات گزشتہ ایک سال کے دوران بہت بہتر ہوئے ہیں۔ ہماری معیشت اب مستحکم اور ترقی کی جانب گامزن ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے ایک مشکل مرحلے پر آیا

امن کیلئے ہرمز میں سرگرمیوں کی آزادی ہونی چاہیے

وزیراعظم

دوست اور برادر ممالک کے تعاون سے خطے میں طویل مدتی امن حاصل کرنے کی امید ہے، خطے میں طویل مدتی امن، کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے انتہائی اہم ہے، پاکستان میں بڑے پیمانے پر ساختی اور پالیسی سطح کی اصلاحات کی جارہی ہیں

نیویارک(آئی این پی)وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خطے میں امن کیلئے ضروری ہے آبنائے ہرمز میں تجارتی سرگرمیوں کی آزادی ہو۔ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ ان کی یواین کے سیکریٹری جنرل سے ملاقات ہوئی، یواین کے سیکریٹری جنرل 6 اکتوبر کو پاکستان (بقیہ نمبر14)

نیویارک (نیٹ نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے مشکل مرحلہ ہے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف سے نیویارک میں امریکا کی بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر (بقیہ نمبر 13)

چھوٹے صوبے بنائیں لیکن درست وقت و طریق کار آئینی و جمہوری ہونا چاہیے

خواجہ سعد رفیق

گورننس کی بہتری کیلئے آئینی تحفظ کے ساتھ این ایف سی طرز پر صوبائی فنانس کمشن بنایا جائے

لاہور(آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ چھوٹے صوبے بنائیں لیکن اس کیلئے درست وقت اور طریق کار آئینی و جمہوری ہونا چاہیے ،دہشتگردی ، سیاسی انارکی اور معاشی بدحالی کی آگ میں جلتے (بقیہ نمبر 35)

HAN ZHENG
SHEHBAZ SHARIF
HUSSAIN MOHAMED LATHEEF

نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کی طرف واپس آئیں: چینی صدر

امریکا اور ایران ایک جامع معاہدے تک پہنچیں گے جس میں ایٹمی معاملہ اور دیگر معاملات کا تصفیہ بھی شامل ہوگا: شی جن پنگ

امریکا اور چین کے بہتر مستقبل کے لیے چینی صدر کے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے۔ شی جن پنگ کے ساتھ تعلقات باہمی احترام اور عوامی مفادات کی بنیاد پر قائم ہیں: ٹرمپ

واشنگٹن (نیٹ نیوز) امریکا کے دورے پر آئے چینی صدر شی جن پنگ نے امریکی صدر ٹرمپ سے مطالبہ کیا ہے کہ امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔امریکی صدر ٹرمپ اور چینی صدر شی جن پنگ کی وائٹ ہاؤس میں (بقیہ نمبر 30)

جنگ ختم کرنے کا فیصلہ واشنگٹن کو کرنا ہوگا: ایرانی صدر پزشکیان کا امریکا کو پیغام

اگر اختلافات مذاکرات کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں تو ایک دوسرے کو قتل کرنے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے

ایران جنگ کا خواہاں نہیں تھا، تاہم ان کے بقول اسرائیل کی کارروائیوں اور اشتعال انگیزی کے نتیجے میں یہ جنگ ایران پر مسلط ہوئی۔ ایرانی صدر

نیویارک (نیٹ نیوز) پزشکیان کے مطابق اگر اختلافات مذاکرات کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں تو ایک دوسرے کو قتل کرنے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ جنگ جاری رکھنا نہیں چاہتا اور تنازع ختم کرنے کا فیصلہ اب (بقیہ نمبر 11)

باکو: وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے آذربائیجان میں دوسرے بین الاقوامی سرمایہ کاری فورم میں شرکت کی

شہباز شریف سے لبنانی وزیر اعظم کی ملاقات

مشرق وسطی اور خطے کی مجموعی صورتحال میں ہونے والی پیش رفت پر گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف کا لبنان کی خودمختاری، سیاسی آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ

نیویارک(آئی این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لبنان کی خودمختاری، سیاسی آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے فوری طور پر مخاصمت کے خاتمے، جنگ بندی کے انتظامات کی سختی سے پاسداری، مقبوضہ لبنانی علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد پر زور (بقیہ نمبر35)

اسحٰق ڈار کی سنگاپور کے وزیر خارجہ سے ملاقات

علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے سفارت کاری کو فروغ دینے کی پاکستان کی کوششوں کو سراہا

نیویارک(آئی این پی) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر سنگاپور کے وزیر خارجہ (بقیہ نمبر 36)

وزیراعلی مریم نواز شریف سے صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر کی ملاقات

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد، نیک تمناؤں کا اظہار

لاہور(آئی این پی) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف سے صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر نے ملاقات کی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری الیکشن کمپین پر خواجہ عمران نذیر کو شاباش دی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے ویژن الائنس کے تمام اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے پر ویژن الائنس کے رہنما علی حسام اصغر، خواجہ شاہ زیب اکرم اور دیگر کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے(بقیہ نمبر 37)

Lahore Chamber of Commerce And Industry

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

- وزیراعلیٰ مریم نواز کی لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن میں کامیابی پر ویژن الائنس کے پیٹرن انچیف خواجہ شاہ زیب اکرم، علی حسام اصغر، اور دیگر کیلئے نیک تمنائیں
- امید ہے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران صنعت وتجارت کے فروغ میں حکومتِ پنجاب کا ساتھ نبھائیں گے، وزیراعلیٰ مریم نواز

Malmo Bakers & Sweets
Malmo FOODS (PVT) LIMITED
سی ای او مالمو گروپ
شیخ عمران افضل
کی جانب سے
علی حسام اصغر
کو لاہور چیمبر آف کامرس کا صدر بننے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد
الحمد للہ رب العالمین
HAFIZ MUHAMMAD SAJJAD
CEO HAFIZ SAJJAD MOTORS
E.C MEMBER
LAHORE CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY
27 سالہ اجارہ داری کا خاتمہ!
علی حسام اصغر
لاہور چیمبر آف کامرس کے نئے صدر!


چیئرمین سحر میڈیا گروپ
ملک یامین اعوان
کی جانب سے
علی حسام اصغر
کو لاہور چیمبر آف کامرس کا صدر بننے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد
الحمد للہ رب العالمین
HAFIZ MUHAMMAD SAJJAD
CEO HAFIZ SAJJAD MOTORS
E.C MEMBER
LAHORE CHAMBER OF COMMERCE & INDUSTRY
27 سالہ اجارہ داری کا خاتمہ!
علی حسام اصغر
لاہور چیمبر آف کامرس کے نئے صدر!

شہر شہر، نگر نگر

Shehar Shehar Nagar Nagar

اوکاڑہ: پریس کلب کے ممبران کی جانب سے سینئر صحافی ڈاکٹر صابر شاہین کے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ان کے اعزاز میں دعوتِ کا اہتمام

وکاڑہ میں مختلف مقامات پر پیش آنے والے دو ٹریفک حادثات میں ایک موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ دو کم سن بچے زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ میں مختلف مقامات پر پیش آنے والے دو ٹریفک حادثات میں ایک موٹر سائیکل سوار جاں بحق جبکہ دو کم سن بچے زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق پہلا حادثہ 36 جوڑے روڈ پر 5 اے فور ایل کے قریب پیش آیا، جہاں موٹر سائیکل ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار 30 سالہ محمد مدثر ولد محمد اشرف سکنہ محلّہ دارا پور کے سر پر شدید چوٹ آئی۔ ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں تاہم زخمی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال منتقل کر دی۔ دوسرا حادثہ فیصل آباد روڈ پر دیپالپور چوک کے قریب پیش آیا، جہاں موٹر سائیکل اور کار کے درمیان تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دو بچے زخمی ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور بعدازاں انہیں مزید علاج کے لیے ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال منتقل کر دیا۔ زخمی بچوں کی شناخت 14 سالہ نفیس ولد منیر احمد اور 15 سالہ طیب ولد اشرف، ساکنان رحمت اللہ ٹاؤن، کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے حالیہ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے ملک شاہ بہرام مون کا مبارکباد دینے والوں کا شکریہ

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے حالیہ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے ملک شاہ بہرام مون نے اپنی کامیابی پر مبارکباد دینے والے تمام دوستوں، عزیز و اقارب، تاجروں، صنعتکاروں، سیاسی و سماجی شخصیات، وکلاء، صحافیوں اور بالخصوص پیار کرنے والے شہر دیپالپور کے باسیوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں کامیابی ان کے لیے نہ صرف ایک اعزاز بلکہ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے انہوں نے کہا کہ کامیابی کے بعد ملک بھر بالخصوص دیپالپور سے جس محبت، خلوص، اعتماد اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا، وہ ان کے لیے انتہائی حوصلہ افزا اور قابلِ قدر ہیا نہوں نے کہا کہ اہلیانِ دیپالپور نے ہمیشہ محبت اور اپنائیت کا مظاہرہ کیا ہے اور حالیہ کامیابی پر جس انداز میں شہر کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

نواز شریف سکول آف ایمیننس شہر اور علاقے کے لیے تحفہ ہے، ڈاکٹر افضل جاوید ملک

منڈی احمد آباد۔ (محمد اسلم وٹو سے) نواز شریف سکول آف ایمیننس شہر اور علاقے کے لیے تحفہ ہے ڈاکٹر افضل جاوید ملک تفصیل کے مطابق۔ نواز شریف سکول آف ایمیننس کے آنر ڈاکٹر حاجی افضل جاوید ملک نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ منڈی احمد آباد میں نواز شریف سکول کیمپس میں داخلے جاری ہیں آج ہی آن لائن اپلائی کریں یا اپیکس کالج میں داخلہ فارم پر کر کے جمع کروائیں انہوں نے مزید بتایا کہ پریپ کلاس سے پنجم کلاس تک لڑکے اور لڑکیاں داخلہ لے سکتے ہیں جبکہ چھٹی کلاس سے لے کر میٹرک تک صرف بچیوں کا داخلہ جاری ہے ضروری نوٹ یہ سکول PEF کے زیر اہتمام ھے اس لئے داخلے اور ماہانہ کوئی فیس نہیں اور کتابیں بھی بلکل مفت دی جائیں گی جبکہ بچوں کی وردی والدین کو خریدنا پڑے گی منڈی احمد آباد اور گردونواح کے علاقوں کے لیے نواز شریف سکول ایک تحفہ ہے اور یہ تحفہ بڑی مشکل سے حاصل کیا میرا ایک ہی مقصد ہے کہ جس شہر نے مجھے عزت شہرت اور پہچان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

بار انتخابات میں ان کا بنیادی مقصد وکلاء برادری کی خدمت، ان کے مسائل کی مؤثر نمائندگی اور بار کے وقار کو مزید مضبوط بنانا ہے، میاں خادم حسین وٹو ایڈووکیٹ

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) امیدوار برائے صدر بار ایسوسی ایشن دیپالپور سال 2027 میاں خادم حسین وٹو ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بار انتخابات میں ان کا بنیادی مقصد وکلاء برادری کی خدمت، ان کے مسائل کی مؤثر نمائندگی اور بار کے وقار کو مزید مضبوط بنانا ہیانہوں نے کہا کہ وہ وکلاء کے اعتماد کو محض انتخابی حمایت نہیں بلکہ ایک ذمہ داری سمجھتے ہیں اور اگر انہیں خدمت کا موقع ملا تو بار کے اجتماعی مفاد کو ترجیح دی جائے گی انہوں نے کہا کہ نئے جوڈیشل کمپلیکس دیپالپور میں وکلاء کے چیمبرز کا مسئلہ انتہائی اہم ہو وکلاء کو پیشہ ورانہ سرگرمیوں کے لیے مناسب جگہ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی وقت کی ضرورت ہے وہ اس معاملے کو متعلقہ فورمز پر مؤثر انداز میں اٹھانے اور چیمبرز کے حوالے سے شفاف اور قابلِ عمل طریقہ کار کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے بار صرف ایک عمارت یا دفتر کا نام نہیں بلکہ وکلاء کی اجتماعی نمائندگی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

پنجابی ادب کے امام شیکسپیئر سید وارث شاہ بلند پایہ شاعر تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد

پاکپتن (بیورو رپورٹ) پنجابی ادب کے امام شیکسپیئر سید وارث شاہ بلند پایہ شاعر تھے، جنہوں نے اپنی لاثانی تصنیف ہیر رانجھا میں ملکہ ہانس کا انتخاب کر کے پنجابی ادب سے مٹی کو زرخیز کیا، ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میاں نذیر احمد نے سالانہ 228 ویں عرس جھنڈیالہ شیر خان کے موقع پر صدر انجمن وارث شاہ میاں ذاکر حسین ہانس اور مشتاق خان ڈھڈی چیئرمین کے ہمراہ وفد سے ملاقات کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ سیکرٹری اوقاف محمد احسان بھٹہ کی نگرانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عرس پر سخت سیکیورٹی انتظامات اور زائرین کے لیے لنگر کا وسیع انتظام کیا گیا ہے، اس دوران ملکہ ہانس ادبی تنظیم کے وفد نے اوقاف ضلع شیخوپورہ کے زیر انتظام سالانہ ہیر گائیکی مقابلہ میں شرکت کی، اور دربار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

سیالکوٹ کرائم فائٹر SHO تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی کارروائی منشیات فروش محمد رضوان ولد محمد صادق کے قبضہ سے ڈیڑھ کلوگرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکاسے) سیالکوٹ کرائم فائٹر SHO تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی کارروائی منشیات فروش محمد رضوان ولد محمد صادق کے قبضہ سے ڈیڑھ کلوگرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔۔ پسرور۔ DPO سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی خصوصی ہدایات پر DSP پسرور سرکل رانا جمیل قیصر کی سربراہی میں SHO تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی زیر نگرانی بڈیانہ پولیس نے دوران گشت و ناکہ بندی حیدری چوک بڈیانہ کے مقام پر ایک پیدل شخص کو مشکوک جانتے ہوئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

POLICE
IRFAN
SHO

تھانہ چوچک پولیس کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری

چوچک (نمائندہ خصوصی) تھانہ چوچک پولیس کی جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری تفصیلات کے مطابق تھانہ چوچک پولیس کی منشیات فروشوں اور اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری، چوچک پولیس کی کارروائی، اڈہ چوچک مائنر کی پل پر ملزم ظفر اقبال ولد عبد الغفور قوم بھٹی ساکن فاضلو الہ کو 30 لٹر شراب سمیت گرفتار کر لیا۔ شراب کے سیمپل لیبارٹری بھجوا دیے گئے۔ ملزم کے خلاف مقدمہ 326/27 بجرم 79/4/4/PHO3 درج کر لیا گیا جبکہ جعلی چیک کے مقدمے میں مطلوب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

ABU BAKAR
POLICE

اوکاڑہ پریس کلب کے ممبران کی جانب سے سینئر صحافی وممبر پریس کلب ڈاکٹر صابر شاہین کے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ان کے اعزاز میں دعوتِ طعام کا اہتمام

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (رانا عبدالستار نقیبی۔) اوکاڑہ پریس کلب کے ممبران کی جانب سے سینئر صحافی وممبر پریس کلب ڈاکٹر صابر شاہین کے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر ان کے اعزاز میں دعوتِ طعام کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں کالم نگار سلمان قریشی، ملک ارشد، رانا سلیم، رانا طاہر یعقوب، ملک حماد، ارشد قادری، رانا عرفان سمیت دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر صحافتی برادری نے ڈاکٹر صابر شاہین کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ شرکاء نے کہا کہ عمرہ کی سعادت اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک عظیم اعزاز ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادات اور حاضری کو شرفِ قبولیت بخشے اور انہیں صحت وسلامتی کے ساتھ واپس لوٹنے کی توفیق عطا فرمائی۔ صحافی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

غیر ملکی سکھ یاتریوں کی گوردوارہ بابے دی بیری آمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) غیر ملکی سکھ یاتریوں کی گوردوارہ بابے دی بیری آمد، سکیورٹی انتظامات اور پولیس کے حسنِ سلوک کی ستائش، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایت پر برطانیہ سے آئے 68 سکھ یاتریوں کی گوردوارہ بابے دی بیری میں مذہبی رسومات کی ادائیگی کے موقع پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے۔ یاتریوں کے تحفظ کے لیے ضلع پولیس اور ایلیٹ فورس کی نفری تعینات رہی۔ سکھ یاتریوں نے سکیورٹی انتظامات، پولیس اہلکاروں کی خوش اخلاقی اور تعاون کو سراہتے ہوئے سیالکوٹ پولیس کا شکریہ ادا کیا اور محفوظ و پُرامن ماحول میں مذہبی رسومات کی ادائیگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد نے کہا کہ تمام مذہبی اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور غیر ملکی مہمانوں کو عزت، تحفظ اور سہولت فراہم کرنا سیالکوٹ پولیس کی ترجیح ہے۔

والدین کی بے چینی ختم، بچھڑا بیٹا بحفاظت گھر لوٹ آیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) والدین کی بے چینی ختم، بچھڑا بیٹا بحفاظت گھر لوٹ آیا! 22 سالہ زبیر والد کی ڈانٹ ڈپٹ پر ناراض ہو کر گھر چھوڑ کر چلا گیا پریشان والد کی درخواست پر ایس ایچ او محمد عرفان ڈھلو اور ان کی ٹیم نے مسلسل تگ و دو اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے زبیر کو چند گھنٹوں میں لاہور سے تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

لاپتہ ہونے والی 30 سالہ عظمیٰ کو جدید ٹیکنالوجی سے تلاش کر لیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو کی بروقت کارروائی، لاپتہ ہونے والی 30 سالہ عظمیٰ کو جدید ٹیکنالوجی اور سی ڈی آر کی مدد سے چند گھنٹوں میں تلاش کر کے والدہ کے حوالے کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بٹر پڈھے بڈیانہ کی رہائشی ممتاز بی بی زوجہ سفارش مسیح نے پولیس کو درخواست دی کہ اس کی بیٹی مسمات عظمیٰ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

دو روز قبل ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونے والے طالب علم چلا بسا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دو روز قبل ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونے والے طالب علم چلا بسا، تفصیلات کے مطابق دو روز قبل ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے پری میڈیکل کا طالب علم علی حسن زندگی اور موت کی کشمکش کے بعد جانبر نہ ہو سکا اور جاں بحق ہو گیا۔ ان کی المناک وفات پر اپیکس کالج کی انتظامیہ، اساتذہ اور تمام ساتھی طلبہ گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 300 کلوگرام بیمار اور مردہ بھینس کا مضرِ صحت گوشت تلف کر دیا گیا

پاکپتن (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہریوں کو محفوظ خوراک کی فراہمی اور عوامی صحت کے تحفظ کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 300 کلوگرام بیمار اور مردہ بھینس کا مضرِ صحت گوشت تلف کر دیا گیا۔ کارروائی ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد اور ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات پر اڈا نوری والا پل پر کی گئی، جہاں چک ملک رحمو سے آنے والے لوڈر رکشہ کو روک کر معائنہ کیا گیا، ویٹرنری آفیسر کے معائنے میں گوشت انتہائی بیمار اور انسانی استعمال کیلئے نااہل قرار پانے پر موقع پر ہی تلف کر دیا گیا، پولیس نے رکشہ ڈرائیور عمران کو گرفتار کر کے رکشہ تھانہ صدر منتقل کر دیا، جبکہ فرار ہونیوالے دو ملزمان سمیت تینوں افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، ذرائع کے مطابق پاکپتن کا ایک مخصوص مافیا بڑے گوشت کے قصابوں سے ماہانہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

جاپانی وفد کا گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کا دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جاپانی وفد کا گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کا دورہ، لینگوئج لیب کے قیام کے لیے باہمی تعاون کے امکانات کا جائزہ، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ نے جاپان سے تعلق رکھنے والے ''اے آر ٹریڈنگ'' کے ڈائریکٹرز، علی محمد اصغر اور محترمہ موری آریہا کا خیر مقدم کیا۔ اس دورے کا مقصد یونیورسٹی میں ''لینگویج لیب'' کے قیام کے سلسلے میں باہمی تعاون کے امکانات کا جائزہ لینا تھا۔ وفد نے گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر کے ساتھ ملاقات کی، جس میں مختلف شعبہ جات کے ڈینز، رجسٹرار، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز اینڈ ایکسٹرنل لنکیجز، مینیجر اورک (ORIC) اور دیگر متعلقہ حکام بھی شریک ہوئے۔ بات چیت کا محور باہمی تعاون کے مواقع، زبان سیکھنے، مہارتوں کی ترقی اور طلبہ کے لیے سیکھنے کے بہتر مواقع پیدا کرنے پر مرکوز رہا۔ اپنے دورے کے دوران، مہمانوں نے یونیورسٹی کی اہم تنصیبات اور تعلیمی مراکز کا بھی دورہ کیا، جن میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

چھری کے وار سے 49 سالہ شخص جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چھری کے وار سے 49 سالہ شخص جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مراد پور کے علاقہ بونکن کشمیر روڈ پر نامعلوم شخص نے مبینہ طور پر محمد علی ولد محمد شفیع پر چھری سے وار کیا اور فرار ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق متاثرہ شخص کے سینے کے بائیں جانب گہرا زخم تھا اور وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو چکا تھا۔ جاں بحق شخص کی شناخت محمد علی، عمر 49 سال، سکنہ بونکن پکا گڑھا کے نام سے ہوئی۔ ریسکیو 1122 نے میت کو علامہ اقبال میموریل ہسپتال منتقل کر دیا۔ واقعے کی مزید تحقیقات متعلقہ پولیس کی جانب سے کی جا رہی ہیں۔

باجڑہ گڑی کنگرہ روڈ پر کوسٹر اور سائیکل کے تصادم میں 71 سالہ شخص جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) باجڑہ گڑی کنگرہ روڈ پر کوسٹر اور سائیکل کے تصادم میں 71 سالہ شخص جاں بحق، تفصیلات کے مطابق باجڑہ گڑی کنگرہ روڈ پر تیز رفتاری کے باعث کوسٹر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک اور ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر حق نواز علی نے ڈپٹی کمشنر آفس میں لائیوسٹاک کی ایک پروقار تقریب کے دوران ترقی پانے والے ملازمین میں لیٹر تقسیم کیے

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک اور ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر حق نواز علی نے ڈپٹی کمشنر آفس میں لائیوسٹاک کی ایک پروقار تقریب کے دوران ترقی پانے والے ملازمین میں لیٹر تقسیم کیے۔ تقریب میں محکمہ لائیوسٹاک کے افسران اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر اور ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے ترقی پانے والے تمام ملازمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر نے کہا کہ ملازمین کی بروقت ترقیاں ان کی محنت اور لگن کا اعتراف ہیں، جس سے محکمے کی کارکردگی مزید بہتر ہوگی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام ملازمین اپنی نئی ذمہ داریوں کو مزید جذبے، دیانت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کنجاہ میں چوہدری شجاعت حسین لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک کا افتتاح کر دیا

لالہ موسیٰ (شہزاد دلبر) گجرات وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کنجاہ میں چوہدری شجاعت حسین لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک کا افتتاح کر دیا۔ افتتاح کے موقع پر ڈپٹی کمشنر گجرات نور العین قریشی، اسسٹنٹ کمشنر گجرات عبدالقدیر زرکون اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک کنجاہ کا قیام دیرینہ عوامی مطالبے پر عمل میں لایا گیا ہے۔ کنجاہ کی بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر خواتین اور بچوں کے لیے ایسی تفریحی اور صحت مند سرگرمیوں کی سہولت کی اشد ضرورت تھی، جہاں بچے کھیل کود اور تفریح کر سکیں جبکہ خواتین بھی واک اور ورزش کے ساتھ معیاری وقت گزار سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پارک کی دیکھ بھال اور سہولیات کو برقرار رکھنے پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔ پارک میں واکنگ ٹریک، خوبصورت لان، بیٹھنے کے لیے بینچ، آؤٹ ڈور گیزبوز، بچوں کے لیے مختلف جھولا جات، فاؤنٹین، لائٹنگ، لائبریری اور دیگر تفریحی وعوامی سہولیات فراہم کی گ ءہیں۔ پارک میں خواتین اور مردوں کے لیے علیحدہ اوقات کار مقرر کیے گئے ہیں، جبکہ مردوں کے لیے رات 12 بجے سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

ضلع اوکاڑہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے منشیات فروشوں سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ضلع اوکاڑہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے منشیات فروشوں سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ سٹی دیپالپور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش طاہر سے 760 گرام جبکہ طاہر رضوان سے 680 گرام چرس برآمد کر لی، دونوں ملزمان سے مجموعی طور پر 1440 گرام چرس برآمد ہوئی۔ اسی طرح تھانہ چوچک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ظفر اقبال کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب برآمد کر لی، جبکہ جعلی چیک کے مقدمہ میں عرصہ دراز سے مطلوب کیٹیگری بی کے اشتہاری ملزم کو بھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

ایم فل، پی ایچ ڈی اساتذہ کے باوجود نتائج کیوں مایوس کن؟

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ایم فل، پی ایچ ڈی اساتذہ کے باوجود نتائج کیوں مایوس کن؟ سرکاری سکولوں کی کارکردگی پر سوالات رواں سال سرکاری سکولوں کے تعلیمی نتائج کے حوالے سے عوامی حلقوں میں شدید مایوسی اور تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں ایم فل اور پی ایچ ڈی سمیت اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کی موجودگی کے باوجود اگر طلبہ کے نتائج تسلی بخش نہیں تو اس کی وجوہات کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیےعوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بعض سرکاری سکولوں کے اساتذہ خود بھی اپنے بچوں کو سرکاری اداروں میں داخل کروانے کے بجائے نجی تعلیمی اداروں کو ترجیح دیتے ہیں۔ دوسری جانب متعدد نجی تعلیمی اداروں میں نسبتاً کم تعلیمی اسناد رکھنے والے اساتذہ بھی محنت، باقاعدگی اور طلبہ پر خصوصی توجہ کے ذریعے اچھے نتائج حاصل کر رہے ہیں شہریوں کے مطابق تعلیم کے ساتھ بچوں کی اخلاقی تربیت، ڈسپلن، مینرز اور کردار سازی بھی تعلیمی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، تاہم بعض (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات مرکز	111-000-118
سوئی گیس شکایات مرکز	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی/بلڈ بینک	35417440

درجنوں مقدمات میں ملوث ملزمان نے کروڑوں روپے کی محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی فروخت کرنا شروع کر دی

پاکپتن (بیورو رپورٹ) درجنوں مقدمات میں ملوث ملزمان نے کروڑوں روپے کی محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی فروخت کرنا شروع کر دی، درجنوں افراد کا قبضہ مافیا کے خلاف شدید احتجاج محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی واہ گزار کروانے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق تھانہ کلیانہ کے علاقہ بکھا کلالی کی آبادی جھگیاں کے درجنوں رہائشیوں نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ علاقہ کے قبضہ گروپ اور درجنوں مقدمات میں ملوث فیاض جوئیہ وغیرہ نے پٹہ پر لی ہوئی محکمہ ہندو اوقاف کی کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری آراضی فروخت کر دی، مظاہرین نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ مبینہ قبضہ گروپ فیاض جوئیہ وغیرہ نے یہ آراضی کاشت کاری کیلئے حاصل کی، یہ آراضی پہلے عقیل احمد کے نام پر پٹہ لیا پھر نذر فرید ولف اللہ دتہ کے نام پر پٹہ لیا، ان تک یہ 5 کنال محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی فروخت کر چکے ہیں، محکمہ ہندو اوقاف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی شہریوں سے براہِ راست ملاقات

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی شہریوں سے براہِ راست ملاقات

گجرات سید طارق حسین+زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی شہریوں سے براہِ راست ملاقات، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے شہریوں کے مسائل، شکایات اور درخواستوں کی براہِ راست سماعت کے لیے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات نے شہریوں کے مسائل کو توجہ سے سنا اور ان کے فوری ازالے، میرٹ پر دادرسی اور قانون کے مطابق کارروائی کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او گجرات نے افسران کو ہدایت کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں مختلف شعبہ جات کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں روڈز، پبلک بلڈنگز، پرائمری ہیلتھ سمیت دیگر شعبہ جات کے منصوبوں کے بارے میں ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر منصوبوں کی موجودہ پیش رفت، کام کے معیار اور تکمیل کی رفتار کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے ہدایت کی کہ مفادِ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے ڈپٹی کمشنر آفس پاکپتن میں چار گھنٹے طویل کھلی کچہری منعقد کی

پاکپتن (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہریوں کے مسائل کے فوری ازالے، سرکاری محکموں کی جوابدہی اور عوام کو عملی ریلیف کی فراہمی کیلئے کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے ڈپٹی کمشنر آفس پاکپتن میں چار گھنٹے طویل کھلی کچہری منعقد ہوئی، جہاں 107 شہریوں کی تحریری درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کو مسائل کی نوعیت کے مطابق دو سے دس روز میں حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے، کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ کھلی کچہری محض درخواستیں وصول کرنے یا شکایات سننے کا فورم نہیں بلکہ شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے فوری مؤثر فیصلہ کن اقدامات کا ذریعہ ہے، اس لیے ہر درخواست پر عملی پیش رفت اور مقررہ مدت میں فالو اَپ ضروری ہے، کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ڈپٹی کمشنر آصف رضا کے ہمراہ وفاقی، صوبائی و ضلعی محکموں سے متعلق درخواستیں سنیں اور متعلقہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

نشاط پارک چاہ بگیاں کے قدیم قبرستان میں قبروں کی مبینہ بے حرمتی پر شہریوں میں شدید تشویش

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نشاط پارک چاہ بگیاں کے قدیم قبرستان میں قبروں کی مبینہ بے حرمتی پر شہریوں میں شدید تشویش پھیلی ہوئی ہے۔ قبرستان انتظامیہ نے بغیر کسی پیشگی نوٹس یا اطلاع کے خاموشی سے قبروں پر ٹریکٹر چلا کر پورے قبرستان کو فلیٹ میدان بنا دیا۔ والدین، خالہ، چچا اور دیگر پیاروں کی قبروں کے کتبے اور نشانی علامتیں تک غائب کر دی گئی ہیں۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ ہمارے لیے والدین کی قبریں ہی ان کی آخری نشانی تھیں، جنہیں بے دردی سے مسمار کر دیا گیا ہے۔ دیگر لواحقین اور شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے، ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور قبرستان کی چار دیواری و تحفظ کے لیے ہنگامی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ جبکہ ڈپٹی کمشنر محمد اویس مشتاق نے نشاط پارک قبرستان کی مسماری پر کہا ہے کہ نشاط پارک قبرستان کو قبرستان کمیٹی نے مسمار کیا ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS

ABC CERTIFIED

روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648

0321-4618852

اوکاڑہ ثمینہ اکبر راو اعجاز کریم داود دیگر بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کا برتھ ڈے کے سلسلہ میں کیک کاٹ کر سالگرہ منائی گئی

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (نمائندہ خصوصی) اوکاڑہ ثمینہ اکبر راو ڈپٹی فنانس سیکرٹری وسطی پنجاب پاکستان پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب لیڈیز ونگ کی صدارت میں یونیورسٹی آف اوکاڑہ میں۔ بلاول بھٹو زرداری کا برتھ ڈے کے سلسلہ میں کیک کاٹ کر سالگرہ منائی گئی تقریب کے مہمان خصوصی راؤ اعجاز کریم تحصیل صدر پاکستان پیپلز پارٹی اوکاڑہ بلاول بھٹو زرداری جیالا فورس ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے صدر راؤ اکبر علی خان ایڈووکیٹ حفیظوں سرور بودلہ جنرل سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی ساہیوال ڈویژن اور ریاض ناگوری نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی ساہیوال ڈویژن راجہ اکمل اس ایڈووکیٹ احمد شجاع ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

ڈرائیونگ ٹریننگ سکول میں نان کمرشل گاڑیوں (کار، جیپ) کا ڈرائیونگ کورس کامیابی سے مکمل کرنے والے ٹرینیز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت ڈسٹرکٹ ٹریفک پولیس اوکاڑہ کے ڈرائیونگ ٹریننگ سکول میں نان کمرشل گاڑیوں (کار، جیپ) کا ڈرائیونگ کورس کامیابی سے مکمل کرنے والے ٹرینیز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر ٹرینیز کو ٹریفک قوانین کی پابندی، روڈ سیفٹی، ٹریفک سائنز، لین لائن ڈسپلن اور دورانِ سفر حادثات سے محفوظ رہنے کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ انہیں ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کے استعمال، سائیڈ ویو مرر کی درستگی، ون وے کی خلاف ورزی سے گریز، کم عمر افراد کی ڈرائیونگ کے خطرات اور دورانِ ڈرائیونگ موبائل فون کے استعمال سے پیدا ہونے والے حادثات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ انچارج ڈرائیونگ سکول سلیم وکیل نے ٹرینیز کو ڈرائیونگ سیمولیٹر کے استعمال اور ڈرائیونگ لائسنس ٹیسٹ کے طریقہ کار کے بارے میں بریفنگ دی۔ انہوں نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کا وزیر اعلیٰ پنجاب کے "ڈیجیٹل پنجاب" اور شفاف پبلک سروس ڈیلیوری ویژن کے تحت اراضی ریکارڈ سینٹر رینالہ خورد کا دورہ

رینالہ خورد +اوکاڑہ (آصف شہزاد جٹ +بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کا وزیر اعلیٰ پنجاب کے "ڈیجیٹل پنجاب" اور شفاف پبلک سروس ڈیلیوری ویژن کے تحت اراضی ریکارڈ سینٹر رینالہ خورد کا دورہ۔ انہوں نے سینٹر میں شہریوں کو اراضی کی فرد، انتقال اور دیگر کمپیوٹرائزڈ سروسز کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا اور پبلک سروس ڈیلیوری کے عمل کو شفاف و تیز تر بنانے کے لیے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ روم، ٹوکن کاؤنٹر اور بائیو میٹرک ویریفکیشن کے شعبہ جات کی چیکنگ کی۔ انہوں نے سروسز کے حصول کے لیے آئے ہوئے شہریوں سے استفسار کیا اور عملے کے رویے، ٹوکن کے اجراء میں تاخیر اور سروسز کے معیار کے بارے دریافت کیا۔ محمد اکرام ملک نے انچارج اراضی ریکارڈ سینٹر کو ہدایت کی کہ شہریوں کو بروقت سہولیات کے لیے تمام سروس کاؤنٹرز کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری مستقبل میں پاکستان کے وزیر اعظم بنیں گے، بیرسٹر میاں نسیم محمود ہوتیانہ

پاکپتن (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری قومی اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر بیرسٹر میاں نسیم محمود ہوتیانہ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری مستقبل میں پاکستان کے وزیر اعظم بنیں گے ملک کے مسائل کے حل کی چابی بلاول بھٹو زرداری کے پاس ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی وفاق کی علامت ہے آج بھی پیپلز پارٹی پاکستان کے تمام صوبوں اور وفاق میں مضبوط ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہیدوں کی جماعت ہے پوری پیپلز پارٹی ملک وقوم پر قربان ہوگی انشاء اللہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری مستقبل میں پاکستان کے وزیر اعظم بنیں گے ملک کے مسائل کے حل کی چابی بلاول بھٹو زرداری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا وزیر اعلیٰ پنجاب کے صحت مند پنجاب کے مشن کے تحت ٹی ایچ کیو ہسپتال رینالہ خورد کا دورہ

رینالہ خورد +اوکاڑہ (آصف شہزاد جٹ +بیورو رپورٹ+ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا وزیر اعلیٰ پنجاب کے صحت مند پنجاب کے مشن کے تحت ٹی ایچ کیو ہسپتال رینالہ خورد کا دورہ، انہوں نے ایمرجنسی، او پی ڈی، مردانہ وزنانہ وارڈز، فارمیسی اور لیبارٹری سمیت مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے مفت ادویات کی فراہمی، ڈاکٹرز کے رویے اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کے حوالے سے دریافت کیا۔ انہوں نے ایمرجنسی وارڈ میں 24 گھنٹے الرٹ رہنے، تمام ضروری ادویات کی وافر اسٹاک کی موجودگی اور جدید طبی آلات کی فعال حالت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ محمد اکرام ملک نے ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال کو تمام شفٹوں میں حاضری سو فیصد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

اے سی ای سیالکوٹ کے سی او رانا مبشر علی کی جانب سے ایک ٹریپ ریڈ، محکمہ تعلیم کے اہلکار گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکاسے) اینٹی کرپشن، سیالکوٹ کی ٹریپ ریڈ (چھاپہ) کی رپورٹ اے سی ای (ACE) پنجاب، لاہور کے ڈائریکٹر جنرل سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اے سی ای، گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایت پر، جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں اے سی ای سیالکوٹ کے سی او رانا مبشر علی کی جانب سے ایک ٹریپ ریڈ (چھاپہ) مارا گیا۔ اس کارروائی کے دوران ملزمان محمد ارشد (ہیڈ کلرک، بی ایس-16، محکمہ تعلیم) اور احتشام بٹ (جونیئر کلرک، بی ایس-11، ڈی او ایلیمنٹری ایجوکیشن آفس، سیالکوٹ) کو گرفتار کر لیا گیا اور ان کے قبضے سے 20,000 روپے مالیت کے نشان زدہ نوٹ برآمد کیے گئے۔ ان کے خلاف تھانہ اینٹی کرپشن سیالکوٹ نے (PCA) کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

CIRCLE OFFICER SIALKOT

سیالکوٹ: اینٹی کرپشن حکام محکمہ تعلیم کے ہیڈ کلرک محمد ارشد، جونیئر کلرک احتشام بٹ کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرنے پر میڈیا کو تفصیلات بتا رہے ہیں

ہیئر کلر کے بعد بال روکھے کیوں ہوجاتے ہیں؟

اب ہیئر کلر صرف سفید بالوں کو چھپانے کے لئے نہیں کیا جاتا ہے بلکہ نوعمر لڑکیاں اپنا لک بدلنے کے لئے بھی ہیئر کلر کرواتی ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بالوں کو کلر کروانے کے بعد نمایاں تبدیلی آتی ہے لیکن یہ شکایت عام دیکھی جاتی ہے کہ بالوں کو کلر کروانے کے بعد وہ روکھے اور بے جان ہو جاتے ہیں۔ دراصل ہیئر کلر کروانے کے بعد ان کی دیکھ بھال ٹھیک طرح سے نہ کرنے کے سبب وہ روکھے اور بے جان ہو جاتے ہیں۔

ہیئر کلر، خاص طور پر پرمننٹ کلر اور بلیچنگ، بالوں کی باہری پرت (کیوٹیکل) کو کھول کر رنگ کو بالوں کے اندر پہنچاتے ہیں۔ اس پروسیس کے بعد بالوں کی نمی بنائے رکھنے کی صلاحیت میں کمی آسکتی ہے۔ اس سے بال روکھے، بے جان یا فریزی ہوسکتے ہیں۔ حالانکہ ہر ہیئر کلر کا اثر مختلف ہوسکتا ہے۔ یہ استعمال کئے گئے پروڈکٹس، بالوں کی حالت اور بعد میں کی جانے والی دیکھ بھال پر منحصر کرتا ہے۔

کئی ہیئر پروفیشنل ابتدائی 48 سے 72 گھنٹے تک شیمپو نہ کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ اس سے رنگ جلد پھیکا پڑنے لگتا ہے۔ ساتھ ہی بال دھیرے دھیرے خشک ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اس بات کا خیال رکھیں کہ کلر کروانے کے فوراً بعد بال نہ دھوئیں۔ ہیئر کلر کروانے کے بعد تیز گرم پانی سے بالوں کو دھونے سے بالوں کی کیوٹیکل کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اس سے نمی کم ہونے لگتی ہے اور بالوں کا رنگ پھیکا پڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ اس لئے نیم گرم یا ٹھنڈے پانی سے بالوں کو دھونا چاہئے۔ کچھ سلفیٹ والے شیمپو گہرائی سے صفائی کرتے ہیں۔ اس سے رنگ جلد پھیکا پڑ سکتا ہے اور بال خشک ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ہیئر کلر کے بعد 'کلر سیف' یا 'سلفیٹ فری' شیمپو کا استعمال کرنا مناسب ہوتا ہے۔ کلر کئے ہوئے بالوں کو زیادہ موئسچرائزر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے کنڈیشنز اور وقتاً فوقتاً ڈیپ کنڈیشننگ کرنا چاہئے۔ اس سے بالوں کا روکھا پن کم ہوتا ہے اور رنگ بھی پھیکا نہیں پڑتا۔ ہیئر کلر کروانے کے بعد اگر آپ ہیٹ اسٹائلنگ کا زیادہ استعمال کرتی ہیں تو اس سے بھی آپ کے بال روکھے اور بے جان ہو سکتے ہیں۔ اسٹریٹنر، کرلر اور ہائی ہیٹ بلو ڈرائر پہلے سے پروسیسڈ بالوں کو مزید نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ اس لئے ان ٹولز کا کم سے کم استعمال کریں۔

چند سوالات کے جوابات جانیے:

سوال: کیا کلر کئے ہوئے بالوں میں کبھی تیل نہیں لگانا چاہئے؟

جواب: یہ سبھی لوگوں پر عائد نہیں ہوتا۔ تیل لگانے کا طریقہ، مقدار اور بالوں کی ضرورت پر منحصر کرتا ہے۔

سوال: کیا زیادہ کنڈیشنز لگانے سے بال ٹھیک ہو جائیں گے؟

جواب: کنڈیشنز بالوں میں نمی برقرار رکھنے میں مدد کرتا ہے، لیکن بہت زیادہ نقصان پہنچے ہوئے بالوں کی پوری طرح مرمت نہیں کرتا ہے۔

سوال: کیا صرف ایک بار ہیئر اسپا کرانے سے روکھا پن ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتا ہے؟

جواب: ہیئر اسپا وقتی طور پر بالوں کو ملائم اور نرم بناتا ہے، ان کی درست دیکھ بھال ہی سے انہیں نرم اور ملائم بنایا جاسکتا ہے۔

بال رنگنے کا قدرتی طریقہ: اس کیلئے دو کپ پانی میں ایک چمچہ چائے کی پتی اور ایک چمچہ کلونجی شامل کر کے ان کو اتنی دیر پکائیں کہ پانی سوا کپ رہ جائے۔ پھر ایک کپ سوکھی مہندی، ایک انڈہ، 2 چمچے تیل (ناریل، سرسوں یا زیتون)، ایک چمچہ کتھا اور ایک چمچہ املی کا گودا لے کر ان تمام اجزاء کو مکس کریں۔ پھر اس میں پتی والا پانی ڈال کر ملا لیں اور 2 سے 3 گھنٹے کیلئے رکھ دیں۔ اسے لگانے سے ایک دن پہلے بالوں میں شیمپو کریں، پھر اگلے دن اسے اپنے بالوں پر لگائیں اور 3 سے 4 گھنٹہ رہنے دیں۔ خشک ہو جائے تو سادے پانی سے دھولیں۔ اس کے بعد کوئی بھی تیل لے کر اس میں آدھا چمچہ لیموں کا رس شامل کریں اور گیلے بالوں میں لگا کر ہوا میں خشک ہونے دیں، پھر اگلے دن شیمپو کر لیں۔ اس عمل کو مہینے میں 2 بار کریں، بال خوبصورت براؤن اور چمکدار نظر آئیں گے۔

☆☆☆

ہیئر کلر، خاص طور پر پرمننٹ کلر اور بلیچنگ، بالوں کی باہری پرت (کیوٹیکل) کو کھول کر رنگ کو بالوں کے اندر پہنچاتے ہیں۔ اس پروسیس کے بعد بالوں کی نمی بنائے رکھنے کی صلاحیت میں کمی آسکتی ہے۔ اس سے بال روکھے، بے جان یا فریزی ہوسکتے ہیں۔ حالانکہ ہر ہیئر کلر کا اثر مختلف ہوسکتا ہے۔ یہ استعمال کئے گئے پروڈکٹس، بالوں کی حالت اور بعد میں کی جانے والی دیکھ بھال پر منحصر کرتا ہے۔

ڈائننگ ٹیبل کے لیے ڈائننگ کلاتھ

کھانوں سے اسی وقت لطف اندوز ہوا جاسکتا ہے جب انہیں ایک خاص ترتیب سے سجایا یا پیش کیا جائے اور آس پاس کا ماحول بھی پُرسکون اور خوشگوار ہو، کھانے ڈھنگ سے میز پر سجے ہوں، ترتیب کا خیال رکھا جائے تو سلیقہ مندی کا احساس ہونے کے ساتھ ساتھ کھانے والے کی بھوک میں اور اضافہ ہوجاتا ہے۔ لنچ اور ڈنر کے سیٹ الگ الگ ہوتے ہیں۔ انہیں موقع محل کی مناسب سے سجائیں اگر یہ رنگین ہوں گے تو ٹیبل کی ضرورت پوری کرنے کے ساتھ ساتھ شوپیس کا بھی کام کریں گے۔ ٹیبل کلاتھ سادے، ایک رنگ کے، رنگین، پھولدار اور چیک دار ہوسکتے ہیں۔ لنچ، ڈنر اور بریک فاسٹ کیلئے اگر ٹیبل کلاتھ الگ الگ ہوں تو اچھی بات ہے۔ رنگین اور چیک دار کلاتھ ناشتے کی میز بانی کیلئے بہت پسند کئے جاتے ہیں۔ عام طور پر کھانے کی میز پر لینن کا نیا نیپکن استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر اس کی جگہ کوئی اور کپڑا استعمال کیا جائے تو اس کی کٹنگ اور سلائی عام نیپکن کی طرح ہی رکھی جائے۔

ناشتہ کی میز پر چیک دار نیپکن رکھیں جو کہ ٹیبل کلاتھ سے میچ کر جائے گا۔ دیگر کپڑوں کے نیپکن استعمال کرنے کا ایک فائدہ یہ ہوتا ہے کہ انہیں دھونے میں آسانی رہتی ہے جبکہ لینن سے بنا نیپکن خاص قسم کی دھلائی چاہتا ہے۔ پیپر نیپکن بھی استعمال کیا جاسکتا ہے مگر یہ عموماً بچوں کی پارٹیوں یا پھر پکنک وغیرہ کیلئے زیادہ موزوں رہتا ہے۔ ان کا سب سے اچھا فائدہ یہ ہے کہ انہیں اسی وقت استعمال کیا اور پھر پھینک دیا۔ نیپکن رنگز کی خاص بات یہ ہونی چاہئے کہ جب اسے ٹیبل پر رکھا جائے تو دوسرے رنگوں کے نیپکن ایک دوسرے میں مکس ہونے کی بجائے صاف نظر آئیں۔ بچوں کے نیپکن رنگز لکڑی کے بنے بنائے ملتے ہیں جن پر بچوں کے نام لکھ کر ان کو تاکید کی جائے کہ وہ اپنا نیپکن اس میں لٹکائیں۔ میز پر چائے یا مشروب وغیرہ رکھنے کیلئے ٹیبل میٹ کا استعمال کیا جاتا۔ یہ ربر، ازبیسٹوس کارک، گلاس اور لکڑی کے بنے ہوئے ہیں، رنگین اور نقلی موتیوں سے آراستہ میٹ بھی بازار میں دستیاب ہیں۔ عام استعمال کیلئے ربر میٹ بہترین ہے یہ پتلے ہونے کے ساتھ ساتھ آسانی سے بار بار صاف کئے جاسکتے ہیں۔ ایک میٹ سیٹ میں چھ عدد گول میٹ (چائے کی پیالیوں کیلئے) اور تین عدد اوول ڈیزائن شیپ میں ہوتے ہیں جو ڈش کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

☆☆☆

دستر خوان کی شان

چٹ پٹے پکوان

ملائی کوفتہ ہانڈی

اجزاء۔

قیمہ۔	آدھا کلو مشین کا پسا ہوا
چنے۔	دو کھانے کے چمچ
چھوٹی الائچی۔	چار عدد
خشخاش۔	ایک کھانے کا چمچ
کالی مرچ۔	چار عدد ثابت
لونگ۔	چار عدد
سفید زیرہ۔	ایک چائے کا چمچ
ڈبل روٹی کے سلائس۔	دو عدد
نمک۔	حسبِ ذائقہ
فریش کریم۔	آدھا پیکٹ
تیل۔	حسبِ ضرورت
پیاز۔	تین عدد باریک کٹی ہوئی
دہی۔	ایک پیالی
لال مرچ۔	ایک کھانے کا چمچ پسی ہوئی
ہلدی۔	ایک چائے کا چمچ
دھنیا۔	دو کھانے کے چمچ پسا ہوا
گرم مصالحہ	ایک چائے کا چمچ پسا ہوا
پودینہ۔	آدھی گٹھی باریک کٹا ہوا
ہری مرچ۔	چار عدد باریک کٹی ہوئی
ہرا دھنیا۔	آدھی گٹھی باریک کٹا ہوا

ترکیب:

پہلے چنے، چھوٹی الائچی، خشخاش، ثابت کالی مرچ، لونگ اور سفید زیرہ ملا کر باریک پیس لیں۔ اب ڈبل روٹی کے سلائس توڑ کر قیمے میں ملائیں۔ ساتھ میں پسا ہوا مصالحہ ڈال کر چوپر میں پیس لیں۔ پھر اس میں تھوڑا سا نمک ملالیں۔ اب دو کھانے کے چمچ فریش کریم شامل کر کے چھوٹے چھوٹے کوفتے بنالیں۔ فرائینگ پین میں تیل گرم کر کے کوفتے فرائی کریں اور ایک طرف رکھ دیں۔ اب ہانڈی میں تیل گرم کر کے پیاز گولڈن براؤن کر کے نکالیں اور ٹشو پر پھیلا کر خستہ کر لیں۔ پھر پیاز کو ہاتھ سے کچل کر دہی میں ملادیں۔ اس کے بعد لال مرچ، ہلدی، پسا دھنیا، گرم مصالحہ اور نمک ملا کر ہانڈی میں ڈال دیں۔ اب اسے ہلکا سا بھون کر کوفتے پھیلا کر ڈالیں۔ ساتھ ہی گرم پانی شامل کر کے ہانڈی کو ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد باقی بچی ہوئی فریش کریم، پودینہ، ہری مرچ ہرا دھنیا ڈال کر پانچ منٹ دَم پر رکھیں۔ مزے دار ہانڈی ملائی کوفتہ تیار ہے۔



مٹن بریانی

اجزاء:

بکرے کا گوشت	ایک کلو
باسمتی چاول	ایک کلو
لہسن	چار جوئے
دھنیا پسا ہوا	تین چائے کے چمچے
دار چینی	ایک اسٹک
ہری مرچ	تین سے پانچ عدد
لال مرچ پسی ہوئی	ایک چائے کا چمچہ
پیاز (بڑے سائز کے)	پانچ عدد
ادرک	ایک درمیانہ ٹکڑا
لونگ	تین عدد
زیرہ، الائچی (بھنی ہوئی)	ایک چائے کا چمچہ
دہی	ایک کپ
کڑی پتہ	دو عدد
نمک	حسب ضرورت۔

ترکیب:

گوشت کو صاف کر کے درمیانی سائز کی بوٹیاں کاٹ لیں۔ پھر گوشت پر دہی لگا کے چھوڑ دیں۔ لونگ، زیرہ اور الائچی کو بھون کے پیس لیں۔ ادرک، لہسن، ثابت لال اور ہری مرچ اور پیاز کو بھی گرائینڈر میں پیس لیں۔ اب دیگچی میں تیل گرم کر کے پیاز کو ہلکا براؤن کر لیں۔ پھر اس میں دہی میں ملایا ہوا گوشت شامل کریں۔ ساتھ ہی باقی مسالے جو گرائینڈ کیے ہوئے ہیں، وہ بھی ڈال دیں اور اسے تب تک پکائیں جب تک گوشت گل نہ جائے۔ گوشت میں پانی ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے، کیوں کہ گوشت دہی کے پانی میں ہی پک جائے گا۔ جب تیل اوپر آجائے تو کڑی پتہ شامل کریں۔ اب ایک دیگچی میں چار گلاس پانی میں نمک ڈال کر چاولوں کو ابال لیں۔ جب چاولوں کی ایک کنی رہ جائے تو اسے اتار لیں اور اس کا پانی پھینک دیں۔ اس کے بعد الگ سی دیگچی میں ایک تہہ چاول اور ایک تہہ گوشت کے قورمے کی لگالیں۔ پھر تھوڑے سے پانی میں زردہ رنگ ڈال کے چاولوں کے اوپر ڈال دیں اور ہلکی آنچ پر دم پے رکھ دیں۔ مزے دار مٹن بریانی تیار ہے۔ رائتے اور سلاد کے ساتھ مہمانوں کو پیش کریں۔

مٹن کٹلٹس

اجزاء:

قیمہ	آدھا کلو
آلو درمیانے سائز کے	دو عدد
ہرا دھنیا	آدھی گٹھی
ہری مرچ	4 عدد
انار دانہ	کھانے کے 3 چمچے
ثابت زیرہ	کھانے کا 1 چمچ
کالی مرچ پاؤڈر	ایک کھانے کا چمچ
ثابت دھنیا	کھانے کا ایک چمچ
ادرک	ایک کھانے کا چمچ
لہسن	ایک کھانے کا چمچ
بیسن	آدھی پیالی
بریڈ کرمز	3 کھانے کے چمچ
نمک اور لال مرچ	حسب ذائقہ
گھی تلنے کے لیے	حسب ضرورت

ترکیب: قیمہ ادرک، لہسن، نمک اور لال مرچ ڈال کر بوائل کر لیں، آلو بھی بوائل کر کے چھلکا اتار لیں۔ ہرا دھنیا، ہری مرچ اور انار دانہ پیس لیں اور ثابت دھنیا زیرہ ملا کے مصالحہ بنا لیں پھر آلو اور قیمہ اچھی طرح میش کر کے انار دانے کا مصالحہ بھی اچھی طرح اس میں ملالیں۔ اب بیسن کو پانی میں گھول کر اس میں تھوڑا سا نمک کالی مرچ اور بریڈ کرمز ملا کر پھینٹ لیں۔ اب کڑاھی میں آئل گرم کر کے قیمے کے کٹلٹس بنا کر اس آمیزے میں ڈپ کر گولڈن براؤن فرائی کر لیں کرسپی کٹلٹس، کچپ یا ہرے مصالحے کی چٹنی کے ساتھ نوش فرمائیں۔

مٹن روسٹ

اجزاء:

مٹن (ثابت ٹکڑا، بغیر ہڈی)	دو کلو
کالی مرچ	دو کھانے کے چمچے
زیرہ پسا ہوا	دو کھانے کے چمچے
ہری مرچ پسی ہوئی	دو کھانے کے چمچے
نمک	حسب ذائقہ
دہی	ایک کپ
گرم مسالا پسا ہوا	ایک کھانے کا چمچہ
ہلدی	آدھا چائے کا چمچہ
ثابت دھنیا پسا ہوا	ایک چائے کا چمچہ
پپیتا	دو کھانے کے چمچے
پانی	حسب ضرورت
تیل	آدھی کڑاہی

ترکیب:

گوشت کو چھری کی مدد سے کٹ لگالیں، تاکہ مسالا اندر تک رچ بس جائے۔ اب اس میں تمام مسالے لگا کر چار سے پانچ گھنٹے کے لیے فریج میں رکھ دیں، تاکہ مسالا اور گوشت یکجان ہو جائیں۔ اب ایک بڑی دیگچی میں پانی گرم کریں اور اس دیگچی کے اوپر (چاولوں میں استعمال ہونے والا) چھنا رکھ دیں اور اسی کے اوپر گوشت کا ٹکڑا رکھیں اور اسے ڈھکن سے کور کردیں۔ جب گوشت اچھی طرح گل جائے تو ایک الگ سی دیگچی میں تیل گرم کریں اور اس میں گوشت کو دس سے پندرہ منٹ تک ہلکی آنچ پر فرائی کر لیں۔ مٹن روسٹ تیار ہے، اسے گرم گرم نان کے ساتھ پیش کریں۔

چپلی کباب

اجزاء:

بیف قیمہ	½ کلو
ٹماٹر	2 باریک چوپڈ
انار دانہ	2 چائے کے چمچ
انڈے اُبلے ہوئے	2 عدد چوپڈ

(یا انڈے کو پھینٹ کے تل کے بھی ڈال سکتے ہیں)

پودینہ	½ گڈی
ادرک لہسن پیسٹ	2 چائے کے چمچ
لال مرچ	2 چائے کے چمچ کُٹی ہوئی
گرم مصالحہ	1 چائے کا چمچ
زیرہ بھنا	1 چائے کا چمچ
بیسن	1 بڑا کھانے کا چمچ
گندم کا یا مکئی کا آٹا	1 بڑا کھانے کا چمچ
تیل	تلنے کے لیے
نمک	حسبِ ذائقہ

ترکیب:

پیاز، ٹماٹر اور سبز مرچوں کو باریک چوپ کر لیں۔ ایک مکسنگ باول میں بیف قیمہ، انڈے، ٹماٹر، ، پودینہ اور ہری مرچ کٹی ڈال لیں۔ اب اس کو مکس کریں اور انار دانہ،، ادرک لہسن پیسٹ، نمک، گرم مصالحہ پاؤڈر۔ زیرہ بھنا اور کٹی لال مرچ ڈالیں اور اِنکی ٹکیاں بنالیں۔ ان ٹکیوں کو شیلو فرائی کر لیں اور ایک سرونگ پلیٹ میں کباب نکال لیں۔ دھنیا پودینہ سے سجاوٹ کر کے پیش کریں، چپلی کباب تیار ہیں۔ نوٹ: آپ ٹماٹر کو گول کاٹ کر کباب کے اوپر لگا کے بھی تل سکتی ہیں۔

مٹن کڑاہی

اجزاء:

گوشت	آدھا کلو
ٹماٹر	تین عدد
تیل	آدھا کپ
دہی	آدھا کپ
دھنیا	آدھی گٹھی
ہری مرچ	چار سے پانچ عدد
ہلدی	ایک چائے کا چمچہ
ادرک	دو چائے کے چمچے
لہسن	ایک چائے کا چمچہ
گرم مسالا پسا ہوا	آدھا چائے کا چمچہ
نمک	حسب ضرورت
لال مرچ پسی ہوئی	ایک چائے کا چمچہ۔

ترکیب:

تھوڑے سے پانی میں گوشت کو اتنا پکائیں کہ پانی خشک ہو جائے۔ پھر اس میں ادرک لہسن کا پیسٹ اور دہی شامل کریں۔ ہلدی، گرم مسالا، نمک اور لال مرچ ڈال کر مکس کریں۔ ٹماٹر، ہری مرچ اور تھوڑا سا پانی شامل کریں، تا کہ مسالا بن جائے اور اسے ڈھک دیں۔ جب گوشت اچھی طرح سے مسالے میں رچ بس جائے اور تیل اوپر آجائے تو اسی تیل میں گوشت کو تھوڑا سا پکائیں۔ تیار ہونے پر ہرا دھنیا اور ہری مرچ کے ساتھ گارنش کریں۔

☆☆☆

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

امن میلہ چیک پوسٹ پر خودکش حملہ، 11 افراد شہید

خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان (ڈی آئی خان) کے علاقے درازندہ میں مبینہ خودکش دھماکا ہوا ہے ابتدائی اطلاعات کے مطابق گیارہ افراد شہید اور 30 زخمی ہوگئے ہیں۔۔ ذرائع کے مطابق دھماکا ڈی آئی خان-کوئٹہ روڈ پر واقع انسدادِ اسمگلنگ 'امن میلہ پولیس چیک پوسٹ' پر ہوا، بارود سے بھری گاڑی (VBIED) انسدادِ اسمگلنگ چیک پوسٹ سے ٹکرائی گئی۔ دھماکا انتہائی شدید نوعیت کا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ انسدادِ اسمگلنگ چیک پوسٹ پر حملہ، دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر (اسمگلرز) کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے خوارج کی جانب سے ایک بار پھر سیکیورٹی فورسز اور عام شہریوں کو وحشیانہ حملے کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ دھماکے کے نتیجے میں مجموعی طور پر 11 افراد نے جام شہادت نوش کیا، شہداء میں 6 پولیس اہلکار، 2 کسٹمز اہلکار، 2 خواتین اور ایک 2 سالہ بچہ شامل ہے۔ دھماکے میں پولیس اہلکاروں، کسٹمز حکام اور عام شہریوں سمیت 30 سے زائد افراد زخمی ہیں زخمیوں میں بعض کی حالت تشویشناک ہے جس کے باعث شہداء کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے۔ مقامی لوگوں میں خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے دہشت گردی سے لاتعلقی اور بے حسی پر شدید غصہ اور بےچینی پائی جاتی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔ قبل ازیں ریسکیو 1122 نے بتایا تھا درازندہ امن میلہ کے قریب دھماکے کی اطلاع ملتے ہی درازندہ اسٹیشن کی ٹیم فوری طور پر جائے وقوع پر پہنچی اور امدادی کارروائیاں شروع کردیں۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد عارف خان کی ہدایت پر ڈیرہ اسماعیل خان سے مزید 4 ایمبولینسز بمعہ عملہ بھی جائے وقوع روانہ کردی گئیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ابتدائی کارروائی کے دوران 30 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے اسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ 11 جاں بحق افراد کی لاشیں بھی جائے وقوع سے منتقل کی گئیں۔ درازندہ امن میلہ چیک پوسٹ حملے پر گورنر خیبر پختونخوا نے اعلیٰ حکام سے واقعے کی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ حملہ فتنہ الہندوستان خوارج کی مذموم سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ زخمیوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کی جائے گی۔ جبکہ بلوچستان میں دہشتگردوں نے 18 مزدور اغوا کرلیے، جب کہ فائرنگ سے گارڈ شہید اور ایک زخمی ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع ڈکی کے علاقے نانا صاحب زیارت میں سڑک تعمیر کرنے والی کمپنی کے کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے حملہ کیا، جس کے بعد 18 محنت کش مزدوروں کو اغوا کرلیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں اور سیکیورٹی گارڈز کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک گارڈ شہید جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا۔ حملے کے بعد دہشتگردوں نے کیمپ میں مقیم 18 محنت کش مزدوروں کو اغوا کرلیا۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے مغوی مزدوروں کی بازیابی اور دہشتگردوں کی تلاش کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا ہے، جو تاحال جاری ہے۔

یہ بھی بھارت کی دشمنی کا ہی ایک انداز ہے

دھوپ چھاؤں
الیاس محمد حسین
ilyasmohammadhussain@gmail.com

ایک عرصہ سے پاکستان میں دہشت گردی ہورہی ہے خاص طور پر بلوچستان اور خیبر پی کے میں ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت حالات خراب کئے جارہے ہیں اس مذموم منصوبے میں بھارت اور اسرائیل ملوث ہیں بہت سے باخبر لوگ۔ محبِّ وطن پاکستانی اور عوام کی اکثریت کو اس بات کا بخوبی پتہ تھا یہ سب کے سب علمِ نجوم جانتے ہیں نہ ان کو دلوں کے بھید معلوم ہے سیدھی سی بات یہ ہے کہ بھارت اور اسرائیل نے آج تک پاکستان کو دل سے تسلیم نہیں کیا اور انڈیا میں کسی بھی پارٹی کی حکومت ہو صدر مسلمان ہو یا وزیر اعظم سکھ یا پھر ہندو۔۔ اس نے پاکستان کو ہمیشہ اپنی تعصب کی عینک سے ہی دیکھا ہے جبکہ اسرائیل پاکستان کو نقصان پہچانے کا کوئی موقعہ ہاتھ سے جانے نہیں دیتا اب ایران اسرائیل جنگ نے یہ گٹھ جوڑ بے نقاب کرڈالا ہے اور غزہ میں فلسطینیوں کے قتلِ عام میں یہودیوں کی بھیانک ریشہ دوانیاں کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہیں ہمارے بیشتر رہنما یہ تو اکثر کہتے ہیں کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بیرونی ہاتھ کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کچھ پاکستان دشمن طاقتیں ہمارے ملک کا امن برباد کرنا چاہتی ہیں ان سے پوری قوم کو خبردار رہنے کی ضرورت ہے لیکن کھل کر بھارت کا نام لینے سے وہ گھبراتے ہیں یا شرماتے ہیں۔ کیا یہ بھی عجیب بات نہیں کہ ہم اپنے ظاہری دشمن کا نام لینے سے کنی کتراتے ہیں وہ دشمن جس نے پاکستان کو دو لخت کرڈالا۔۔۔ وہ دشمن ملک جس وزیر اعظم اندرا گاندھی نے سقوطِ ڈھاکہ کے وقت بڑے غرور سے کہا تھا ''ہم نے دو مسلمانوں کا دو قومی نظریہ سمندر میں ڈبو ڈالا''۔۔۔ وہ دشمن ملک جو آج بھی اپنے دریاؤں پر ڈیم بنا کر عالمی قوانین کا تمسخر اڑا رہا ہے تا کہ پاکستان کو بنجر بنا ڈالے۔۔۔ یہ بھی بھارت کی دشمنی کا ہی ایک انداز ہے کہ جب اس کے ندی نالوں میں طغیانی آجاتی ہے تو وہ پاکستانی دریاؤں میں پانی چھوڑ دیتا ہے جس سے پاکستان میں سیلاب آجانے سے قیامتِ صغریٰ بپا ہو جاتی ہے۔۔۔ یہ وہی دشمن ملک ہے جس نے آج تک اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کا احترام نہیں کیا وادیِ کشمیر میں ظلم و بربریت کا بازار گرم ہے اور ایک لاکھ کشمیری مسلمان اپنے خطہ کی آزادی کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں مگر بھارت نے ان کو حقِ خودارادیت دینے سے انکار کردیا ہے یہ سب حقائق تاریخ کے سینے پر رستے ہوئے ناسور کی مانند ہیں۔۔۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ بھارت میں کوئی حادثہ، دہشت گردی یا کوئی خوفناک واقعہ رونما ہو جائے بھارتی نیتا فٹافٹ پاکستان پر الزام لگانا شاید اپنا مذہبی فریضہ سمجھتے ہیں۔۔۔ ان تمام تر حقائق کی روشنی میں یہ عجیب بات نہیں کچھ لوگ بھارت سے دوستی کیلئے مرے جارہے ہیں بھارت کو پسندیدہ ملک قرار دینے کی باتیں ہورہی ہیں اور ہمارے کچھ نام نہاد دانشور پاک و ہند کی تقسیم کے ہی خلاف ہیں اور وہ بارڈر کو ایک لکیر کا درجہ دیتے ہیں ان کا خیال ہے کہ یہ دونوں ممالک کے درمیان یہ لکیر کا فرق بھی ختم ہو جانا چاہیے۔۔۔ ان لوگوں کو شاید یہ معلوم نہیں کہ پاکستان کے قیام کیلئے کتنی قربانیاں دی گئی تھیں کتنے ہزار لوگوں کو گاجر مولی کی طرح کاٹ دیا گیا۔۔ کتنی عفت مآب بیٹیوں کی عصمت کو تار تار کیا گیا۔۔ بلوائیوں نے کمسن بچوں کے لاشوں کو نیزے کی انی یا کرپان کی نوک پر لہراتے پھرتے۔ رقص کیا۔۔ کاش قیامِ پاکستان کے وقت ایک نئے ملک میں آنے کا تصور لئے جن بچے، بوڑھوں، جوانوں، بیٹیوں اور بہنوں پاکستانیوں کو بے رحمی سے ٹوٹے ٹوٹے کیا گیا امرتسر سے آنے والی اس لہولہان ٹرین کو اسی حالت میں لاہور کے عجائب گھر رکھ دیا جاتا تو آج کی نسل، نام نہاد دانشوروں اور بھارت کی محبت میں راگ الاپنے والوں کو بخوبی علم ہوجاتا کہ پاکستان کیسے بنا؟۔۔۔ یہ بھی کہا جارہا ہے کہ پاکستان کے حالات خراب کرنے، طے شدہ امور کو متنازعہ بنانے اور قومی اتفاق رائے میں رخنہ ڈالنے میں ہمارے پڑوسی ملک کا بہت بڑا کردار ہے شنید ہے کہ کالا باغ ڈیم پر چاروں صوبوں میں اتفاق و مفاہمت نہ ہونے میں بھی بھارت کا کلیدی کردار ہے یہاں تک کہا جارہا ہے کہ کالا باغ ڈیم کے ایشو پر بھارت کئی پاکستانی سیاستدانوں کی مالی معاونت کر رہا ہے۔ اس صورت حال میں پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث ہے خاص طور پر بلوچستان میں ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت حالات خراب کئے جارہے ہیں افغانستان سے پاکستانی چوکیوں پر حملوں کے پیچھے بھی بھارت کا مکروہ چہرہ ہے ان حقائق نے کچھ نئے سوالات کو جنم دیا ہے۔۔۔ کہ حکومت نے اس در اندازی پر آج تک بھارتی حکومت سے باقاعدہ احتجاج کیوں نہیں کرتی؟۔۔ دوسرا حالات بہتر بنانے کیلئے پاکستانی حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں اس سے قوم کو باخبر کیا جائے۔ تیسرا پاکستان میں انتہا پسندی و دہشت گردی میں جو قوتیں ملوث ہیں یا ہمارے ملک میں جو انکے آلہ کار ہیں ان کے بارے کیا حکمتِ عملی طے کی گئی ہے اس پر ٹھنڈے دل و دماغ سے ٹھوس منصوبہ بندی کئے بغیر پائیدار امن کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا یہ سارے حقائق بتانے کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہم لٹھ پکڑ کر انڈیا کی درگت بنا ڈالیں حکومت اور صرف پاکستان کی حکومت کو یہ حق ہے بلکہ اس کا فرض ہے کہ پاکستان کے مفادات کیلئے جو ہو سکے کرے تمام قومی معاملات میں قوم کو اعتماد میں لینے کی روایت ڈالنی چاہیے۔ ایک اور بات یہ ہے کہ ہم پاکستانی سب ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن لیکن باوقار تعلقات برابری کی بنیاد پر چاہتے ہیں ہمارا مؤقف یہ ہے کہ دنیا بھر کے تمام ممالک ہماری آزادی و خودمختاری کا احترام کریں پاکستان دوسروں سے متعلق ایسے ہی جذبات رکھتا ہے۔ قوم کو آج یہ طے کرنا ہوگا کہ ہم پاکستان کو آگ کا دریا نہیں بننے دینگے اس کی خاطر ہم قربانی کیلئے خود کو تیار کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ ایران اسرائیل جنگ میں خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لئے پاکستان کا مصالحتی کردار فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور وزیرِ اعظم میاں شہباز شریف کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں جس سے بھارت اور اسرائیل خوفزدہ ہیں اور نئے مسلم بلاک کی تشکیل ایک خوش آئند بات ہے جو مسلم نشاطِ ثانیہ کی بحالی میں پیش رفت فعال کردار ادا کرسکتا ہے۔

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا 'نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔..........(جامع ترمذی)

قدیم شاہی خاندان

سلمان احمد قریشی
فکرِ نو
/salman.qureshi
salmanqureshiokara@gmail.com

پاکستانی سیاست میں شخصیات صرف سیاست کی وجہ سے خبروں میں نہیں رہتیں، بعض اوقات ان کی نجی زندگی بھی افواہوں، قیاس آرائیوں اور سوشل میڈیا کی کہانیوں کا مرکز بن جاتی ہے۔ گزشتہ چند روز سے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی شادی کے حوالے سے رشتہ طے ہونے کی ایسی ہی ایک خبر سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے، جس نے معاملے کو محض ایک شادی کی خبر کے بجائے یورپ کے ایک چھوٹے سے ملک، قدیم شاہی خاندان اور ایک نوجوان خاتون کے نام سے جوڑ دیا۔ کہانی میں کہا گیا کہ بلاول بھٹو زرداری کی منگنی ایک یورپی خاندان میں ہوئی ہے۔ مبینہ دلہن کا تعلق لیختن شٹائن کے دارالحکومت وادوز سے ہے جبکہ بعض سوشل میڈیا پوسٹس اور چھوٹی ویب سائٹس نے اس خاتون کا نام گلوریا وان ہابسبرگ بتایا۔ مزید دعویٰ کیا گیا کہ صدر آصف علی زرداری یورپ گئے اور ممکنہ شادی کی تاریخ طے کرنے کے لیے خاندان سے ملاقات کی۔ لیکن یہاں سے اصل سوال شروع ہوتا ہے کہ اس پوری کہانی میں حقیقت کتنی ہے اور افواہ کتنی ہے۔۔؟

میئر کراچی اور بلاول بھٹو زرداری کے ترجمان مرتضیٰ وہاب نے ایک واضح بیان میں کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی کی منگنی یا شادی سے متعلق خبر غلط اور بے بنیاد ہے۔ بلاول بھٹو یا ان کے خاندان کی جانب سے بھی ایسی کسی شادی کی تصدیق سامنے نہیں آئی۔ اس تردید کے بعد اس خبر کو مصدقہ شادی کی خبر کہنا صحافتی اصولوں کے خلاف ہوگا۔ تاہم چونکہ افواہ میں جن ملک اور خاندان کا ذکر ہوا ہے وہ خود ایک دلچسپ تاریخی حقیقت رکھتے ہیں، اس لیے اس پورے معاملے کو سمجھنا ضروری ہے۔

لیختن شٹائن وسطی یورپ میں واقع ایک انتہائی چھوٹی خودمختار ریاست ہے۔ یہ سوئٹزرلینڈ اور آسٹریا کے درمیان واقع ہے اور اس کا دارالحکومت وادوز ہے۔ رقبے اور آبادی کے اعتبار سے یہ یورپ کی چھوٹی ترین ریاستوں میں شمار ہوتا ہے مگر اس کی معاشی حیثیت اس کے حجم سے کہیں زیادہ بڑی ہے۔ یہ ایک آئینی موروثی بادشاہت ہے، جس میں پارلیمانی جمہوری نظام بھی موجود ہے۔ اس کا حکمران شہزادہ لیختن شٹائن ہے۔ لیختن شٹائن کی خاص بات یہ ہے کہ یہ یورپ کی روایتی بادشاہتوں سے قدرے مختلف سیاسی نظام رکھتا ہے۔ یہاں حکمران خاندان کے پاس بعض دوسرے یورپی آئینی بادشاہوں کے مقابلے میں نمایاں سیاسی اختیارات موجود ہیں۔ حالیہ دنوں میں اس کے حکمران خاندان نے جانشینی کے قوانین میں بھی تبدیلیاں کی ہیں۔ یہ ملک اپنی مالیاتی خدمات، صنعتی شعبے اور بلند معیارِ زندگی کے لیے مشہور ہے۔ اس کی معیشت کا سوئٹزرلینڈ کے ساتھ گہرا تعلق ہے اور ملک اپنی چھوٹی جغرافیائی حدود کے باوجود عالمی مالیاتی نظام میں ایک مخصوص مقام رکھتا ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ لیختن شٹائن کا حکمران خاندان اور ہابسبرگ خاندان ایک نہیں ہیں۔ یہ دو الگ یورپی خاندان ہیں۔ یہی فرق اس موجودہ افواہ کو سمجھنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ لیختن شٹائن پر حکمرانی کرنے والا خاندان ہاؤس آف لیختن شٹائن کہلاتا ہے۔ موجودہ حکمران شہزادہ ہانس ایڈم دوم ہیں جبکہ ان کے بڑے بیٹے ولی عہد شہزادہ آلویس 2004 سے ریاستی امور کے عملی انتظام میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ خاندان یورپ کے قدیم شاہی خاندانوں میں شمار ہوتا ہے اور اس کی تاریخ صدیوں پر محیط ہے۔ لیکن جس نام نے موجودہ افواہ کو عالمی رنگ دیا، وہ لیختن شٹائن کا شاہی خاندان نہیں بلکہ ہابسبرگ خاندان ہے جو یورپ کے تاریخ ساز ترین شاہی خاندانوں میں سے ایک ہے۔ صدیوں تک اس خاندان نے آسٹریا، ہنگری اور وسطی یورپ کے وسیع علاقوں پر حکمرانی کی۔ اس خاندان کی ایک اہم شخصیت شہنشاہ کارل اول آف آسٹریا تھے، جو آسٹریا کے آخری شہنشاہ اور آسٹرو ہنگیرین سلطنت کے آخری حکمران تھے۔ 1918 میں پہلی جنگِ عظیم کے خاتمے کے ساتھ ہابسبرگ بادشاہت کا خاتمہ ہوگیا۔ اس کے بعد خاندان سے ریاستی اقتدار ختم ہوگیا اور آسٹریا ایک جمہوری ریاست بن گیا۔ لہٰذا آج کسی ہابسبرگ خاندان کے فرد کو آسٹریا کی شہزادی کہنا تاریخی نسبت کے اعتبار سے تو سمجھ میں آتا ہے لیکن یہ موجودہ آئینی یا سرکاری عہدہ نہیں۔ اہم سوال یہ ہے کہ گلوریا وان ہابسبرگ کون ہیں؟ اب آتے ہیں اس نام کی طرف جو سوشل میڈیا پر بلاول بھٹو کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے۔ گلوریا وان ہابسبرگ، ہابسبرگ لورین خاندان کی رکن ہیں۔ وہ 15 اکتوبر 1999 کو پیدا ہوئیں۔ گلوریا کو محض شاہی خاندان کی لڑکی کہنا ان کے تعارف کو بہت محدود کر دے گا۔ وہ جدید تعلیم اور پیشہ ورانہ سرگرمیوں سے وابستہ رہی ہیں اور ان کا نام دستاویزی فلم سازی کے حوالے سے بھی سامنے آیا ہے۔ ان کا تعلق آسکر ایوارڈ یافتہ دستاویزی فلم نیوالنی کے پروڈکشن سے جوڑا جاتا ہے۔ اس طرح ان کی شناخت صرف خاندانی پس منظر تک محدود نہیں بلکہ جدید ثقافتی اور میڈیا سرگرمیوں سے بھی جڑی ہوئی ہے۔ ان کے بھائی فرڈینینڈ زونومیر وان ہابسبرگ موٹر اسپورٹس میں معروف ہیں جبکہ بڑی بہن ایلیونور وان ہابسبرگ بھی جدید یورپی اشرافیائی حلقوں میں سرگرم ہیں۔ یعنی گلوریا ایک ایسے خاندان کی رکن ہیں جس کی تاریخ یورپی سلطنتوں سے بھی جڑی ہے اور موجودہ دور کی سیاست، فنون، میڈیا اور کاروباری دنیا سے بھی ہے۔

پھر بلاول بھٹو کا نام گلوریا کے ساتھ کیسے جڑا؟ یہی اس پوری کہانی کا سب سے اہم حصہ ہے۔ حالیہ دنوں میں سوشل میڈیا پر یہ دعویٰ گردش کرنے لگا کہ بلاول بھٹو زرداری کی شادی ایک یورپی خاندان میں ہونے والی ہے۔ ابتدا میں مبینہ دلہن کو وادوز، لیختن شٹائن سے منسوب کیا گیا۔ بعدازاں بعض سوشل میڈیا پوسٹس اور چھوٹی ویب سائٹس نے اس مبینہ خاتون کا نام گلوریا وان ہابسبرگ دینا شروع کر دیا۔ بعض رپورٹس نے اسے سابق آسٹریائی شاہی خاندان سے جوڑا۔ اس کے بعد کہانی میں ایک اور موڑ آیا۔ سوشل میڈیا اور بعض رپورٹس میں کہا گیا کہ صدر آصف علی زرداری یورپ گئے ہیں اور مبینہ طور پر بلاول کی شادی کے سلسلے میں خاندان سے ملاقات اور تاریخ طے کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن یہی وہ مقام ہے جہاں خبر اور قیاس آرائی الگ ہوجاتی ہیں۔

اب سوال یہ کیا آصف علی زرداری واقعی لیختن شٹائن گئے؟ اس بارے میں سرکاری طور پر جو بات سامنے آئی وہ یہ ہے کہ 27 اگست کو ایوانِ صدر نے بتایا کہ صدر آصف علی زرداری نجی دورے پر بیرون ملک روانہ ہوئے۔ لیکن ایوانِ صدر نے یہ نہیں بتایا کہ وہ کس ملک گئے۔ بعد میں شادی کی افواہوں میں دعویٰ کیا گیا کہ صدر زرداری لیختن شٹائن پہنچے ہیں۔ دوسرا اہم سوال کیا بلاول خود لیختن شٹائن گئے ہیں؟ اس وقت دستیاب سرکاری سفارتی ریکارڈ میں بلاول بھٹو زرداری کے لیختن شٹائن کے دورے کا کوئی مستند ریکارڈ نہیں ملتا۔ بلاول نے 2022 میں ڈیووس میں آسٹریا کے وزیرِ خارجہ الیگزینڈر شالن برگ سے ملاقات کی تھی۔ پاکستان کی وزارت خارجہ کے سرکاری ریکارڈ میں اس ملاقات کی تفصیل موجود ہے مگر اس ملاقات میں گلوریا وان ہابسبرگ یا ہابسبرگ خاندان کا کوئی ذکر موجود نہیں۔ تیسرا اہم سوال کیا بلاول اور گلوریا کی کسی تیسرے ملک میں ملاقات ہوئی؟ یہ وہ سوال ہے جس کا جواب افواہ کے لیے سب سے زیادہ اہم ہے۔ دستیاب عوامی، سفارتی اور سرکاری ریکارڈ میں بلاول بھٹو زرداری اور گلوریا وان ہابسبرگ کی کسی ملاقات کا قابلِ اعتماد ثبوت سامنے نہیں آیا نہ کوئی مشترکہ سرکاری تقریب سامنے آئی، نہ کسی سفارتی ملاقات کا ریکارڈ، نہ کسی خاندانی تقریب میں دونوں کی موجودگی کی معتبر رپورٹ موجود ہے۔ اس لیے یہ کہنا کہ دونوں کی ملاقات ہوچکی ہے یا دونوں خاندانوں میں باقاعدہ رشتہ طے ہوچکا ہے، اس وقت دستیاب شواہد سے ثابت نہیں ہوتا۔ پھر افواہ میں لیختن شٹائن کیوں آیا؟ ممکن ہے کہ افواہ کی بنیاد کئی الگ الگ حقیقی معلومات کے ملنے سے بنی ہو۔ ممکن ہے سوشل میڈیا پر ان مختلف حقائق کو جوڑ کر ایک ایسی کہانی تشکیل دی گئی ہو جس کا آخری حصہ ابھی تک ثابت نہیں ہوا۔ سب سے اہم حقیقت یہ ہے کہ خود پیپلز پارٹی نے تردید کردی۔ اس پوری کہانی کا سب سے معتبر موجودہ جواب خود بلاول کے ترجمان کی طرف سے آیا ہے۔ 29 اگست 2026 کو مرتضیٰ وہاب نے کہا بلاول کی منگنی یا شادی سے متعلق خبر غلط اور بے بنیاد ہے۔ یہ اس وقت اس معاملے کی سب سے اہم اور براہ راست تردید ہے۔

لہٰذا اس وقت گلوریا وان ہابسبرگ کو بلاول بھٹو کی ہونے والی دلہن کہنا درست صحافتی طرزِ عمل نہیں ہوگا۔ درست بات صرف اتنی ہے کہ سوشل میڈیا کی ایک افواہ نے بلاول بھٹو، لیختن شٹائن اور ہابسبرگ خاندان کو ایک ہی کہانی میں جوڑ دیا، لیکن اس کہانی کا سب سے اہم دعویٰ یعنی شادی یا منگنی ابھی تک ثابت نہیں ہوا۔ سوشل میڈیا کے دور میں شاید یہی فرق سب سے اہم ہے کہ ہر دلچسپ کہانی خبر نہیں ہوتی، ہر ذرائع کی اطلاع حقیقت نہیں ہوتی اور ہر حقیقی کردار کو جوڑ کر بنائی گئی کہانی بھی لازماً حقیقی نہیں ہوتی۔ آخرکار صحافت کا کمال کسی دلچسپ کہانی کو سنسنی خیز بنانا نہیں، بلکہ افواہ اور حقیقت کے درمیان لکیر واضح کرنا ہے۔ عوام کو خبر کا حق ہے مگر کسی کی نجی زندگی کو قیاس آرائی کی نذر کرنا صحافت نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری کی شادی سے متعلق یہ قصہ بھی فی الحال اسی لکیر کے دوسری طرف کھڑا ہے۔ جب تک متعلقہ خاندان خود تصدیق نہ کرے، اسے خبر نہیں بلکہ ایک غیر مصدقہ افواہ ہی سمجھا جانا چاہیے۔

قومیں نعروں سے نہیں، کردار سے بنتی ہیں

سلیقہ گفتار
محمد ذیشان اکرم
Email:zeeshanleghari65@gmail.com

قومیں صرف زمین کے ایک ٹکڑے پر آباد انسانوں کا ہجوم نہیں ہوتیں۔ قوم ایک مشترک شعور، اجتماعی حافظے، تہذیبی اقدار اور اخلاقی رویّوں کا نام ہے۔ جغرافیہ سرحدیں متعین کرسکتا ہے، مگر کردار قوم کی شناخت بناتا ہے۔ نقشے پر کھینچی ہوئی لکیریں کسی خطے کو ملک تو بنا سکتی ہیں، لیکن اسے ایک زندہ اور باوقار قوم بنانے کے لیے ایسے اجتماعی شعور کی ضرورت ہوتی ہے جو افراد کو مشترک مقصد سے جوڑ سکے۔ ہم اپنے قومی مسائل پر بہت گفتگو کرتے ہیں۔ معیشت، تعلیم، صحت، بے روزگاری اور اداروں کی کمزور کارکردگی ہماری بحث کا حصہ ہیں۔ ہر شخص کے پاس اصلاح کا ایک نقشہ اور تبدیلی کا ایک مطالبہ ہے، مگر اس شور میں ایک خاموش سوال کہیں پیچھے رہ جاتا ہے: جس معاشرے کو ہم بدلنا چاہتے ہیں، اس کی تشکیل میں ہمارا اپنا کردار کیا ہے؟ ہم تبدیلی چاہتے ہیں، مگر اکثر اس کا آغاز اپنے آپ سے نہیں بلکہ دوسرے سے چاہتے ہیں۔ ہمیں کرپشن دکھائی دیتی ہے مگر معمولی بددیانتی نہیں؛ ناانصافی پر دکھ ہوتا ہے مگر اپنے مفاد کے لیے کسی دوسرے کا حق دبانا نظر نہیں آتا؛ میرٹ کی پامالی پر اعتراض ہوتا ہے مگر اپنے عزیز کے لیے اصول بدلنے میں قباحت محسوس نہیں ہوتی۔ شاید قومی زوال کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ ہم نے معاشرے کو دیکھنے کے لیے بڑی بڑی دوربینیں تو بنالی ہیں، مگر اپنے اندر جھانکنے کے لیے آئینہ چھوٹا کرلیا ہے۔ معاشرہ دراصل افراد کے رویّوں کا وسیع تر عکس ہوتا ہے۔ اگر شہری قانون کو صرف اس وقت تک قانون سمجھیں جب تک وہ ان کے مفاد میں ہو، اگر ذمہ داری دوسروں کے لیے اور حق اپنے لیے مخصوص سمجھا جائے، اور اگر اجتماعی مفاد ذاتی فائدے کے سامنے بار بار شکست کھاتا رہے تو مسئلہ صرف نظام کا نہیں رہتا، اجتماعی کردار کا بھی بن جاتا ہے۔ ہم نے قومی زندگی میں ''حق'' کا لفظ بہت بلند کر دیا ہے اور ''فرض'' کا لفظ بہت دھیمی آواز میں بولنا شروع کر دیا ہے۔ ہر شخص اپنے حقوق کا محافظ ہے، مگر دوسروں کے حقوق کی حفاظت کے لیے کم ہی آمادہ ہوتا ہے۔ شہری شعور کی تکمیل اسی وقت ہوتی ہے جب انسان اپنے حق اور دوسرے کے حق کے درمیان ایک اخلاقی رشتہ قائم کرنا سیکھے۔ قومیں اس وقت مضبوط ہوتی ہیں جب ان کے افراد کو صرف یہ معلوم نہ ہو کہ انہیں کیا ملنا چاہیے، بلکہ یہ بھی معلوم ہو کہ انہیں کیا دینا ہے۔ ہم ترقی یافتہ معاشروں کی سڑکیں، عمارتیں اور سہولتیں دیکھتے ہیں، مگر ان کے پیچھے موجود نظم، قانون پسندی، وقت کی قدر اور اجتماعی ذمہ داری کو اکثر نظرانداز کر دیتے ہیں۔ ہمیں پھل پسند ہے، درخت کی پرورش نہیں؛ سایہ عزیز ہے، مگر پودا لگانے کی زحمت کم ہی گوارا ہے۔ یہی رویہ ہماری قومی زندگی میں بھی دکھائی دیتا ہے۔ ہم بڑے منصوبوں پر فخر کرتے ہیں، لیکن چھوٹی ذمہ داریوں کو غیر اہم سمجھتے ہیں۔ سڑکیں کشادہ ہوں مگر ٹریفک کا شعور نہ ہو، تعلیمی ادارے قائم ہوں مگر علم کے بجائے صرف سند مطلوب ہو، قانون موجود ہو مگر اس پر عمل صرف دوسروں سے مطلوب ہو، شہر خوب صورت ہوں مگر شہری اپنے ہاتھ کا کچرا زمین پر پھینکنے میں کوئی حرج محسوس نہ کرے تو ہمیں سوچنا ہوگا کہ ترقی کی بنیاد کہاں رکھی جارہی ہے؟ تعمیر صرف اینٹ، سیمنٹ اور لوہے سے نہیں ہوتی؛ قوم کی اصل تعمیر انسان کے باطن میں ہوتی ہے۔ اس تعمیر میں تعلیم بنیادی کردار ادا کرتی ہے، مگر تعلیم کو اگر صرف روزگار کے حصول کا ذریعہ بنادیا جائے تو اس کا اخلاقی اور تہذیبی پہلو تشنہ رہ جاتا ہے۔ تعلیم یافتہ انسان وہ نہیں جو صرف معلومات رکھتا ہو بلکہ وہ ہے جو علم کو کردار میں ڈھالنے کا ہنر بھی جانتا ہو۔ ہماری نئی نسل کو بھی محض نصیحت نہیں، زندہ مثال درکار ہے۔ بچے وہ کم سیکھتے ہیں جو ہم انہیں صرف الفاظ میں بتاتے ہیں، اور زیادہ وہ سیکھتے ہیں جو ہمیں کرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ اگر ہم دیانت کا درس دے کر عملی زندگی میں سفارش تلاش کریں، قانون کی پابندی سکھا کر خود قانون توڑیں اور برداشت کی تلقین کرتے ہوئے اختلاف رکھنے والے کو برداشت نہ کریں تو ہماری باتیں ان کے ذہن تک تو پہنچ سکتی ہیں، کردار تک نہیں۔ سوشل میڈیا نے اس صورتِ حال کو ایک نئی جہت بھی دی ہے۔ ایک غیر مصدقہ اطلاع، نامکمل ویڈیو یا جذباتی جملہ چند لمحوں میں ہزاروں لوگوں تک پہنچ سکتا ہے۔ اس لیے اظہار کی آزادی کے ساتھ اظہار کی ذمہ داری بھی ضروری ہے۔ ہمیں بولنے سے پہلے سوچنے، لکھنے سے پہلے پرکھنے اور شیئر کرنے سے پہلے ٹھہرنے کی عادت پیدا کرنا ہوگی۔ اسی طرح کسی معاشرے کی پختگی کا اندازہ اس بات سے بھی ہوتا ہے کہ وہاں اختلاف رکھنے والے انسان کے لیے کتنی جگہ باقی ہے۔ اختلاف فکر کا حسن ہے، مگر عدمِ برداشت فکر کی موت۔ اگر ہر مختلف رائے کو اپنی ذات کے خلاف حملہ سمجھ لیا جائے تو مکالمہ ختم ہوجاتا ہے، اور جب مکالمہ ختم ہوتا ہے تو معاشرہ دلیل کے بجائے شور سے چلنے لگتا ہے۔ وطن سے محبت بھی محض جذبات یا نعروں کا نام نہیں۔ اس کا معتبر اظہار ذمہ داری ہے۔ اپنے کام کو دیانت سے انجام دینا، دوسرے کے حق کا احترام کرنا، کمزور کے لیے آسانی پیدا کرنا، قانون کی پاسداری کرنا اور آنے والی نسلوں کے لیے بہتر معاشرہ چھوڑنے کی کوشش کرنا بھی حب الوطنی کی عملی صورتیں ہیں۔ قومیں ایک دن میں نہیں بنتیں اور نہ ایک دن میں بگڑتی ہیں۔ ان کے عروج وزوال کے پیچھے برسوں کے رویّے، ترجیحات، فیصلے اور خاموش سمجھوتے کارفرما ہوتے ہیں۔ ایک استاد کا دیانت دار ہونا، ایک طالب علم کا نقل سے انکار، ایک افسر کا اصول پر قائم رہنا، ایک دکاندار کا ناپ تول میں انصاف کرنا اور ایک شہری کا قانون کا احترام کرنا بظاہر معمولی واقعات ہیں، مگر انہی معمولی رویّوں سے قومی کردار کی بڑی تصویر بنتی ہے۔ ہم اکثر کسی بڑے مصلح، غیر معمولی رہنما یا عظیم فیصلے کے منتظر رہتے ہیں، شاید اس لیے کہ اپنی ذمہ داری کا بوجھ کسی ایک بڑے کندھے پر رکھ دینا آسان محسوس ہوتا ہے۔ مگر قومیں صرف عظیم شخصیات سے نہیں بنتیں؛ عظیم معاشرے عام لوگوں کے غیر معمولی کردار سے بنتے ہیں۔ اس لیے تبدیلی کا سوال کسی ایک ادارے یا طبقے سے نہیں بلکہ ہر فرد سے ہے۔ ہمیں یہ پوچھنے کے ساتھ کہ ملک ہمارے لیے کیا کر رہا ہے، یہ بھی پوچھنا ہوگا کہ ہم ملک کے لیے کیا کر رہے ہیں؟ کیونکہ ریاست کا چہرہ آخرکار شہری کے کردار ہی میں دکھائی دیتا ہے۔ ہمیں ایسے پاکستان کی ضرورت ہے جہاں قومی جذبہ صرف تقریروں میں نہیں بلکہ معمولاتِ زندگی میں سانس لیتا ہو؛ جہاں قانون کتابوں کے ساتھ رویّوں میں بھی دکھائی دے؛ جہاں تعلیم ڈگری سے آگے بڑھ کر کردار بنائے؛ جہاں اختلاف دشمنی نہ بنے؛ اور جہاں ترقی کا خواب صرف نئی عمارتوں کا نہیں بلکہ نئے انسان کا خواب ہو۔ شاید ہمیں آج کسی نئے نعرے سے زیادہ ایک نئے شعور کی ضرورت ہے۔ ایسا شعور جو انسان کو ہجوم سے شہری، شہری کو ذمہ دار فرد اور ذمہ دار فرد کو قوم کا فعال حصہ بنا سکے۔ تبدیلی کا سفر کسی دور کے ایوان سے نہیں، ہمارے اپنے اندر سے شروع ہوتا ہے۔ آخرکار قوموں کی اصل طاقت ان کے وسائل، عمارتوں یا نعروں میں نہیں، ان کے کردار میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ وسائل ختم ہو سکتے ہیں، عمارتیں گر سکتی ہیں اور نعرے وقت کے ساتھ خاموش پڑ سکتے ہیں، مگر کردار نسلوں تک سفر کرتا ہے۔ قومیں نعروں سے بیدار ضرور ہوتی ہیں، مگر ان کی تعمیر کردار سے ہوتی ہے۔

عورت کو نقصان پہنچانا ناقابل قبول ہے


قلمِ حق
انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

پاکستان میں حالیہ دنوں میں خواتین کے قتل اور اُن کے خلاف تشدد کے کئی افسوسناک واقعات سامنے آئے ہیں، جن میں بعض خواتین کو اُن ہی کے قریبی رشتے داروں نے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ یہ واقعات صرف چند خاندانوں کا ذاتی معاملہ نہیں بلکہ ہمارے معاشرے کے اُس تاریک پہلو کی نشاندہی کرتے ہیں جہاں عورت کی زندگی، عزت، آزادی اور فیصلوں کے حق کو بعض اوقات مردانہ اختیار کے تابع سمجھ لیا جاتا ہے۔

خواتین کے خلاف تشدد پاکستان میں کوئی نیا مسئلہ نہیں۔ گھریلو تشدد، جسمانی تشدد، جبری شادی، غیرت کے نام پر قتل، تیزاب گردی، ہراسانی اور دیگر جرائم کے واقعات وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہتے ہیں۔ سب سے تشویش ناک پہلو یہ ہے کہ کئی معاملات میں تشدد کرنے والا کوئی اجنبی نہیں بلکہ شوہر، بھائی، باپ، بیٹا یا کوئی دوسرا قریبی رشتہ دار ہوتا ہے، جس سے عورت تحفظ کی توقع رکھتی ہے۔

سوال یہ ہے کہ آخر بعض مردوں کے لیے اپنے ہی گھر کی عورت پر ہاتھ اٹھانا یا اُس کی جان لینا بظاہر اتنا آسان کیوں محسوس ہوتا ہے؟ اس سوال کا جواب کسی ایک وجہ میں تلاش نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے پیچھے صدیوں سے چلی آنے والی بعض سماجی سوچ، طاقت کا غیر مساوی توازن، غلط خاندانی روایات، جذباتی عدم برداشت، معاشی انحصار، قانون کے کمزور نفاذ اور معاشرتی خاموشی جیسے کئی عوامل کارفرما ہوسکتے ہیں۔

ہمارے معاشرے کے بعض حصوں میں مرد کو خاندان کا سربراہ ہونے کا مطلب یہ سمجھا دیا جاتا ہے کہ اُسے عورت کی زندگی کے تقریباً ہر معاملے پر فیصلہ کرنے کا حق حاصل ہے۔ اختلاف کی صورت میں بعض مرد دلیل، گفتگو اور برداشت کے بجائے غصے، دھمکی یا تشدد کو اختیار کرتے ہیں۔ جب ایسی سوچ نسل در نسل منتقل ہو تو تشدد کو غلط سمجھنے کے بجائے اسے اختیار اور کنٹرول کے ایک ذریعے کے طور پر دیکھا جانے لگتا ہے۔

گھریلو تشدد کا ایک خطرناک پہلو یہ بھی ہے کہ اکثر ابتدائی علامات کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا۔ گالی دینا، دھمکانا، مسلسل نگرانی کرنا، موبائل فون چیک کرنا، گھر سے باہر جانے پر پابندی لگانا، مالی معاملات پر مکمل کنٹرول رکھنا یا معمولی اختلاف پر مارپیٹ کرنا بعض اوقات بڑے سانحے سے پہلے کی نشانیاں ہوتی ہیں۔ اگر خاندان اور معاشرہ ان رویوں کو ابتدا ہی میں روکنے کی کوشش کریں تو کئی بڑے جرائم کو روکا جاسکتا ہے۔

بعض اوقات عورت کو یہ باور کرایا جاتا ہے کہ شوہر یا خاندان کے کسی مرد کی ناراضگی برداشت کرنا ہی اُس کی ذمہ داری ہے۔ اسے خاموش رہنے، ظلم سہنے اور خاندان کی عزت کے نام پر ہر تکلیف چھپانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ یہی خاموشی تشدد کرنے والے شخص کو مزید حوصلہ دے سکتی ہے، کیونکہ اسے معلوم ہوتا ہے کہ متاثرہ عورت شاید سماجی دباؤ کے باعث آواز نہیں اٹھائے گی۔

''گھر کی بات گھر میں رکھو'' کا تصور اُس وقت خطرناک بن جاتا ہے جب گھر کے اندر کسی انسان کی جان، عزت یا بنیادی حقوق خطرے میں ہوں۔ خاندان کے معاملات میں رازداری اپنی جگہ اہم ہے، لیکن قتل، شدید تشدد اور مسلسل ظلم کو محض خاندانی مسئلہ قرار دے کر چھپا دینا کسی صورت درست نہیں۔ جرم کو جرم سمجھنا اور متاثرہ شخص کو تحفظ فراہم کرنا معاشرے کی ذمہ داری ہے۔

غیرت کے نام پر قتل بھی اسی ذہنی رویے کی ایک انتہائی شکل ہے جس میں عورت کے فیصلوں، تعلقات یا کردار کو خاندان کی نام نہاد عزت سے جوڑ دیا جاتا ہے۔ بعض افراد یہ سمجھتے ہیں کہ انہیں کسی عورت کی زندگی یا موت کا فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عزت کسی انسان کو قتل کرنے کا جواز نہیں بن سکتی، اور نہ ہی کوئی خاندانی روایت قانون اور انسانی جان سے بالاتر ہوسکتی ہے۔

اسلامی تعلیمات بھی انسانی جان کی حرمت پر غیر معمولی زور دیتی ہیں۔ کسی بے گناہ انسان کی جان لینا انتہائی سنگین جرم ہے۔ خواتین کے ساتھ حسنِ سلوک، انصاف اور احترام کی تعلیمات بھی اسلامی معاشرت کا بنیادی حصہ ہیں۔ اس لیے مذہب کے نام پر عورت پر ظلم یا قتل کا جواز تلاش کرنا نہ صرف اخلاقی طور پر ناقابل قبول ہے بلکہ اسلامی اصولوں کی روح کے بھی خلاف ہے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ خواتین کے خلاف ہر جرم کو صرف ''مرد بمقابلہ عورت'' کے مسئلے کے طور پر نہ دیکھا جائے۔ اصل مسئلہ ظلم، طاقت کے غلط استعمال اور انسانی حقوق کی پامالی ہے۔ ایک مہذب معاشرے میں طاقتور شخص کمزور کو دبانے کے بجائے اُس کی حفاظت کرتا ہے، اور گھر وہ مقام ہونا چاہیے جہاں انسان خود کو سب سے زیادہ محفوظ محسوس کرے۔

خواتین کے قتل کے واقعات میں ایک اور اہم مسئلہ یہ ہے کہ بعض اوقات متاثرہ عورت پہلے ہی کسی نہ کسی شکل میں خطرے کی نشاندہی کر چکی ہوتی ہے۔ اُس نے رشتہ داروں، پڑوسیوں یا کسی ادارے کو اپنی پریشانی سے آگاہ کیا ہوتا ہے، لیکن اُس کی شکایت کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا۔ جب تک شکایت کو محض گھریلو جھگڑا سمجھا جاتا رہے گا، خطرناک حالات مزید سنگین ہوسکتے ہیں۔

اس سلسلے میں پولیس اور متعلقہ اداروں کا کردار انتہائی اہم ہے۔ خواتین کی جانب سے تشدد، دھمکی یا جان کے خطرے کی شکایت سامنے آئے تو اسے معمولی گھریلو تنازع سمجھنے کے بجائے خطرے کی سطح کو سمجھنا ضروری ہے۔ بروقت قانونی کارروائی، حفاظتی اقدامات اور متاثرہ فرد کو مناسب مدد فراہم کرنا کئی قیمتی جانیں بچا سکتا ہے۔

عدالتی نظام کی رفتار اور انصاف کی فراہمی بھی عوام کے اعتماد سے براہ راست جڑی ہوئی ہے۔ اگر کسی جرم کے بعد متاثرہ خاندان کو طویل عرصے تک انصاف کا انتظار کرنا پڑے یا ملزم قانونی پیچیدگیوں کے باعث آسانی سے بچ نکلے تو معاشرے میں قانون کے خوف میں کمی آ سکتی ہے۔ مؤثر تفتیش، مضبوط استغاثہ اور شفاف عدالتی عمل جرائم کی روک تھام کے لیے ناگزیر ہیں۔

تاہم صرف سخت سزاؤں کا اعلان مسئلے کا مکمل حل نہیں۔ قانون کا خوف ضروری ہے لیکن اُس کے ساتھ معاشرتی تربیت بھی ضروری ہے۔ بچوں کو کم عمری ہی سے یہ سکھانا ہوگا کہ غصہ تشدد کا جواز نہیں، اختلاف دشمنی نہیں اور عورت کسی مرد کی ملکیت نہیں۔ اسی طرح لڑکوں کی تربیت میں احترام، برداشت، ذمہ داری اور جذبات پر قابو پانے کو خصوصی اہمیت دینا ہوگی۔

تعلیمی ادارے بھی اس حوالے سے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ نصاب اور تربیتی سرگرمیوں کے ذریعے نوجوانوں کو صحت مند خاندانی تعلقات، باہمی احترام، تنازعات کے پُرامن حل اور انسانی حقوق کے بارے میں آگاہ کیا جاسکتا ہے۔ اگر نئی نسل کو یہ شعور دیا جائے کہ طاقت کا اصل مطلب دوسروں کو دبانا نہیں بلکہ ذمہ داری اٹھانا ہے تو معاشرے میں مثبت تبدیلی کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔

معاشی انحصار بھی بعض خواتین کو تشدد برداشت کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ اگر ایک عورت مکمل طور پر کسی دوسرے فرد پر مالی طور پر منحصر ہو اور اُس کے پاس محفوظ رہائش، آمدنی یا قانونی مدد کا کوئی ذریعہ نہ ہو تو ظالم رشتے دار کے خلاف آواز اٹھانا اُس کے لیے مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ خواتین کے لیے تعلیم، ہنر اور باعزت روزگار کے مواقع اس مسئلے کے حل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

لیکن یہ بات بھی واضح رہنی چاہیے کہ کسی عورت کا مالی طور پر خودمختار نہ ہونا اُسے تشدد برداشت کرنے کا پابند نہیں بناتا۔ ظلم کی ذمہ داری ہمیشہ ظالم پر ہوتی ہے۔ معاشرے کو متاثرہ عورت سے یہ سوال نہیں کرنا چاہیے کہ اُس نے ظلم کیوں برداشت کیا، بلکہ یہ پوچھنا چاہیے کہ ظالم کو ظلم کرنے کی اجازت یا حوصلہ کہاں سے ملا۔ میڈیا بھی خواتین کے خلاف جرائم کی رپورٹنگ میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرے۔ سنسنی خیزی، متاثرہ خاتون کے کردار پر غیر ضروری بحث اور ایسے الفاظ جن سے مجرم کے عمل کو کسی حد تک جواز ملتا ہو، مسئلے کو مزید پیچیدہ بنا سکتے ہیں۔ میڈیا کا کام صرف واقعہ بیان کرنا نہیں بلکہ عوامی شعور پیدا کرنا اور نظام کی خامیوں کی نشاندہی کرنا بھی ہے۔

سوشل میڈیا کے دور میں معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری بھی بڑھ گئی ہے۔ کسی واقعے کی غیر مصدقہ تفصیل پھیلانے، متاثرہ خاندان کی نجی معلومات عام کرنے یا خواتین کو موردِ الزام ٹھہرانے کے بجائے لوگوں کو ذمہ داری اور حساسیت کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اگر کسی شخص کو معلوم ہو کہ کوئی عورت شدید خطرے میں ہے تو خاموش رہنے کے بجائے مناسب قانونی اور حفاظتی اداروں سے رابطہ کرنا زیادہ ضروری ہے۔

خاندان اس مسئلے کے حل میں سب سے اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ والدین کو بیٹوں اور بیٹیوں دونوں کی تربیت یکساں احترام اور ذمہ داری کے ساتھ کرنی چاہیے۔ بیٹے کو یہ سکھانا ضروری ہے کہ بہن، بیوی، بیٹی یا ماں اُس کی ملکیت نہیں بلکہ اپنی مکمل انسانی حیثیت رکھنے والی شخصیت ہیں۔ اسی طرح بیٹی کو بھی اپنے بنیادی حقوق، عزت اور تحفظ کے بارے میں آگاہ ہونا چاہیے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ علماء، اساتذہ، سماجی رہنما اور سیاسی قیادت خواتین کے خلاف تشدد کے مسئلے پر واضح اور دوٹوک مؤقف اختیار کریں۔ جب معاشرے کے بااثر افراد کھل کر یہ کہیں گے کہ گھریلو تشدد، غیرت کے نام پر قتل اور عورت کو نقصان پہنچانا ناقابل قبول ہے تو اس سے اجتماعی سوچ پر اثر پڑے گا۔ خاموشی بعض اوقات ظالم کے لیے غیر محسوس حمایت بن جاتی ہے۔ ہر قتل کے بعد چند دن تک افسوس، مذمت اور سوشل میڈیا پر بحث جاری رہتی ہے، لیکن اصل امتحان اُس کے بعد شروع ہوتا ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ایسے واقعات دوبارہ کیوں ہوتے ہیں، پہلے سے موجود خطرے کی علامات کیوں نظرانداز ہوتی ہیں اور متاثرہ افراد تک بروقت مدد کیوں نہیں پہنچتی۔ مستقل اصلاح کے بغیر صرف وقتی غم اور مذمت معاشرے کو محفوظ نہیں بنا سکتے۔

پاکستان میں خواتین کے تحفظ کے لیے قانون سازی کے ساتھ ساتھ قانون پر مؤثر عمل درآمد، پولیس کی تربیت، محفوظ شکایتی نظام، فوری قانونی معاونت، پناہ گاہوں اور سماجی معاونت کے مؤثر نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ اسی طرح خاندانوں اور برادریوں کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ کسی عورت کی جان بچانا خاندان کی بدنامی نہیں بلکہ انسانیت، قانون اور اخلاق کی حفاظت ہے۔ یہ مسئلہ صرف خواتین کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا مسئلہ ہے۔ جس گھر میں ایک عورت خوف کے ساتھ زندگی گزارتی ہے، وہاں آنے والی نسلیں بھی خوف، غصے اور عدم برداشت کا شکار ہوسکتی ہیں۔ ہمیں ایسا معاشرہ بنانا ہوگا جہاں رشتے اختیار اور خوف کی بنیاد پر نہیں بلکہ محبت، احترام، انصاف اور اعتماد کی بنیاد پر قائم ہوں۔ کسی عورت کو اپنے ہی گھر میں اپنی جان کے خوف سے زندگی نہ گزارنی پڑے، یہی ایک مہذب، محفوظ اور ذمہ دار معاشرے کی اصل پہچان ہونی چاہیے۔

انسانی خدمت


مَرجع
امتیاز یٰسین

برطانوی شہزادی لیڈی ڈیانا کا شاہی خاندان کی روایتی رسمی سرگرمیوں کو توڑتے ہوئے عوام سے قربت، انسانی ہمدردی، بچوں، جنگی متاثرین، خیراتی اداروں کی سرپرستی، طبی و ذہنی صحت کے مسائل، بارودی سرنگوں کے خلاف مہم، کینسر ایڈز جیسے موذی مرض پر قابل ذکر کردار ادا کرنے پر انہیں عوامی سطح پر شہزادی عوام کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ ویلز کی شہزادی کی اکتیس اگست 1997 میں حادثاتی وفات کے بعد ان کی نمایاں انسانی خدمت کے طور پر اس وقت کے برطانوی وزیر اعظم ٹونی بلیئر نے انہیں The people, prince قرار دیا۔ لیڈی ڈیانا برطانیہ کے موجودہ بادشاہ چارلس سوئم کی پہلی بیوی تھیں اور ان کی شادی 29 جولائی 1981 میں ہوئی۔ وہ پیرس کے رٹز ہوٹل میں اپنے ساتھی دودی الفایڈ کے ساتھ رات بارہ بجے کے بعد کھانا کھا کر روانہ ہوئی۔ تیز رفتاری سے ان کی مرسڈیز گاڑی سرنگ میں ایک ستون سے زوردار دھماکہ سے جاٹکرائی۔ جس سے ان کے دوست دودی اور ڈرائیور ہنری موقع پر جاں بحق جبکہ لیڈی ڈیانا صبح چار بجے کے قریب زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئیں۔ برطانوی و فرانسیسی تحقیقات کے مطابق حادثہ کے محرکات میں گاڑی کی تیز رفتاری کے باعث کنٹرول نہ ہونا، فوٹو گرافروں کا گاڑی کا پیچھا کرنا، ڈرائیور کے خون میں الکوحل کا ثابت ہونا جیسے عوامل کو قرار دیا گیا۔ لیڈی دیانا نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں نمایاں عوامی خدمات سرانجام دیں۔ انہوں نے پاکستان کے تین دورے 1991,96, 7 کئے۔ انہوں نے شوکت خان ہسپتال کی فنڈ ریزنگ، کینسر کے مریضوں، خصوصی بچوں کی دلجوئی صحت کے اداروں کا دورہ بھی کیا۔ انوں کے شاہی پروٹوکول سے آگے بڑھ کر عام انسانوں، دکھی انسانیت کے ساتھ قربت، ہمدردی اور اپنائیت کا عملی مظاہرہ کیا۔ شاہی خاندان کے سرکاری ریکارڈ کے مطابق وہ سوئٹزرلینڈ، اسپین، اٹلی، بھارت، برازیل، نیپال، پاکستان، نائجیریا، آسٹریلیا [illegible] سمیت متعدد ممالک کے دوروں میں فلاحی و انسانی سرگرمیوں میں وابستہ رہیں۔ شاہی ریکارڈ کے مطابق وہ سو سے زیادہ خیراتی اداروں کی صدر یا سرپرست تھیں۔ انہوں نے اپنی عالمی شہرت کو دکھی اور ضرورت مند انسانوں کی خدمت کا ذریعہ بنایا۔ گو لیڈی ڈیا مذہب کے اعتبار سے ایک مسیحی تھی لیکن ان کی شخصیت شاہی حیثیت یا مذہب تک محدود نہیں رہی بلکہ مذہب، رنگ نسل سے الا تر نمایاں انسانی فلاح کا استعارہ بن گئی۔ وہ انسانی [illegible] لئے محل سے نکل کر ایک عام انسان کی چھونپڑی تک پہنچی۔ لیڈی ڈیانا کے سر پر شاہی تاج تھا مگر ان کا دل عوام کے دکھوں کا امین تھا۔ انہوں نے شہرت کو نمود نہیں بلکہ خدمت بنایا اور اپنی زندگی کو ان انسانوں کے نام کیا جنہیں دنیا اکثر نظر انداز کر دیتی ہے۔

جینیفر ونگٹ کی گوا میں دیسی شادی، ویڈیوز نے سوشل میڈیا پر دھوم مچادی

بھارتی ٹیلی وژن کی مقبول اداکارہ جینیفر ونگٹ کی شادی کی تقریبات کی نئی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ اداکارہ نے سنگاپور سے تعلق رکھنے والے کاروباری شخصیت ولیم اشائل کے ساتھ بھارتی شہر گوا میں دیسی انداز کی شادی کی تقریبات منعقد کی ہیں۔ جینیفر اور ولیم نے اس سے قبل 16 جولائی کو برطانیہ کے علاقے ویسٹ ویلز میں مسیحی طریقے سے شادی کی تھی۔ اب دونوں نے گوا میں ایک مرتبہ پھر شادی کی تقریبات کا اہتمام کیا، جہاں بھارتی روایات اور رنگا رنگ ماحول نے تقریب کو مزید خاص بنا دیا۔ گوا میں ہونے والی تقریبات کی اندرونی ویڈیوز بھی منظر عام پر آ گئی ہیں۔ ان ویڈیوز میں جینیفر اپنے دوستوں کے ساتھ شادی کی خوشیاں بھرپور انداز میں مناتی ہوئی نظر آتی ہیں اور ان کے چہرے سے خوشی نمایاں ہے۔ ایک ویڈیو میں اداکارہ اپنے شوہر ولیم کو ڈانس کے دوران دیسی انداز میں ٹھمکے لگانے کا طریقہ سکھاتی دکھائی دیتی ہیں۔ بعدازاں دونوں ایک ساتھ رقص کرتے بھی نظر آتے ہیں۔ ایک اور ویڈیو میں جینیفر اپنی قریبی دوست جینیلیا دیشمکھ سے ملاقات کرتی ہیں اور انہیں گلے لگا کر گرمجوشی سے خوش آمدید کہتی ہیں۔ شادی کی یہ جھلکیاں سامنے آنے کے بعد مداحوں کی جانب سے بھی جوڑے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ جینیفر ونگٹ کی یہ دوسری شادی ہے۔ اس سے قبل وہ ٹیلی وژن اداکار کرن سنگھ گروور کے ساتھ ازدواجی رشتے میں تھیں۔ دونوں نومبر 2014 میں ایک دوسرے سے علیحدہ ہو گئے تھے، جبکہ ان کی طلاق کا قانونی عمل 2016 میں مکمل ہوا تھا۔



19 سالہ مس یونیورس انڈیا قاضیہ لز عالمی مقابلہ حسن کے لیے تیار



ابوظہبی میں پرورش پانے والی 19 سالہ قاضیہ لز میجو نے مس یونیورس انڈیا 2026 کا تاج اپنے نام کرنے کے بعد اب عالمی مقابلے میں بھارت کی نمائندگی کے لیے تیاری شروع کر دی ہے۔ قانون کی طالبہ اور ماڈل قاضیہ کی نظریں اب بھارت کے لیے مس یونیورس کا چوتھا تاج جیتنے پر ہیں۔ قاضیہ نے 23 اگست کو جے پور میں منعقدہ شاندار گرینڈ فائنل میں قومی اعزاز حاصل کیا تھا۔ اب وہ نومبر میں پورٹو ریکو میں ہونے والے 75 ویں مس یونیورس مقابلے میں بھارت کی نمائندگی کریں گی۔ اپنے عالمی سفر سے قبل کزایا نے کیرالہ اور بھارت بھر سے ملنے والی حمایت پر اظہارِ تشکر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ بھارت، کیرالہ، اپنی تنظیم، حامیوں اور ٹرینرز کی بے حد شکر گزار ہیں اور ان سب کے لیے یہ موقع بہت خاص ہے۔ ان کے مطابق پوری ٹیم کی کوشش ہے کہ مس یونیورس کا چوتھا تاج بھارت واپس لایا جائے۔ قاضیہ نے عالمی سطح پر بھارت کی نمائندگی کو اپنے لیے محض ایک مقابلہ نہیں بلکہ ذاتی طور پر انتہائی اہم موقع قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ صرف ان کے یا کیرالہ کے لیے نہیں بلکہ پورے بھارت کے لیے بھی ایک خاص موقع ہے۔ انہوں نے کیرالہ کے وزیراعلیٰ وی ڈی ستھیسن سے ہونے والی ملاقات بھی یاد کی۔ قاضیہ کے مطابق انہوں نے مس یونیورس کیرالہ کا ٹائٹل جیتنے کے بعد قومی مقابلے میں حصہ لینے سے پہلے وزیراعلیٰ سے ملاقات کی تھی اور اس وقت بھی انہوں نے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا تھا۔ قاضیہ کا تعلق کیرالہ کے ضلع الاپوزا کے علاقے ماویلی کارا سے ہے، تاہم ان کا بچپن اور لڑکپن کا بڑا حصہ ابوظہبی میں گزرا۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت کے مختلف تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کی، جن میں ایمریٹس نیشنل اسکول، سینٹ جوزف اسکول اور ابوظہبی انڈین اسکول شامل ہیں۔ ابوظہبی کے کثیر الثقافتی ماحول نے بھی ان کی شخصیت اور اعتماد کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ قاضیہ پہلے بھی بتا چکی ہیں کہ مختلف ثقافتوں کے درمیان پرورش پانے نے انہیں بین الاقوامی مقابلے کے لیے تیار ہونے میں مدد دی۔ 19 سال کی عمر میں وہ مس یونیورس انڈیا کا ٹائٹل جیتنے والی پہلی ملیالی بن گئیں۔ جے پور میں ہونے والے قومی فائنل میں انہوں نے 50 سے زائد فائنلسٹس کو پیچھے چھوڑ کر یہ اعزاز حاصل کیا۔ قانون کی تعلیم کے ساتھ قاضیہ ماڈلنگ میں بھی کیریئر بنا رہی ہیں۔ وہ 2025 میں مس ٹین انٹرنیشنل کے مقابلے میں بھارت کی نمائندگی کر چکی ہیں، جہاں انہوں نے فرسٹ رنر اپ کی پوزیشن حاصل کی۔ اس کے بعد انہوں نے مس یونیورس کیرالہ کا ٹائٹل جیتا اور قومی مقابلے تک رسائی حاصل کی۔ اب مس یونیورس انڈیا کا تاج حاصل کرنے کے بعد قاضیہ کی تمام توجہ نومبر میں پورٹو ریکو میں ہونے والے عالمی مقابلے پر ہے، جہاں وہ بھارت کے لیے چوتھا مس یونیورس تاج حاصل کرنے کی کوشش کریں گی۔

MISS UNIVERSE - INDIA

کترینہ کیف کے بڑھتے وزن پر تنقید

بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف ایک بار پھر سوشل میڈیا پر زیرِ بحث ہیں، تاہم اس بار وجہ ان کا کوئی نیا پراجیکٹ نہیں بلکہ بچے کی پیدائش کے بعد ان کی ظاہری شکل پر ہونے والے تبصرے ہیں۔ اداکار ریتک روشن نے کترینہ کے دفاع میں شیئر کی گئی ایک پوسٹ کو لائک کر کے ان کے حق میں اپنی حمایت کا اظہار کیا ہے۔ کترینہ کیف 14 ستمبر کو اپنے شوہر اور اداکار وکی کوشل کے ساتھ بھارت کے معروف کاروباری امبانی خاندان کی جانب سے منعقدہ گنیش چترتھی کی تقریب میں شریک ہوئی تھیں۔ تقریب کی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوئیں، جن پر صارفین کی جانب سے مختلف تبصرے بھی کیے گئے۔ کچھ سوشل میڈیا صارفین نے اداکارہ کے وزن اور حلیے کو تنقید کا نشانہ بنایا اور موجودہ تصاویر کا موازنہ ان کی پرانی تصاویر سے کیا۔ اس ردعمل کے بعد انسٹاگرام اکاؤنٹ 'سٹوری سیلر کا مکس' چلانے والے ہرش ویر جین نے کترینہ کی حمایت میں دو سلائیڈز پر مشتمل ایک پوسٹ شیئر کی۔

بقیہ سحر 1

برادری کے اتحاد، مثبت صحافت کے فروغ اور عوام کی ترجمانی کے لیے مل کر چلنے پر اتفاق کرتے ہوئے آگے بڑھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 2

داری اور محنت کے ساتھ سرانجام دیں گے تاکہ لائیو سٹاک کے شعبے اور بالخصوص فارمرز کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔ ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر حق نواز علی نے تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور محکمے کی جانب سے ملازمین کی فلاح و بہبود اور سروس ڈیلیوری کو مزید فعال بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ سحر 3

نام سے ہوئی۔ ریسکیو 1122 حکام کے مطابق دونوں حادثات میں امدادی ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے متاثرین کو طبی امداد اور ہسپتال منتقلی کی سہولت فراہم کی۔

بقیہ سحر 4

افراد نے مبارکباد دی، فون کالز، پیغامات اور ملاقاتوں کے ذریعے نیک خواہشات کا اظہار کیا، وہ ان کے لیے کسی قیمتی اثاثے سے کم نہیں انہوں نے کہا کہ وہ ہر فرد کا انفرادی طور پر شکریہ ادا کرنے کے خواہاں ہیں، جنہوں نے ان کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا اور اپنی دعاؤں میں یاد رکھا ملک شاہ بہرام مون نے کہا کہ یہ کامیابی صرف ان کی ذات کی کامیابی نہیں بلکہ ان تمام دوستوں، ساتھیوں، تاجروں، صنعتکاروں اور خیر خواہوں کی محبت اور اعتماد کا ثمر ہے جنہوں نے انتخابی عمل کے دوران ان کی حوصلہ افزائی کیں انہوں نے کہا کہ کامیابی کے بعد ان کی ذمہ داری پہلے سے بڑھ گئی ہے اور وہ اپنے منصب کو محض اعزاز نہیں بلکہ خدمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کاروباری برادری کے مسائل، صنعت و تجارت کے فروغ اور تاجروں کے جائز مطالبات کو اجاگر کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے ان کا کہنا تھا کہ دیپالپور جیسے علاقوں سے تعلق رکھنے والے کاروباری افراد اور تاجروں کو درپیش مسائل اور ان کے لیے دستیاب کاروباری مواقع کو بھی متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنے کی کوشش کی جائے گی ملک شاہ بہرام مون نے مزید کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ایک اہم تجارتی پلیٹ فارم ہے جہاں ملک کی کاروباری اور صنعتی برادری کی نمائندگی ہوتی ہے۔ وہ اپنی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں ادا کرنے کے ساتھ ساتھ باہمی مشاورت، رابطے اور مثبت کردار کے ذریعے کاروباری طبقے کے لیے کام کرنے کی کوشش کریں گیانہوں نے کہا کہ دیپالپور کی مٹی، یہاں کے لوگوں کی محبت اور اعتماد ان کے لیے ہمیشہ باعثِ فخر رہے ہیں۔ اہلیانِ دیپالپور کی جانب سے ملنے والی محبت کو وہ کبھی فراموش نہیں کریں گے اور مستقبل میں بھی اپنے شہر اور علاقے کے لوگوں کے ساتھ اپنے رابطے اور تعلق کو مزید مضبوط بنانے کی کوشش جاری رکھیں گیآخر میں ملک شاہ بہرام مون نے ایک مرتبہ پھر تمام دوستوں، عزیز و اقارب، تاجروں، صنعتکاروں، سیاسی و سماجی شخصیات، وکلاء ؒ، صحافیوں اور بالخصوص اہلیانِ دیپالپور کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی محبت، اعتماد، دعائیں اور نیک خواہشات میرے لیے قیمتی سرمایہ ہیں، جنہیں میں ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھوں گا۔

بقیہ سحر 5

دی ہے اس کے لیے میں بھی کچھ کروں اسی خدمت کے جذبے کے تحت کام کر رہا ہوں

ابتدائی طور پر ایک ہزار بچے اور بچیوں کا داخلہ ضروری ہے اگر مقررہ وقت تک یہ داخلہ ممکن نہ ہو سکا تو خدانخواستہ یہ سکول بصیر پور بھی شفٹ ہو سکتا ہے

اس لیے شہر اور علاقے کے ہزاروں والدین سے ہماری گزارش ہے کہ اپنے بچوں کا مستقبل بہتر بنانے کے لیے آج ہی اپنے بچوں/بچیوں کا نواز شریف سکول میں داخلہ کرائیں

پریپ سے ارٹیفلش انٹیلیجنس کی تعلیم شروع کی جائے گی لہذا بغیر کسی تاخیر کے اپنے بچوں/بچیوں کا داخلہ نواز شریف سکول میں کرائیں اور اپنے بچوں/بچیوں۔ کا مستقبل محفوظ بنائیں

بقیہ سحر 6

زوجہ فیاض مسیح، عمر تقریباً 30 سال، 24 ستمبر 2026 کو گھر سے باہر گئی تھی جو تاحال واپس نہیں آئی اطلاع ملتے ہی تھانہ بڈیانہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کیا اور لاپتہ خاتون کی تلاش شروع کر دی۔ ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو اور پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی اور سی ڈی آر کی مدد سے چند گھنٹوں میں عظمیٰ کو سیالکوٹ سے ٹریس کر لیا۔ پولیس کے مطابق عظمیٰ اپنے کزن مسمیٰ سٹیفن کے ہمراہ سیالکوٹ کرسچن کمیونٹی کے ایک فنکشن میں شرکت اور عبادت کے لیے CTI گراؤنڈ 12 پتھر سیالکوٹ گئی تھی۔ عظمیٰ کا موبائل فون بند ہونے کے باعث اہلخانہ کو تشویش لاحق ہوئی اور انہوں نے پولیس سے مدد طلب کی۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے لاپتہ خاتون کو بحفاظت تلاش کیا اور ضروری کارروائی کے بعد اسے اس کی والدہ کے حوالے کر دیا۔ اہلخانہ نے پولیس کی بروقت کارروائی اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 7

کر دیا۔ ایس ایچ او کے سمجھانے پر زبیر نے اپنے فعل پر ندامت کا اظہار کرتے ہوئے والدین سے معذرت کی اور دوبارہ ایسے اقدام سے اجتناب کا وعدہ کیا بچوں کو آپ کی توجہ، محبت اور شفقت کی ضرورت ہے۔ ان کی بات سنیں، سختی کے بجائے پیار سے سمجھائیں تاکہ وہ پریشانی میں گھر چھوڑنے کے بجائے آپ سے بات کر سکیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے کہا کہ بچوں کا تحفظ سیالکوٹ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ سحر 8

سرکاری سکولوں میں ان پہلوؤں پر بھی مزید توجہ دینے کی ضرورت محسوس ہوتی ہیعوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری سکولوں کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اور سخت پالیسی مرتب کی جائے، اساتذہ کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے، طلبہ کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دی جائے اور ناقص نتائج کی وجوہات کا تعین کر کے اصلاحی اقدامات کیے جائیں، تاکہ سرکاری سکولوں کے نتائج بہتر ہوں اور عوام کا ان اداروں پر اعتماد بحال ہو سکے۔

بقیہ سحر 9

گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوکاڑہ کے مطابق جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ سحر 10

صبح 5 بجے اور دوپہر 1 بجے سے 3 بجے تک اوقات مقرر ہیں۔ خواتین کے لیے صبح 5 بجے سے دوپہر 3 بجے تک پارک استعمال کرنے کی سہولت ہوگی۔

پارک کی تعمیر و ترقی پر تقریباً 5 کروڑ روپے لاگت آئی ہے۔ پارک کی تعمیر کے دوران زمین کی تیاری، لیولنگ، پری کاسٹ کرب اسٹونز، ٹف پیور، لان اور سبزہ کاری، بیٹھنے کی سہولیات، گیزبوز، فاؤنٹین، برقی و سینیٹری تنصیبات سمیت مردوں اور خواتین کے لیے علیحدہ واش رومز تعمیر کیے گئے ہیں۔ شہریوں کی سہولت کے لیے پارک میں لائبریری اور دیگر بنیادی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

بقیہ سحر 11

ضلعی صدر بلاول بھٹو جیالا فورس لائرز فورم اوکاڑہ۔ اور دیگر کارکنان نے بھاری تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ سحر 12

واضح کیا کہ محفوظ سفر اور حادثات کی روک تھام کے لیے ڈرائیونگ کے بنیادی اصولوں پر عملدرآمد ناگزیر ہے، جبکہ شہری بغیر لائسنس گاڑی چلانے سے مکمل طور پر گریز کریں۔

بقیہ سحر 13

فعال رکھا جائے اور بالخصوص بزرگ شہریوں اور خواتین کے لیے خصوصی ترجیحی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اراضی کے معاملات میں کسی قسم تاخیری حربے استعمال نہ کیے جائیں۔ مزید براں ڈپٹی کمشنر محمد کرام ملک نے ستھرا پنجاب مہم کے تحت کوڑے کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے لیے عارضی کلیکشن پوائنٹس کی چیکنگ کی اور بروقت ویسٹ مینجمنٹ کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھنے کی ہدایات بھی جاری کیں

بقیہ سحر 14

کے پاس ہے قوم پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا ساتھ دیں، پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری و قومی اسمبلی کے ٹکٹ ہولڈر بیرسٹر میاں نسیم محمود ہوتیانہ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ سعودی عرب، ترکی اور پاکستان کے درمیان ہونے والا باہمی دفاعی معاہدہ نہ صرف تاریخی نوعیت کا حامل ہے بلکہ یہ تینوں ممالک کے تعلقات میں ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا

بقیہ سحر 15

سمیت متعدد اداروں کو تحریری و زبانی درخواستیں دیں مگر آج تک عملدرآمد نہ ہو سکا، کروڑوں روپے مالیت کی محکمہ ہندو اوقاف کی سرکاری آراضی کوڑیوں کے بھاؤ فروخت کی جا رہی ہے، اہل علاقہ نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ قبضہ گروپ کا سرغنہ فیاض جوئیہ چوری، ڈکیتی، فراڈ قبضوں کے درجنوں مقدمات میں ملوث ہے، اہل علاقہ نے چیف جسٹس آف پاکستان، وزیر اعظم پاکستان، چیف جسٹس آف لاہور ہائیکورٹ، وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، کمشنر ساہیوال، ڈی سی پاکپتن آصف رضا، محکمہ ہندو اوقاف کے ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ ہندو اوقاف کی جگہ واہ گزار کروائی جائے، اور غیر قانونی فروخت میں ملوث عناصر کے قرار واقعی سزا دی جائے

بقیہ سحر 16

کا مشن ہے اور اس مقصد میں کسی قسم کی کوتاہی سے ہرگز کام نہ لیا جائے

بقیہ سحر 17

افسران کو قانون و ضابطے کے مطابق کارروائی کے احکامات دیے، کھلی کچہری کے دوران متعدد فوری نوعیت کے معاملات موقع پر ہی حل کیے گئے، 54 ایس پی کے ایک معمر شہری کو موقع پر فرد کی فراہمی اور ریونیو افسران کو فوری تعمیل تبادلہ اراضی کی ہدایت کی گئی، ملکہ ہانس کے ایک شہری کی بجلی کا میٹر جلنے کے بعد نئے میٹر کی تنصیب میں تاخیر کی شکایت پر ایکسین واپڈا کو فوری مسئلہ حل کرنے کا حکم دیا، شہری پٹواری فریاد کی چیرہ دستیوں اور کرپشن کے خلاف بھی متعدد درخواستیں آئیں، دیگر درخواستوں پر بھی متعلقہ محکموں کو ضروری کارروائی کی ہدایات جاری کی گئیں، کمشنر ساہیوال ڈویژن نے تمام محکموں کے افسران و عملہ کو ہدایت کی کہ دفتری اوقات میں شہریوں سے ملاقات اور انکے مسائل کے حل کیلئے باقاعدہ وقت مختص کیا جائے تاکہ سائلین کو غیر ضروری انتظار اور دفاتر کے بار بار چکر لگانے سے بچایا جا سکے، انہوں نے واضح کیا شہریوں کی شکایات پر رسمی کارروائی کے بجائے نتیجہ خیز اقدامات کیے جائیں اور ہر معاملے کی پیش رفت سے مقررہ مدت میں آگاہ کیا جائے، عوامی مسائل کے حل میں غفلت، تاخیر یا دفتری امور میں عدم دلچسپی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا کہ شہریوں کو سرکاری خدمات تک آسان رسائی، شکایات کا بروقت ازالہ اور عملی ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اہم ذمہ داری ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوامی سہولت، بہتر سروس ڈیلیوری کیلئے فیلڈ مانیٹرنگ، ادارہ جاتی فالو اَپ کا عمل موثر بنایا جا رہا ہے، کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز رافعہ قیوم، سہیل اختر، عمر سرور اور انصر علی، اسسٹنٹ کمشنر منتہیٰ اظہر سمیت تمام ضلعی محکموں کے افسران نے شرکت کی کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر قانونی تقاضوں، میرٹ اور مقررہ ضابطہ کار کے مطابق بلا تاخیر کارروائی کرتے ہوئے ہر کیس کی مقررہ مدت میں تکمیل اور رپورٹنگ یقینی بنائی جائے۔

بقیہ سحر 18

ضلعی انتظامیہ کا اس میں کوئی کردار نہیں اس کا ہم نے نوٹس لیا ہے معاملے کو دیکھ رہے ہیں انکوائری شروع کر دی گئی ہے قبرستان کو مسمار کیوں کیا گیا وضاحت مانگی ہے قبرستان کو دوبارہ اسکی اصل حالت میں بحال کروانے کے لیے قبرستان کمیٹی کو طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 19

کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے اور انہیں انصاف کی فراہمی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔

بقیہ سحر 20

عامہ کے تمام ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے رفتارِ کار کو مزید بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ وہ جاری منصوبوں کا باقاعدگی سے موقع پر جائزہ لیں اور کام کے معیار، رفتار اور پیش رفت کی مسلسل نگرانی یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 21

نے سائیکل کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں راجہ ہربل گاؤں کا رہائشی سردار علی ولد محمد صادق، عمر 71 سال* شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر ضروری کارروائی کی، تاہم متاثرہ شخص پہلے ہی جاں بحق ہو چکا تھا، جسے تحصیل ہسپتال پسرور منتقل کیا گیا۔ ریسکیو 1122 شہریوں سے اپیل کرتی ہے کہ دورانِ سفر رفتار کو قابو میں رکھیں اور ٹریفک قوانین کی پابندی کریں۔

بقیہ سحر 22

کیٹیگری بی کے اشتہاری ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا، مزید تفتیش جاری، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، ڈسٹرکٹ پولیس اوکاڑہ

بقیہ سحر 23

درج ذیل شامل ہیں، سینٹر آف ایکسیلنس علامہ محمد اقبال، سینٹر آف ایکسیلنس برائے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، یونیورسٹی لائبریری، یونیورسٹی آڈیٹوریم، سینٹرل ریسرچ لیب، یہ دورہ بین الاقوامی روابط اور تعلیمی تعاون کو فروغ دینے کے حوالے سے گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، جس کا مقصد طلبہ کو جدید تعلیمی سہولیات اور تعلیمی و پیشہ ورانہ ترقی کے وسیع تر مواقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ سحر 24

روکا اور تلاشی لینے پر سکنہ قصبہ بڈیانہ کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش محمد رضوان ولد محمد صادق کے قبضہ سے ڈیڑھ کلوگرام چرس برآمد ہوئی جس پر پولیس نے ملزم کو موقع پر ہی گرفتار کر کے تھانہ بڈیانہ میں FIR درج کر دی۔ اس موقع پر SHO تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلو نے سوہنی دھرتی میڈیا گروپ پسرور سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ تھانہ بڈیانہ کی حدود میں ہر طرح کے جرائم، خصوصاً منشیات کے قبیح دھندے کے خاتمے کے لیے پولیس ہمہ وقت متحرک ہے۔ عوام کا تحفظ اور معاشرے سے جرائم کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ سحر 25

سید وارث شاہ پر چادر پوشی کی اور خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ سحر 26

کا ادارہ ہے، اس لئے بار کے انتظامی معاملات میں شفافیت، باہمی مشاورت اور تمام وکلاء ؒ کے ساتھ یکساں رویہ ان کی ترجیحات میں شامل ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ بار کے معاملات کو شخصی مفادات سے بالاتر رکھتے ہوئے اجتماعی مفاد کے تحت آگے بڑھانے کی ضرورت ہیمیاں خادم حسین وٹو ایڈووکیٹ نے کہا کہ نوجوان وکلاء ؒ ہماری بار کا اہم حصہ ہیں۔ نئے آنے والے وکلاء ؒ کو قانونی تحقیق، جدید ٹیکنالوجی، بہتر لائبریری، انٹرنیٹ، تربیتی پروگرامز اور سینئر وکلاء ؒ کی رہنمائی کی ضرورت ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ نوجوان وکلاء ؒ کو ایسا ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنا سکیں اور مستقبل میں ایک مضبوط قانونی کیریئر تشکیل دے سکیں موجودہ دور میں قانونی شعبہ تیزی سے جدید تقاضوں کی طرف بڑھ رہا ہے، اس لیے بار میں ڈیجیٹل سہولیات، جدید قانونی مواد، آن لائن ریسرچ اور پیشہ ورانہ تربیت کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے بار کی سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہیمیاں خادم حسین وٹو ایڈووکیٹ نے کہا کہ بار اور بینچ کے درمیان باہمی احترام، تعاون اور پیشہ ورانہ ہم آہنگی عدالتی نظام کے مؤثر انداز میں چلنے کے لیے اہم ہے۔ وکلاء ؒ کے جائز مسائل کو باوقار اور قانونی انداز میں متعلقہ فورمز تک پہنچانا اور ساتھ ہی عدلیہ کے ساتھ مثبت روابط برقرار رکھنا بار کی قیادت کی اہم ذمہ داری ہیانہوں نے کہا کہ وکلاء ؒ برادری نے ہمیشہ جمہوری روایات، قانون کی بالادستی اور آئینی اقدار کو اہمیت دی ہے۔ بار انتخابات بھی انہی روایات کا حصہ ہیں، اس لیے وہ انتخابی عمل میں مثبت اور باوقار ماحول کو فروغ دینے کے خواہاں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اختلافِ رائے جمہوری عمل کا حصہ ہے، تاہم ذاتی معاملات کے بجائے منشور، مسائل اور عملی پروگرام کو انتخابی بحث کا مرکز ہونا چاہیےمیاں خادم حسین وٹو ایڈووکیٹ نے کہا کہ ان کی کوشش ہوگی کہ بار کے ہر رکن کی آواز سنی جائے اور وکلاء کے اجتماعی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ اداروں تک پہنچایا جائے۔ چیمبرز، بنیادی سہولیات، نوجوان وکلاء ؒ کی رہنمائی، لائبریری، ڈیجیٹل سہولیات، فلاحی اقدامات اور بار کے انتظامی معاملات ان کی ترجیحات میں شامل ہیں انہوں نے کہا کہ وہ اپنے ساتھی وکلاء ؒ کے ساتھ مشاورت اور باہمی تعاون سے بار کے لیے ایک ایسا عملی پروگرام پیش کرنا چاہتے ہیں جس میں قابلِ عمل اقدامات، واضح ترجیحات اور وکلاء ؒ کی حقیقی ضروریات کو مدنظر رکھا جائیمیاں خادم حسین وٹو ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ وہ وکلاء ؒ برادری کے اعتماد کو عزت، دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ نبھانے پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بار انتخابات میں وکلاء ؒ برادری اپنا آئینی و جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے امیدواروں کے منشور، ترجیحات اور پروگرام کا جائزہ لے گی، جبکہ وہ اپنی جانب سے وکلاء ؒ کے سامنے اپنی ترجیحات اور عملی پروگرام واضح انداز میں پیش کرتے رہیں گیانہوں نے آخر میں کہا کہ وکلاء ؒ کی عزت، بار کا وقار اور اجتماعی مفادات ان کی جدوجہد کا بنیادی محور ہے اور وہ انتخابی عمل کو مثبت، باوقار اور جمہوری انداز میں آگے بڑھانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ سحر 27

بھتہ وصول کرتا ہے، اور دو نمبر دھندے سمیت ہر قسم کی سرپرستی کرتا ہے، بتایا گیا ہے کہ مذکورہ گوشت شہر کے مختلف ہوٹلوں، تکہ کباب اور دکانوں کو سپلائی کیا جا رہا تھا، ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا کہ شہریوں کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی اور ان کی صحت کا تحفظ حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فیلڈ ٹیموں کو خوراک کے معیار کی مؤثر نگرانی اور مضرِ صحت اشیاء کی ترسیل و فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق فوری کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی

بقیہ سحر 28

طفیل نے ہدایت کی کہ منڈی میں بجلی کی فراہمی کے لیے ٹرانسفارمر، بجلی کے کھمبوں، الیکٹرک کنکشن اور دیگر ضروری کام جلد مکمل کیے جائیں تاکہ منڈی کو مقررہ مدت کے اندر فعال کر کے موجودہ منڈی کو نئی جگہ منتقل کیا جا سکے۔ کمشنر نے میپکو افسران کو ہدایت کی کہ بجلی کی فراہمی سے متعلق تمام تکنیکی و انتظامی امور کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے اور کام میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہونے دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئی سبزی و فروٹ منڈی کی بروقت تکمیل اور منتقلی سے شہر میں ٹریفک کے نظام میں مزید بہتری آئے گی جبکہ تاجروں اور کاروباری حضرات کو بہتر، منظم اور کشادہ کاروباری ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئی منڈی میں تاجروں اور آڑھتیوں کو کاروباری سرگرمیوں کے لیے بہتر سہولیات فراہم کرنا انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منڈی میں بجلی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے کام کو باہمی رابطے کے ساتھ تیز کیا جائے تاکہ منڈی کو جلد از جلد مکمل کر کے فعال بنایا جا سکے۔

بقیہ سحر 29

حوالے سے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے مؤثر حکمتِ عملی اختیار کرنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ سرکاری واجبات کی بروقت وصولی کے لیے فیلڈ میں عملی اقدامات کیے جائیں اور ریونیو ریکوری کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے زیرِ التوا کیسز اور دیگر معاملات کو بلاوجہ طول دینے کے بجائے مقررہ مدت کے اندر نمٹانے پر بھی زور دیا فیصل شہزاد چیمہ نے کہا کہ ریونیو افسران ریاستی امور میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ محنت، دیانت داری، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں۔ عوام کو فرد، انتقال، رجسٹری، ریونیو ریکارڈ اور دیگر متعلقہ معاملات میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے اور شہریوں کے مسائل کو سنجیدگی سے سن کر ان کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائےاجلاس میں اپنا کھیت اپنا روزگار منصوبے سے متعلق پیش رفت کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا انہوں نے ہدایت کی کہ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے عوامی فلاحی منصوبوں کے ثمرات حقیقی معنوں میں مستحق اور متعلقہ شہریوں تک پہنچانے کے لیے فیلڈ میں مؤثر نگرانی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے سے متعلق تمام امور مقررہ اہداف اور حکومتی ہدایات کے مطابق آگے بڑھائے جائیں تاکہ اس کے مطلوبہ نتائج حاصل کیے جا سکیں اجلاس میں پلس پراجیکٹ کے حوالے سے بھی متعلقہ افسران نے بریفنگ دی۔ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے منصوبے سے متعلق امور کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ حکومتی منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ متعلقہ افسران فیلڈ میں اپنی موجودگی یقینی بنائیں اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مربوط انداز میں کام کریں حکومت پنجاب کے عوامی فلاحی اقدامات کا بنیادی مقصد شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا اور سرکاری نظام میں شفافیت، رفتار اور بہتری لانا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے تمام متعلقہ محکموں اور افسران کو اپنی ذمہ داریاں پوری توجہ اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ ادا کرنا ہوں گی انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیریونیو افسران اپنے دفاتر کے ساتھ ساتھ فیلڈ میں بھی فعال کردار ادا کریں اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو ریونیو امور کے حوالے سے واضح رہنمائی فراہم کی جائے تاکہ انہیں بار بار دفاتر کے چکر نہ لگانا پڑیں انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکوری کے اہداف کے حصول، زیرِ التوا امور کے بروقت فیصلوں اور حکومتی منصوبوں کی مؤثر تکمیل کے لئے تمام افسران کو اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانا ہوگی انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر اپنے متعلقہ امور کی نگرانی کریں اور مقررہ اہداف کے حصول میں کسی قسم کی غفلت کا مظاہرہ نہ کریں اجلاس کے اختتام پر اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے ایک بار پھر افسران کو ہدایت کی کہ اپنا کھیت اپنا روزگار، پلس پراجیکٹ اور ریونیو ریکوری سمیت تمام حکومتی اقدامات کو مقررہ اہداف کے مطابق آگے بڑھایا جائے اور عوام کو ریونیو سے متعلقہ معاملات میں ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات کی بروقت اور مؤثر تکمیل انتظامیہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوتاہی کی گنجائش نہیں۔

بقیہ سحر 30

علاوہ دیگر ڈویژنل اور ضلعی سطح کے محکموں کے سربراہان کے علاوہ فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے سربراہان اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محتسب پنجاب عائشہ حامد نے دفتر محتسب پنجاب کے قیام کے مقاصد، دائرہ کار اور عوام کو سرکاری اداروں سے متعلق شکایات کے ازالے کے لئے فراہم کی جانے والی سہولیات پر روشنی ڈالی۔ محتسب پنجاب نے ادارے کی گزشتہ 30 سالہ کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دفتر محتسب پنجاب کا بنیادی مقصد شہریوں کو سرکاری محکموں کے خلاف شکایات کے ازالے کے لئے ایک مؤثر، آسان، مفت اور قابلِ رسائی فورم فراہم کرنا ہے۔ ادارے کی کوشش ہے کہ عوام کو غیر ضروری دفتری پیچیدگیوں اور تاخیر سے نجات دلاتے ہوئے ان کے مسائل کا بروقت حل یقینی بنایا جائے۔ محتسب پنجاب نے گزشتہ تین دہائیوں کے دوران عوامی شکایات کے ازالے، انتظامی امور میں بہتری اور شہریوں کو مہیا کردہ ریلیف کی خوبصورت اجمالی تصویر پیش کی اور اس روایت کو اسی جوش و جذبے، ثابت قدمی اور پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ آئندہ بھی جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب کے شرکاء نے دفتر محتسب پنجاب کی 30 سالہ خدمات کو دل کھول کر سراہا اور اس امر پر زور دیا کہ عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور شفاف طرزِ حکمرانی کے فروغ کے لئے ایسے اداروں کا کردار نہایت اہم ہے۔ سیکرٹری محتسب پنجاب قیصر سلیم، ایڈوائزر ہیڈ کوارٹر/سابق کمشنر فیصل آباد کیپٹن نسیم نواز، ایڈوائزر وفاقی محتسب سید شاہد حسین جیلانی، سٹی پولیس آفیسر تنویر حسین، چیف ٹریفک آفیسر رانا ناصر جاوید، سابق صدر چیمبر آف کامرس ڈاکٹر خرم طارق، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی راؤ عبدالکریم، چیئرمین پاور لومز وحید خالق رامے، صدر وومن چیمبر آف کامرس شاہدہ آفتاب، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ الائیڈ ہسپتال II فیصل آباد ڈاکٹر ظفر اقبال، ڈاکٹر عامر حسین (رجسٹرار میڈیکل یونیورسٹی) ودیگر نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 1

کرتے ہوئے عالمی امن و ترقی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں سے پاکستان کی وابستگی بھی واضح کی۔ وزیراعظم نے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت کو سراہتے ہوئے انسانیت کی بہتری اور اقوام متحدہ کے منشور کی پاسداری کیلئے ان کے کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ دونوں رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم نے علاقائی کشیدگی کے خاتمے کیلئے مکالمے اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے فلسطینی عوام کے حق خودارادیت اور آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کیلئے پاکستان کی حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے اسلاموفوبیا کے بڑھتے ہوئے رجحان، بالخصوص پاکستان کے قریبی ہمسایہ خطے میں اس کے واقعات سے سیکرٹری جنرل کو آگاہ کیا اور اس رجحان کی روک تھام کے لیے مؤثر عالمی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں رہنماؤں نے افغانستان کی صورتحال اور افغان سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی میں اضافے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائدانہ کردار اور مؤثر آواز کو سراہتے ہوئے عالمی امن و سلامتی کیلئے پاکستان کی خدمات کا اعتراف کیا۔ انہوں نے تنازعات کے پرامن حل اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کیلئے پاکستان کی سفارتی و ثالثی کوششوں کو بھی سراہا۔ انتونیو گوتریس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عالمی امن کے لیے پاکستان کی خدمات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 2

بند کر دیا گیا ہے۔ ٹریفک کو جی ٹی روڈ کی طرف منتقل کر دیا گیا، ایم ون کے ریسٹ ایریاز بھی بند کر دیے گئے، چھبیس نمبر چنگی پر مٹی سے بھرے کنٹینرز لگا کر روڈ بند کر دیا گیا، ٹیکسلا میں بھی اسلام آباد کی طرف آنے والے روڈ پر کنٹینر کھڑے کر دیئے گئے۔ وفاقی دارالحکومت کے اندر ریڈ زون کے انٹری پوائنٹس پر کنٹینرز کی دیواریں کھڑی کر دی گئی، ایک سے زیادہ چیک پوسٹیں بنادی گئیں۔ آئی جی آفس نے پنجاب کانسٹیبلری کے اہلکاروں کے لیے ایک ہزار روپے یومیہ خصوصی ڈیوٹی الاؤنس منظور کرنے کا مراسلہ جاری کر دیا۔ دریں اثناء پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد، اٹک، جہلم، چکوال اور میانوالی میں رینجرز تعینات کر دی گئی۔ انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس کو مناسب اور ضروری جوابی ایکشن کے احکامات دے دیے گئے ہیں۔ وفاقی دارالحکومت کے اندر ریڈ زون کے انٹری پوائنٹس پر کنٹینرز کی دیواریں کھڑی کر دی گئی، ایک سے زیادہ چیک پوسٹیں بنادی گئیں۔ دوسری جانب اٹک پل پر بھی پشاور سے آنے والے راستے بند کر دیے گئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 3

نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ مؤخر کر دیا۔ مقدمے کا فیصلہ اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ کے رخصت پر ہونے کے باعث یکم اکتوبر تک مؤخر کیا گیا ہے۔ عدالت نے 22 ستمبر کو علیمہ خان سمیت 10 ملزمان کے خلاف مقدمے کا فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ عدالت نے حتمی دلائل کے بعد فیصلہ محفوظ کیا تھا جو کہ جمعے کو سنایا جانا تھا۔ علیمہ خان کے وکیل حتمی دلائل دینے کیلئے عدالت میں پیش نہیں ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 4

ویزا جاری کرنے کی درخواست کر دی۔ میرا نے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو جاری کی جس میں اداکارہ نے اپنی بہن کے کینسر میں مبتلا ہونے کی اطلاع دی۔ اداکارہ نے کہا کہ میں اس وقت نیویارک میں موجود ہوں، میں لندن سفارت خانے سے درخواست کرنا چاہتی ہوں کہ میری بہن شائستہ عباس لندن میں ہے اور اسے کینسر کی تشخیص ہوئی ہے، کینسر کی آخری اسٹیج ہے اور اس کی حالت کافی سنجیدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری والدہ اور میرا بھائی بھی لندن میں موجود ہیں، میں اپنی بہن سے ملنا چاہتی ہوں، میری درخواست ہے کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مجھے ویزا جاری کیا جائے۔ واضح رہے کہ میرا کے برطانیہ میں داخلے پر 10 سال کی پابندی عائد تھی۔ اس حوالے سے ان کی بہن شائستہ عباس نے کہا کہ میرا نے ویزا درخواست فارم میں غلط انگریزی لکھ دی تھی جس کی وجہ سے ان پر 10 برس کی پابندی لگی تھی جواب مکمل ہو چکی ہے، میرا کی غلطی بہت معمولی سی تھی تاہم برطانوی حکومت نے اسے بہت سنجیدگی سے لے لیا تھا۔

بقیہ نمبر 5

پورٹ قاسم اتھارٹی کے اشتراک سے بندرگاہ پر خوردنی تیل کا صنعتی سٹی قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ پاکستان وناسپتی مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) ہاؤس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت مجوزہ صنعتی زون کے قیام میں صنعت کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور پورٹ قاسم پر ضروری بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خوردنی تیل کی صنعت ملکی محصولات میں اہم حصہ ڈال رہی ہے اور اس شعبے سے درآمدات کی مد میں کسٹمز ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس کی صورت میں خاطر خواہ ریونیو حاصل ہوتا ہے۔ محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ حکومت پورٹ قاسم پر صنعتی اور تجارتی زونز قائم کر رہی ہے تاکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے ساتھ مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں اضافہ ہو جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ پورٹ قاسم پر 150 ایکڑ رقبے پر آٹو موٹیو پراسیسنگ زون قائم کیا جائے گا، جسے مارکیٹ کی طلب کے مطابق مرحلہ وار وسعت دی جاسکے گی، جبکہ 250 ایکڑ پر ملبوسات کا زون بھی قائم کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق ملبوسات زون کے پہلے مرحلے سے ایک لاکھ 38 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع پیدا ہونے اور سالانہ تقریباً 2.2 ارب ڈالر کی برآمدات متوقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورٹ قاسم میں زمین سے متعلق مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور قابل عمل کاروباری منصوبے پیش کرنے والے سرمایہ کاروں کو زمین الاٹ کی جائے گی۔ پورٹ قاسم میں پانی کی قلت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سمندری پانی کو صاف کر کے بندرگاہ پر دوبارہ قابل استعمال بنانے کے لیے صنعتکاروں کے ساتھ بزنس ماڈل بنا کر واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے پی وی ایم اے کو مجوزہ منصوبے میں شریک ہونے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن پورٹ قاسم کے ساتھ مل کر صنعت کی پانی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے نظام قائم اور چلانے میں کردار ادا کر سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پورٹ قاسم پر سہولیات اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے کی خواہاں ہے۔

بقیہ نمبر 6

سائمن اینڈ ریوز نے عالمی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر بولورما امگابازار کے ہمراہ وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور سینیٹر احد چیمہ سے ملاقات کی جس میں پاکستان میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور ترقیاتی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے گزشتہ چار برس کے دوران پاکستان میں آئی ایف سی کے بڑھتے ہوئے کردار کو سراہا۔ انہوں نے پاکستان کے لیے عالمی بینک گروپ کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (سی پی ایف) 2026 تا 2035 کے تحت آئندہ دس برس کے دوران ہر سال دو ارب امریکی ڈالر تک کے وسائل متحرک کرنے کے عزم کو بھی سراہا۔ احد چیمہ نے کہا کہ اس تعاون میں پاکستان کی ترجیحات میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز)، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبے اور ہاؤسنگ فنانس سمیت دیگر شعبے شامل ہیں۔ ملاقات میں پاکستان کی معیشت میں ایس ایم ایز کے کردار پر بھی گفتگو ہوئی۔ سائمن اینڈ ریوز نے اس شعبے میں آئی ایف سی کی دلچسپی کا اظہار کیا، جس کا وفاقی وزیر نے خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبوں کو آگے بڑھانے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کو مضبوط بنانے کے اقدامات سے آگاہ کیا، جن میں اسے نجکاری ڈویژن کے ماتحت کرنا اور اس کے کردار کو وسعت دینے کے لیے نئی قانون سازی کی تیاری شامل ہے۔ مجوزہ نظام کے تحت پی تھری اے وزارتوں کو منصوبے تیار اور فروغ دینے، مالی وسائل متحرک کرنے اور اتھارٹی کے ذریعے شروع کیے جانے والے منصوبوں کی نگرانی و ضابطہ کاری میں معاونت فراہم کرے گی۔ آئی ایف سی اور عالمی بینک کے نمائندوں نے پی پی پی کے نظام کو مضبوط بنانے کے حکومتی اقدام کو سراہا۔ ہاؤسنگ فنانس کے حوالے سے سینیٹر احد چیمہ نے کہا کہ حکومت لوگوں کو اپنے گھر تعمیر کرنے اور رہائشی سہولیات تک بہتر رسائی فراہم کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت ہاؤسنگ فنانس کے ادارہ جاتی نظام کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر بھی غور کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے آئی ایف سی کو دعوت دی کہ وہ ہاؤسنگ فنانس کے دائرہ کار کو وسعت دینے کی کوششوں میں معاونت کرے، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو گھر بنانے کے لیے مالی سہولت میسر آ سکے۔ وزیر اقتصادی امور نے تکنیکی معاونت اور مالی وسائل کی فراہمی کے ذریعے پاکستان کے لیے آئی ایف سی کی حمایت اور ملک کی ترقی میں عالمی بینک گروپ کے وسیع تر کردار کو سراہا۔ آئی ایف سی اور عالمی بینک کے نمائندوں نے ایس ایم ایز، پی پی پی منصوبوں اور ہاؤسنگ فنانس سمیت دیگر شعبوں میں حکومت کی ترجیحات کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے قابلِ عمل منصوبوں پر حکومت پاکستان کے ساتھ کام کرنے، اور معیاری منصوبوں کی معاونت کے لیے تکنیکی مشاورت اور مالی وسائل فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 7

وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان السعود اور ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان سے ملاقات ہوئی جس میں مکہ مکرمہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کے تحت ادارہ جاتی ڈھانچوں کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ جمعہ کو ایکس پر پیغام میں اسحاق ڈار نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر اپنے وفود کے ہمراہ نیویارک میں یہ ملاقات ہوئی جس میں مکہ مکرمہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کے فریم ورک کے تحت ادارہ جاتی ڈھانچوں کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، اس کے ساتھ ساتھ علاقائی اور عالمی سلامتی سے متعلقہ امور بھی زیر بحث آئے۔

بقیہ نمبر 8

کہا کہ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ پی ٹی آئی والے نا ہی آئیں، وہ بھی فیصلہ کن بات ہوگی، اب وفاق یا پاکستان اس طرح کی چیزوں کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

بقیہ نمبر 9

دورہ کیا اور مشیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے اے آئی و خصوصی اقدامات علی ڈار سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پنجاب کے اے آئی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن ایجنڈے، عوامی خدمات میں ٹیکنالوجی کے استعمال اور ڈیٹا پر مبنی گورننس کے فروغ پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ علی ڈار نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب میں جدید ٹیکنالوجی کو بہتر حکمرانی اور عوامی خدمت سے جوڑا جا رہا ہے۔ اے آئی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید مؤثر، تیز اور عوام دوست بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں ڈیٹا پر مبنی گورننس کے ذریعے حکومتی فیصلہ سازی کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ اے آئی وژن 2029 پنجاب کے ڈیجیٹل مستقبل اور جدید طرز حکمرانی کا جامع روڈ میپ ہے، جس کے تحت اے آئی کو محض ٹیکنالوجی نہیں بلکہ عملی حکومتی نتائج کے حصول کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ علی ڈار نے کہا کہ اے آئی کے استعمال سے ادارہ جاتی استعداد بڑھانے اور سرکاری نظام میں کارکردگی بہتر بنانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ پنجاب کو جدید، ڈیٹا ڈرائیون اور اے آئی سے فعال حکمرانی کی جانب تیزی سے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ملاقات میں ورلڈ بینک گروپ اور پنجاب کے درمیان اے آئی، ڈیجیٹل گورننس اور علم و تجربات کے تبادلے میں تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے امکانات پر بھی گفتگو ہوئی۔ علی ڈار نے کہا کہ بین الاقوامی اداروں کے ساتھ علم اور تجربات کا تبادلہ پنجاب کے اے آئی ایجنڈے کو مزید مضبوط کرے گا۔

بقیہ نمبر 10

کے مطابق کھلے رہیں گے۔ ایف بی آر کی جانب سے تمام چیف کمشنرز ان لینڈ ریونیو کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ لارج ٹیکس پیئرز آفسز اور ریجنل ٹیکس آفسز سمیت تمام متعلقہ فیلڈ فارمیشنز ہفتہ کے روز معمول کے مطابق دفتری امور انجام دیں۔ احکامات کے مطابق 26 ستمبر کو افسران اور عملہ معمول کے مطابق اپنے فرائض انجام دے گا، جبکہ چیف کمشنرز ان لینڈ ریونیو افسران کی کارکردگی اور دیگر متعلقہ امور کی نگرانی کریں گے۔ ایف بی آر کے مطابق ہفتہ کے روز دفاتر کھلے رکھنے کا مقصد ڈیوٹی اور ٹیکسز کی وصولی کے عمل کو جاری رکھنا ہے۔

بقیہ نمبر 11

نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ جنگ جاری رکھنا نہیں چاہتا اور تنازع ختم کرنے کا فیصلہ اب امریکا کو کرنا ہوگا۔ انہوں نے یہ بات امریکی نشریاتی ادارے فوکس نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کہی۔ سرکاری پالیسیاں دیکھیں پزشکیان کا کہنا تھا کہ اگر اختلافات مذاکرات کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں تو ایک دوسرے کو قتل کرنے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے۔ ان کے مطابق ایران جنگ کا خواہاں نہیں تھا، تاہم ان کے بقول اسرائیل کی کارروائیوں اور اشتعال انگیزی کے نتیجے میں یہ جنگ ایران پر مسلط ہوئی۔ ایرانی صدر نے واضح کیا کہ "ہم جنگ جاری نہیں رکھنا چاہتے، امریکا کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ اسے ختم کرنا چاہتا ہے یا نہیں۔" انہوں نے اس بات کا بھی اظہار کیا کہ تہران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ جنگ کے خاتمے کے لیے کسی معاہدے تک پہنچنے کے لیے تیار ہے۔ پزشکیان نے گزشتہ معاہدے کے چند ہی عرصے بعد جنگ دوبارہ شروع ہونے کا حوالہ دیتے ہوئے سوال اٹھایا کہ اگر دونوں فریق کسی معاہدے تک پہنچ چکے تھے تو تقریباً دو ہفتے بعد اسے کیوں ختم کر دیا گیا۔ ان کے مطابق ایران مذاکرات کے ذریعے مسئلے کے حل کے لیے اب بھی تیار ہے، تاہم کسی نئے معاہدے کے لیے وہ بین الاقوامی قانونی دائرہ کار کو اہم قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر موجودہ امریکی حکومت بین الاقوامی قوانین کے دائرے میں رہتے ہوئے معاہدہ کرنا چاہتی ہے تو ایران اس کے لیے تیار ہے، جبکہ امریکا کے وسط مدتی انتخابات سے پہلے یا بعد میں معاہدہ ہونے سے ایران کے لیے کوئی بنیادی فرق نہیں پڑتا۔ سرکاری خدمات ڈھونڈیں پزشکیان کا یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے سفارتی رابطے جاری ہیں، تاہم دونوں ممالک کے درمیان اہم معاملات پر اب بھی اختلافات موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 12

سے ملاقات کی اور جنرل اسمبلی کے صدر کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ جمعے کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے ڈاکٹر خلیل الرحمٰن کو پاکستان کی حمایت اور تعمیری تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ دونوں رہنماؤں نے کثیر جہتی نظام اور اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور باہمی دلچسپی کے امور بارے تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم نے جنرل اسمبلی کے صدر کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اور ادارے کے کام کو آگے بڑھانے میں پاکستان کی مسلسل شمولیت کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 13

اسٹینڈنگ اور امریکا پاکستان بزنس کونسل کے وفود نے ملاقات کی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، فنانس، مشروبات، مینو فیکچرنگ، ادویات، آرگینک پراڈکٹس اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی کاروباری شخصیات وفد میں شریک تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی کاروبار و سرمایہ کاری دوست پالیسیوں اور حکومت کے مختلف شعبوں کی ترقی کیلئے اقدامات کے حوالے سے شرکاء کو اعتماد میں لیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا بزنس کونسل اور بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اسلام آباد و واشنگٹن کے درمیان بہترین پل ہیں، پاکستان امریکا تعلقات گزشتہ ایک سال کے دوران بہت بہتر ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہماری معیشت اب مستحکم اور ترقی کی جانب گامزن ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے ایک مشکل مرحلے پر آیا، پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوست اور برادر ممالک کے تعاون سے خطے میں طویل مدتی امن حاصل کرنے کی امید ہے، خطے میں طویل مدتی امن، کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے انتہائی اہم ہے، پاکستان میں بڑے پیمانے پر ساختی اور پالیسی سطح کی اصلاحات کی جارہی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ معیشت کو ڈیجیٹائز کرنے، ٹیکنالوجی اور ای گورننس پر تیزی سے کام جاری ہے، پاکستان کے زرعی شعبے میں سرمایہ کاری کی بے پناہ استعداد موجود ہے، مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار بڑھائی جا سکتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جدید زرعی آلات کے استعمال سے اخراجات میں کمی اور کارکردگی میں اضافہ ممکن ہے، کان کنی اور معدنیات بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کا اہم شعبہ ہے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو معدنی وسائل سے بے پناہ نوازا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، انہیں پیشہ ورانہ تربیت اور مہارتیں فراہم کر رہے ہیں، نوجوانوں کو ہنر، روزگار کے مواقع فراہم کر کے خودمختار بنا رہے ہیں، آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت سے متعلق اقدامات ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بندرگاہوں اور جہاز رانی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی بھرپور استعداد موجود ہے، نجکاری آپ کی دلچسپی کا ایک اہم شعبہ ہے، پی آئی اے کی نجکاری ہو چکی ہے، نئے مالکان جو پاکستانی ہیں، اس میں بہتری لائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی بھی نجکاری کرنے جا رہے ہیں، حکومت کا کام نجی شعبے کیلئے کاروبار و سرمایہ کاری میں سہولت فراہم کرنا اور سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، معاونین خصوصی طارق فاطمی، بلال بن ثاقب، پاکستان کے اقوام متحدہ میں مستقل مندوب عاصم افتخار، پاکستان کے امریکہ میں سفیر رضوان احمد شیخ بھی شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 14

تشریف آئیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان قیام امن کے لئے ماضی کی طرح خدمات انجام دینے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 15

پچم کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور رواں سال کے اوائل میں آغا خان کے دورہ پاکستان میں ہوئی ملاقات کو خوشگوار الفاظ میں یاد کیا۔ اس کے علاوہ شہباز شریف نے پاکستان سے دیرینہ دوستانہ اور مثبت تعلقات مستحکم رکھنے اور امن، استحکام، ترقی کے مشترکہ مقاصد کے حصول کیلئے قریبی تعاون جاری رکھنے پر پرنس رحیم آغا خان کے عزم کو سراہا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں بالخصوص اسماعیلی برادری کی دیرینہ خدمات کو سراہا اور معاشرے کے لیے خدمت اور شہری شمولیت کی اس قابلِ قدر روایت کو اجاگر کیا۔ شہباز شریف نے اے کے ڈی این سے وابستہ اداروں کی مالیاتی شمولیت، سیاحت کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات کو بھی سراہا جبکہ انہوں نے ان شعبوں میں مزید تعاون کے وسیع امکانات سے بھرپور استفادہ کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ادھر پرنس رحیم آغا خان نے وزیراعظم شہباز شریف کے پرتپاک جذبات پر اظہار تشکر کیا اور علاقائی امن و استحکام کے لیے وزیراعظم کی کوششوں کو خراجِ تحسین پیش کیا جبکہ انہوں نے پاکستان اور اے کے ڈی این کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا عزم کا اظہار کیا۔ مزید براں وزیراعظم نے پرنس رحیم آغا خان کو پاکستان کے باقاعدگی سے دورے کرنے کی دعوت بھی دی۔

بقیہ نمبر 16

فنڈڈ فتنہ قرار دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ یہ سیاسی جماعت نہیں بلکہ بیرونی فنڈنگ کے تحت پاکستان کے خلاف منصوبہ بندی کرنے والوں کی سہولت کار ہے۔ سیاسی جماعت کا لبادہ اوڑھ کر پی ٹی آئی نے ہمیشہ ریاست کے خلاف دہشت گردی کی ہے۔ مریم اورنگزیب نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ کیا احتجاج اس لیے کیا جا رہا ہے کہ ملک کیوں ڈیفالٹ سے بچ گیا اور پاکستان کی سفارتی ساکھ کیوں بحال ہوئی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ احتجاج کی تیاری کرنے والے عناصر ایک مرتبہ پھر پولیس اور رینجرز اہلکاروں پر حملوں، ایمبولینسز جلانے اور عوام کے کاروبار، روزگار، نوجوانوں کی تعلیم اور مزدوروں کے روزگار کو متاثر کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 17

زیر استعمال ہیں۔ ذرائع کے مطابق بھارت کی پشت پناہی سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان افغانستان سے پاکستان کے خلاف سرحد پار دہشتگردی میں سرگرم ہیں، 2026 میں افغان سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی میں 1327 پاکستانی شہید اور 2484 زخمی ہو چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اقوام متحدہ کے مطابق افغانستان میں فتنہ الخوارج کی افرادی قوت تقریبا 6000 سے 6500 دہشتگردوں پر مشتمل ہے جبکہ 2025 میں فتنہ الخوارج نے 600 سے زائد دہشتگرد حملوں میں متعدد حملے افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف کیے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج نے کنڑ، ننگرہار، خوست اور پکتیکا میں تربیتی مراکز قائم کر رکھے ہیں، تربیتی مراکز میں افغان طالبان کے اہلکاروں کی بھی شمولیت کا انکشاف ہوا ہے، دہشتگرد ٹھکانوں کے خلاف کارروائی ہوتے ہی طالبان رجیم دہشتگردوں کے دفاع میں سامنے آ جاتا ہے جبکہ اقوام متحدہ کی رپورٹس میں القاعدہ اور داعش کی موجودگی کا بھی انکشاف کر چکی ہیں۔ پاکستان کا مطالبہ واضح ہے کہ دہشتگردوں کے ٹھکانے ختم کیے جائیں اور سرحد پار دراندازی بند کی جائے۔

بقیہ نمبر 18

187، ڈیفنس 186 ریکارڈ کی گئی۔ لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس عالمی ادارہ صحت گائیڈ لائنز سے 19 گنا مضر ہے، عالمی مانیٹرز کے مطابق رواں ہفتے لاہور میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہوا۔ طبی ماہرین نے شہریوں کو گھروں کے دروازے، کھڑکیاں بند رکھنے جبکہ موٹر سائیکل سوار ماسک کا استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 19

ایک نشست میں شرکت کی۔ شرکاء میں پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور، پشاور اور ٹیکسلا کے سابق طلباء شامل تھے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی رکن پارلیمنٹ اسلم رانا تھے، جو خود بھی پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے سابق طالب علم رہے ہیں۔ ہائی کمشنر محمد سلیم نے کینیڈا میں سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے پاکستانی نژاد پیشہ ور افراد کی گراں قدر خدمات کو سراہا۔ محمد سلیم نے انجینئرنگ اور دیگر ہائی ٹیک (جدید ٹیکنالوجی) کے شعبوں میں پاکستان اور کینیڈا کے درمیان تعاون کو بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 20

جائے اور جھوٹی و گمراہ کن اطلاعات کی بروقت نشاندہی، تصدیق اور تدارک کیلئے مؤثر نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ فیک نیوز بنانے اور پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے این سی سی آئی اے سے معاونت حاصل کی جائے۔ سینئر وزیر نے محکمہ اطلاعات اور این سی سی آئی اے کے درمیان تعاون مزید بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فیک نیوز کی روک تھام کیلئے تمام دستیاب ذرائع اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کا بیانیہ امن، رواداری، بین الصوبائی ہم آہنگی اور قومی اتحاد پر مبنی ہے، اسے مزید مؤثر اور مضبوط بنانے کیلئے اضافی اقدامات کیے جائیں۔ شرجیل انعام میمن نے ہدایت کی کہ محکمہ اطلاعات سندھ حکومت کے مثبت اور تعمیری اقدامات کو اجاگر کرنے کیلئے جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ کرے اور تمام طبقات کے نمائندوں کو حکومت کے بیانیے کا حصہ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات فیک نیوز کی مانیٹرنگ کے ساتھ سندھ حکومت کے مثبت بیانیے کی مؤثر ترویج پر بھی توجہ دے۔

بقیہ نمبر 21

کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کی ایران فرار ہونے کی کوشش ناکام بنا دی۔ سیکیورٹی فورسز بلوچستان سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم، آخری دہشتگرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 22

میں لینے کے بعد کیا جائے گا۔ اس سے قبل سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی خیبر پختونخوا شوکت یوسفزئی نے کہا تھا کہ لانگ مارچ ختم کرنے کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف لانگ مارچ کے لیے مکمل تیار ہے، لانگ مارچ پرامن ہوگا اور اس میں سرکاری وسائل استعمال نہیں کیے جائیں گے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ وفاقی حکومت مذاکرات کرے تو لانگ مارچ سے متعلق کچھ فیصلہ ہوسکتا ہے، تاہم اس بار کچھ حاصل کیے بغیر لانگ مارچ ختم نہیں ہوگا۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ہمیں کنٹینرز ہٹا کر راستے کھولنے کی ضرورت نہیں، جہاں راستہ بند ہوگا وہیں دھرنا دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے کنٹینرز کے ذریعے راستے بند کر کے عدالتی فیصلے کی خلاف ورزی کی ہے، ہمیں کنٹینرز ہٹا کر راستے کھولنے کی ضرورت نہیں، جہاں راستہ بند ہوگا وہیں دھرنا دیا جائے گا۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ وفاقی حکومت عدالتی فیصلوں پر عمل درآمد کرائے اور بانی پی ٹی آئی تک ان کے وکلا اور اہلِ خانہ کو رسائی دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ سے قبل وفاقی حکومت خوف کا شکار ہے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

بقیہ نمبر 23

تحفظ اور مؤثر قانونی کارروائی کے لیے مشترکہ اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں خواتین اور بچوں کو آن لائن ہراسانی، استحصال اور دیگر اقسام کے سائبر جرائم سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر ادارہ جاتی نظام وضع کرنے، متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے اور سائبر جرائم سے متعلق شکایات پر بروقت قانونی کارروائی یقینی بنانے پر غور کیا گیا۔ چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف سائبر جرائم ایک سنجیدہ مسئلہ ہیں اور ان سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی، محکمہ پراسیکیوشن، محکمہ داخلہ اور دیگر متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا۔ حنا پرویز بٹ نے کہا کہ آن لائن ہراسانی، بلیک میلنگ، استحصال اور دیگر سائبر جرائم سے خواتین اور بچے خصوصاً متاثر ہوسکتے ہیں، اس لیے متاثرین کو بروقت قانونی معاونت فراہم کرنا اور شکایات پر قانون کے مطابق فوری کارروائی یقینی بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں خواتین کے خلاف ہر قسم کے تشدد اور جرائم کے حوالے سے زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے اور خواتین کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کو مزید مضبوط کیا جا رہا ہے۔ ڈی جی پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی ڈاکٹر لبنیٰ نذیر نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اتھارٹی کو خواتین کے خلاف آن لائن ہراسانی اور سائبر جرائم سے متعلق شکایات بھی موصول ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے کیسز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط حکمت عملی، مؤثر ریفرل نظام اور مضبوط رابطہ کاری انتہائی ضروری ہے۔ ڈاکٹر لبنیٰ نذیر نے پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی جانب سے خواتین کو فراہم کی جانے والی قانونی، طبی اور نفسیاتی معاونت سمیت دیگر خدمات کے بارے میں بھی آگاہ کیا اور خواتین کے تحفظ کے لیے محکمہ پراسیکیوشن کے تعاون کو سراہا۔ وزیر پراسیکیوشن پنجاب رانا بلال نے خواتین اور بچوں کے خلاف سائبر جرائم سے نمٹنے کے لیے پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی اور محکمہ پراسیکیوشن کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ آن لائن جرائم کی بدلتی ہوئی نوعیت کے پیش نظر مؤثر ادارہ جاتی اور قانونی اقدامات ناگزیر ہیں۔ اجلاس میں سائبر جرائم سے متعلق موجودہ قانونی فریم ورک کا جائزہ لینے اور خواتین و بچوں کے تحفظ کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ممکنہ قانون سازی اور پالیسی اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ شرکا نے متعلقہ محکموں کی استعداد کار بڑھانے اور صوبائی و ضلعی سطح پر رابطہ کاری کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ سائبر جرائم سے متعلق شکایات کو مؤثر ریفرل اور رسپانس میکانزم کے ذریعے بروقت نمٹایا جا سکے۔ اجلاس میں صنفی بنیادوں پر تشدد کے خلاف آگاہی اقدامات، بالخصوص 16 روزہ مہم برائے انسدادِ صنفی تشدد کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی اور عوامی آگاہی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مشترکہ سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی ڈاکٹر لبنیٰ نذیر نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد اور سائبر جرائم کے تدارک کے لیے تمام متعلقہ اداروں کی مشترکہ کوششیں ضروری ہیں تاکہ حکومتی زیرو ٹالرینس پالیسی کو مؤثر عملی اقدامات میں تبدیل کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر خواتین اور بچوں کو سائبر جرائم سے تحفظ فراہم کرنے، ادارہ جاتی رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے، شکایات کے مؤثر ریفرل اور متاثرین کو بروقت قانونی معاونت کی فراہمی کے لیے مشترکہ اقدامات جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ نمبر 24

دینے پر کشمیری عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں قانون سازی کا تمام عمل اچھے انداز سے مکمل ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ احتجاج کرنے والے اٹھ جائیں اور نظام کا حصہ بنیں، کیونکہ دھرنوں اور احتجاج سے نقصان عوام کا ہی ہوتا ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی سے شدید متاثر ہونے والا صوبہ ہے، صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ دہشت گردی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام صوبائی حکومت سے پوچھیں کہ اس نے ان کے لیے کیا کیا ہے؟

بقیہ نمبر 25

کے مطابق صحافیوں کے لیے مختص جگہ کے علاوہ دیگر مقامات پر ویڈیو ریکارڈنگ اور فوٹوگرافی پر پابندی ہوگی۔ سرکلر میں بتایا گیا کہ خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔ سرکلر کے مطابق خلاف ورزی کرنے والے افراد کے موبائل فون اور ریکارڈنگ کے آلات ضبط کر لیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 26

پی پی بی اے الائنس ایسوسی کلاس کے الیکشن میں ایک سیٹ بھی نہ جیت سکا، نتائج کے مطابق ایسوسی ایٹ کلاس کے کل 19087 ووٹوں میں سے 9728 ووٹ کاسٹ ہوئے، ویژن الائنس نے 4523 پینل ووٹس حاصل کر کے کلین سویپ کیا۔ لاہور چیمبر کے الیکشن کمشنر سجاد افضل نے کہا کہ پی پی بی اے نے 3470 پینل ووٹ حاصل کئے اور دوسرے نمبر پر رہے، پیاف میاں شفقت 39 پینل ووٹ حاصل کر سکا جبکہ 310 ووٹ منسوخ ہوئے اور سپلٹ ووٹ 1386 رہے، الیکشن پر امن ماحول میں ہونے پر الیکشن کمیشن اراکین نے ویژن الائنس، پی پی بی اے الائنس اور پیاف میاں شفقت گروپ کا شکریہ ادا کیا۔ اس سے ایک دن پہلے کارپوریٹ کلاس کے انتخابات میں ویژن الائنس نے 15 نشستوں میں 13 پر کامیابی حاصل کی جبکہ پی پی بی الائنس کے دو امیدوار کامیاب ہوئے، 30 ایگزیکٹو کمیٹی ممبران کے مرحلہ وار انتخابات میں 28 امیدوار ویژن الائنس جبکہ 2 امیدوار پی پی بی الائنس کے کامیاب ہو سکے ہیں۔ ویژن الائنس کے لیڈران خواجہ شاہ زیب اکرم نے کہا کہ لاہور کی بزنس کمیونٹی کا شکریہ ادا کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں، لاہور کی بزنس کمیونٹی سے کیا وعدہ نبھائیں گے اور لاہور کے تاجر کی عزت کی بحالی کیلئے میدان عمل میں رہیں گے۔ اس موقع پر ویژن الائنس کے رہنماؤں سہیل نثار، صابر حمید، ناصر حمید سمیت دیگر بھی موجود تھے، لاہور چیمبر کے نومنتخب عہدیداران نامزد صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر یکم اکتوبر سے اپنے عہدوں کا چارج سنبھالیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور چیمبر کے الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے پر ویژن الائنس کے رہنما علی حسام اصغر اور دیگر کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا، اپنے بیان میں وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ امید ہے لاہور چیمبر کے عہدیداران صنعت و تجارت کے فروغ میں حکومتِ پنجاب کا ساتھ نبھائیں گے۔

بقیہ نمبر 27

موقع پر پرنٹ میڈیا سے وابستہ صحافیوں اور آل پاکستان نیوز پیپر سوسائٹی اور پرنٹ میڈیا سے متعلقہ تمام تنظیموں کے عہدیداروں اور اراکان کو بھی مبارکباد دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اخبارات کے قارئین کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے بیان میں کہا کہ اخبار معلومات کی بھرمار کے موجودہ دور میں بھی اطلاعات کا مستند ذریعہ ہے۔ اخبارات میں ایڈیٹوریل چیک کے ذریعے غلط اور گمراہ کن معلومات کو روکنا قابل تحسین و تقلید ہے۔ اخبارات نے ہر دور میں شعور و آگاہی اور رائے عامہ کی صحیح سمت میں رہنمائی کیلئے اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قیام پاکستان کی تحریک کے دوران اخبارات نے عوام میں آزادی کا شعور بیدار کیا۔ تحریک آزادی کے دوران سیاسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ صحافتی جدوجہد بھی تاریخ کا حصہ ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اخبار کے مطالعہ کا شوق مجھے ورثے میں ملا، آج بھی وقت ملے تو اخبارات زیر مطالعہ آتے ہیں۔ ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا کے دور کے باوجود پرنٹ کی افادیت برقرار رہے گی۔ گمراہ کن اطلاعات میں معروضی صحافت کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ نوجوان نسل کو درست معلومات تک رسائی کیلئے اخبارات کے مطالعہ پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 28

تعداد صوبوں کو منتقل ہوئی اور عملی طور پر ملک چار حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے، صوبوں کو مالی وسائل مل رہے ہیں اس لیے ہم خاموش ہیں، تاہم آبادی میں اضافے اور انتظامی ضروریات کے باعث موجودہ نظام پر نظرثانی کی ضرورت ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بڑے صوبوں میں انتظامی امور اور وسائل کی تقسیم کے مسائل بڑھ رہے ہیں، اس لیے ملک میں نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کے قیام پر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے۔ ان کے مطابق چھوٹے انتظامی یونٹس قائم ہونے سے اختیارات عوام کی دہلیز تک پہنچانے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل سکتی ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ صرف کسی ایک علاقے یا جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ ملک کے انتظامی اور معاشی مستقبل سے متعلق اہم معاملہ ہے، جس پر سیاسی جماعتوں اور تمام متعلقہ حلقوں کو قومی سطح پر غور کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 29

ملکوں کے اعلیٰ فوجی حکام کا ہنگامی اجلاس بلانے کی تیاریوں پر بھی بات چیت کی۔ سعودی وزارت خارجہ کے مطابق ملاقات میں مکہ معاہدے کے تحت جنرل سیکرٹریٹ، کمیٹیوں اور ورکنگ گروپس کے قیام پر پیش رفت اور معاہدے پر عمل درآمد شروع کرنے کی تیاریوں کا جائزہ بھی لیا گیا۔ تینوں وزرائے خارجہ نے مکہ مکرمہ اور سعودی عرب کی شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی بھی شدید مذمت کی۔ وزرا نے سعودی مسلح افواج کی جانب سے ملک کے دفاع کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے سعودی عرب کے اپنے دفاع کے حق کی بھی حمایت کی۔ علاوہ ازیں ترک اسپیکر نے کہا کہ توقع ہے کہ دفاعی معاہدہ اگلے ماہ منظوری کے لیے پارلیمنٹ میں پیش کر دیا جائے گا، بین الاقوامی معاہدوں کے نفاذ کے لیے پارلیمانی منظوری کی ضرورت ہے، اس وقت معاہدے کے تحت ہونے والے تمام اجلاس ابتدائی مراحل کا حصہ ہیں۔

بقیہ نمبر 30

چینی صدر شی جن پنگ نے امریکی صدر ٹرمپ سے مطالبہ کیا کہ امریکا اور ایران اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کی طرف واپس آئیں۔ چینی سرکاری خبر رساں ایجنسی شنہوا کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ نے امریکا اور ایران پر زور دیا ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ کے تنازع کے حل کے لیے مذاکرات کی جانب واپس آئیں۔ چینی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق شی جن پنگ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے کہا کہ چین نے ہمیشہ یہ مؤقف اپنایا ہے کہ تمام ممالک کی خودمختاری اور سلامتی کا احترام کیا جانا چاہیے، چین متعلقہ فریقوں کو پُرامن حل کے لیے اپنے عزم پر قائم رہنے کی ترغیب دیتا رہا ہے۔ اس موقع پر امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ میرے چینی صدر کے ساتھ دوستانہ تعلقات ہیں، چین کے ساتھ متوازن تجارتی تعلقات قائم کرنے کیلئے کام کر رہے ہیں، سکیورٹی اور اے آئی سے متعلق اہم امور پر بھی بات کی جائے گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا اور چین کے بہتر مستقبل کے لیے چینی صدر کے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے۔ شی جن پنگ کے ساتھ تعلقات باہمی احترام اور عوامی مفادات کی بنیاد پر قائم ہیں۔

بقیہ نمبر 31

فنڈز سے مالی وسائل متحرک کر رہا ہے، ادارہ جاتی تقسیم موسمیاتی منصوبوں پر مؤثر عملدرآمد میں رکاوٹ ہے، سرمایہ کاری کے قابل منصوبوں کی کمی موسمیاتی مالی معاونت میں رکاوٹ ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ 2022 کے سیلاب کے بعد بعض عالمی مالی وسائل منصوبوں کی کمی سے استعمال نہ ہو سکے، موسمیاتی وعدوں کو عوام اور کمیونٹیز کیلئے ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنا ہوگا۔ وزیر خزانہ کے مطابق موسمیاتی اہداف کے حصول کے لیے ملکی اور بین الاقوامی ذرائع سے وسائل متحرک کرنا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 32

ہوا۔ جس میں پنجاب میں 300 مریم نواز ہاسپٹل (رورل ہیلتھ سنٹر) کو مکمل ہسپتالوں میں بدلنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ کلینک آن ویل کے لئے ڈیجیٹل میڈیکل باکس متعارف کرانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ ڈیجیٹل میڈیکل باکس میں الٹرا ساؤنڈ، بلڈ شوگر، سی بی سی اور ای سی جی کی جاسکے گی۔ ڈیجیٹل میڈیکل باکس سے کیمرہ منسلک کر کے ٹیلی کانفرنس بھی ہو سکے گی۔ اسی طرح موبائل سے لنک ہونیوالی سمارٹ الٹرا ساؤنڈ ڈیوائس بھی متعارف کرائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ صوبہ بھر میں بہترین کام کرنے پر ''ہسپتال آف دی منتھ'' کا اعزاز ملے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ناقص کارکردگی اور فرائض سے غفلت پر 4 ہسپتالوں کے ایم ایس فوری طور پر تبدیل کرنے اور ہنگامی صورتحال کیلئے ڈاکٹرز اور ایم ایس کا پول قائم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ضلعی اور تحصیل ہسپتالوں میں صفائی کی صورتحال اور پارکنگ کے امور بہتر بنانے کا حکم بھی دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں 40 ہزار سے زائد ڈاکٹرز اور الائیڈ ہیلتھ سٹاف کی بھرتی کی جا چکی ہے۔ 2524 ڈاکٹرز، 2482 ویمن میڈیکل آفیسر، 408 کنسلٹنٹ، 32 کارڈیالوجسٹ کی خدمات حاصل کر لی گئیں۔ 7572 ایل ایچ وی، 5048 سپورٹ سٹاف بھی پنجاب کے ہسپتالوں میں تعینات کیا جا چکا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ضلع میں نئی سٹی سکین مشین مہیا کرنے، موسمی اور عام امراض کیلئے ٹیلی میڈیسن سینٹر قائم کرنے کا حکم دیا۔ مریض ٹیلی میڈیسن سنٹر پر موجود ڈاکٹر سے ویڈیو کال پر مشاورت کر سکے گا۔ ٹیلی میڈیسن سنٹر سے مریض کو متعلقہ ہسپتال اور وارڈ میں ریفر کیا جائے گا۔ ٹیلی میڈیسن سنٹر ہی مریض کو متعلقہ وارڈ یا لیب وغیرہ سے ٹائم لے کر دے گا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ مریض کے معیاری علاج کے تجزیئے کیلئے کلینک کوالٹی کنٹرول آفیسر تعینات کیا جائے گا۔ پرائمری ہیلتھ کیئر میں ڈائریکٹوریٹ آف مانیٹرنگ اینڈ سرویلنس قائم، ہر ہسپتال کی 24 گھنٹے ڈیجیٹل نگرانی کی جائے گی۔ ہر ڈی ایچ کیو، ٹی ایچ کیو، مریم نواز ہسپتال، مریم نواز ہیلتھ کلینک، فیلڈ ہسپتال، کلینک آن ویل کی مکمل ڈیجیٹل نگرانی کی جا سکے گی۔ کمیونٹی ہیلتھ مانیٹرنگ ہیلتھ انسپکٹر کی مدد سے پنجاب میں 11 کروڑ 98 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن اور ڈیٹا مکمل کیا گیا۔ 3444 ذیابطیس ٹائپ ون مریضوں، ہیپاٹائٹس کے 14286 اور ٹی بی کے 13864 مریضوں کیلئے ادویات کی گھر میں فراہمی کی گئی۔ پرائیویٹ کلینکس کو ایچ آئی ایم ایس سسٹم سے منسلک کرنے کیلئے قانون سازی پر اتفاق کیا گیا۔ ویڈیو لنک اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پرائمری ہیلتھ اینڈ پاپولیشن نادیہ ثاقب نے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 33

موقع پر نیویارک میں ہوئی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا اور آئندہ ہونے والے تیسرے مشترکہ وزارتی کمیشن اجلاس کی تیاریوں پر بھی گفتگو کی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ بحرینی وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے علاقائی امن اور استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ ملاقات میں دونوں وزرائے خارجہ نے دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور دوطرفہ و کثیرالجہتی فورمز پر قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزارت خارجہ کے مطابق پاکستان اور بحرین کے درمیان مشترکہ وزارتی کمیشن کا مقصد تجارت اور اقتصادی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو آگے بڑھانا ہے، دونوں ممالک کے درمیان اس کمیشن کے اب تک دو اجلاس ہو چکے ہیں، آخری اجلاس جولائی 2021 میں بحرین میں ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 34

ان کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے امریکا کے 250 ویں یوم آزادی کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید محمد نہال ہاشمی نے امریکی حکومت اور عوام کو 250 ویں یوم آزادی پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مفادات اور عوامی روابط پر استوار ہیں، جنہیں معاشی اور تجارتی تعاون کے نئے مواقع تلاش کر کے مزید مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے سے باہمی تعلقات کو مزید وسعت دی جا سکتی ہے۔ تقریب میں اسپیکر سندھ اسمبلی، امریکی قونصل جنرل، سفارتی نمائندگان، سرکاری حکام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 35

طور پر مخاصمت کے خاتمے، جنگ بندی کے انتظامات کی سختی سے پاسداری، مقبوضہ لبنانی علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر لبنانی وزیراعظم نواف سلام سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماں نے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیتے ہوئے پاکستان اور لبنان کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مشرق وسطیٰ اور خطے کی مجموعی صورتحال میں ہونے والی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے لبنان کی خودمختاری، سیاسی آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کو دہرایا۔ وزیراعظم نے فوری طور پر مخاصمت کے خاتمے، جنگ بندی کے انتظامات کی سختی سے پاسداری، مقبوضہ لبنانی علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد پر زور دیا۔ دونوں رہنماں نے اعلیٰ سطحی روابط، تجارت و سرمایہ کاری، دفاع اور ادارہ جاتی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماں نے اقوام متحدہ اور دیگر کثیر الجہتی فورمز پر جاری اہم باہمی تعاون کا بھی اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 36

بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اتفاق کیا کہ مسلسل رابطے اور اعلیٰ سطح کے تبادلے دوطرفہ تعلقات کو گہرا کرنے اور باہمی طور پر فائدہ مند تعاون کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ دونوں وزرائے خارجہ نے باہمی مفاد کی علاقائی اور بین الاقوامی پیش رفتوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ سنگاپور کے وزیر خارجہ نے علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے مکالمے اور سفارت کاری کو فروغ دینے کی پاکستان کی کوششوں کی تعریف کی۔ دونوں وزرا نے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 37

شریف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے الیکشن میں کامیابی حاصل کرنے پر ویژن الائنس کے رہنما علی حسام اصغر، خواجہ شاہ زیب اکرم اور دیگر کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ امید ہے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران صنعت و تجارت کے فروغ میں حکومتِ پنجاب کا ساتھ نبھائیں گے۔

بقیہ نمبر 38

کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور اس کے اخراجات بھی پنجاب کے عوام کو ہی برداشت کرنا ہوں گے۔ مریم نواز کو جو چیز اپنی ذات کے لیے خریدنی تھی ویسی ہی پنجاب حکومت کے لیے خریدی ہے۔ خیبر پختونخواہ کے وزیر اطلاعات شفیع جان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شفیع جان ہیلی کاپٹر سے اترتے ہیں اور ٹک ٹاک بناتے ہیں تو کیا وہ ان کا ذاتی ہیلی کاپٹر ہے؟ شفیع جان وزیر اعلی سہیل آفریدی کے جہاز کو رکشے کی طرح استعمال کرتے ہیں۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ سابق وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف مسلم لیگ (ن) کی مقبول ترین شخصیات میں شامل ہیں۔ حمزہ شہباز شریف نے اپنے والد کے ساتھ ہاتھ بٹانے کا فیصلہ کیا ہے اور سرکاری ذمہ داریوں میں بھی ان کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ حمزہ شہباز نے پارٹی اور حکومت کے کام میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے اور وہ درویشانہ سوچ کے مالک ہیں۔

بقیہ نمبر 39

نے اس اہم کام کے آغاز کیلئے تمام ضروری انتظامات مکمل کیے۔ کمشنر دیامر استور ڈویژن عظیم اللہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر دیامر بھاشا ڈویلپمنٹ کمپنی انجینئر ڈاکٹر نزاکت حسین اور پراجیکٹ ڈائریکٹر دیامر بھاشا ڈیم انجینئر عارف علی نے واپڈا اور ضلعی انتظامیہ کے سینئر آفیسرز کے ہمراہ گینی کا دورہ کیا۔ اور پوزولان میٹریل نکالنے اور اس کی منتقلی کا جائزہ لیا۔ پراجیکٹ کنسلٹنٹس اور کنٹریکٹرز کے نمائندگان، مقامی عمائدین اور علمائے کرام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ شرکاء سے گفتگو میں کمشنر دیامر استور ڈویژن اور چیف ایگزیکٹو آفیسر دیامر بھاشا ڈویلپمنٹ کمپنی نے پراجیکٹ پر تعمیراتی کام کی رفتار تیز کرنے کے لیے باہمی رابطہ اور تعاون کو بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ مقامی عمائدین اور علمائے کرام نے دیامر بھاشا ڈیم کو علاقے کی سماجی اور معاشی ترقی کے لیے ایک اہم منصوبہ قرار دیا اور پراجیکٹ کی تکمیل میں بھرپور تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 40

کے افراد کے لیے میڈیکل فٹنس لازم ہے۔ جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹس کی روک تھام کے لیے ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا جا رہا ہے۔ ڈرائیونگ لائسنس مینجمنٹ سسٹم کو محکمہ صحت کے آن لائن نظام سے منسلک کرنے کی تجویز بھی ہے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹس براہِ راست محکمہ صحت کے پورٹل پر اپ لوڈ ہونے سے جعلی سرٹیفکیٹس کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ ٹریفک پولیس اور محکمہ صحت کے درمیان ریئل ٹائم ڈیٹا شیئرنگ سے تصدیقی عمل مزید مؤثر ہوگا۔ سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق آن لائن میڈیکل ویری فکیشن سے شفافیت، جوابدہی اور عوامی اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ کرپشن اور بدعنوانی کے امکانات کم کر کے عوام کو جدید اور آسان خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 41

بیہیوریل اینڈ سوشل سائنسز، پنجاب یونیورسٹی کی ڈین مقرر ہونے پر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ ذاکر کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر سرکاری و نجی شعبے کی جامعات کے موجودہ اور سابق وائس چانسلرز، مختلف فیکلٹیز کے ڈینز، سینئر اساتذہ، ممتاز ماہرین تعلیم اور دیگر شخصیات موجود تھیں۔ اپنے خطاب میں پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے پروفیسر ڈاکٹر روبینہ ذاکر کو فیکلٹی آف بیہیوریل اینڈ سوشل سائنسز کی ڈین مقرر ہونے پر مبارکباد دی اور پاکستان میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کے فروغ میں پنجاب یونیورسٹی کے کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی سے تعلیم و تربیت حاصل کرنے والے بڑی تعداد میں سکالرز اور ماہرین ملک بھر کی جامعات اور مختلف اداروں میں خدمات انجام دے رہے ہیں اور اعلیٰ تعلیم، تحقیق، عوامی خدمت اور مختلف پیشہ ورانہ شعبوں میں قابلِ قدر کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے تقریب میں سینئر ماہرین تعلیم اور جامعات کے رہنماؤں کی شرکت کو بھی سراہا اور کہا کہ اس نوعیت کی غیر رسمی ملاقاتیں تجربات کے تبادلے اور وسیع تر علمی برادری کے روابط مضبوط کرنے کے لیے اہم مواقع فراہم کرتی ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد زکریا ذاکر نے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امر کی اہمیت پر زور دیا کہ تعلیمی رہنماؤں کو رسمی اجلاسوں اور ادارہ جاتی سرگرمیوں سے ہٹ کر باہمی رابطے کے لیے بھی مواقع میسر آنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر رسمی اجتماعات کھلے دل کے ساتھ گفتگو، خیالات کے تبادلے، مشترکہ تجربات پر غور و فکر اور بامعنی علمی و پیشہ ورانہ روابط کے فروغ کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر روبینہ ذاکر نے وائس چانسلرز، ڈینز، ماہرین تعلیم اور دیگر معزز مہمانوں کا تقریب میں شرکت کرنے اور اپنی تقرری پر نیک خواہشات کا اظہار کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم میں قیادت ایک اجتماعی ذمہ داری ہے اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ فیکلٹی ممبران، محققین، طلبہ اور جامعات کی قیادت کے ساتھ مل کر فیکلٹی آف بیہیوریل اینڈ سوشل سائنسز کو مزید مضبوط بنانے کے لیے کام کریں گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جامعات صرف تدریس اور ڈگریاں جاری کرنے کے مراکز نہیں بلکہ فکری مشغولیت، تنقیدی سوچ، تحقیق، مکالمے اور علم کی تخلیق کے اہم مراکز بھی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس طرح کی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہے گا اور تعلیمی رہنماؤں کو ایک دوسرے سے سیکھنے اور مختلف جامعات کے درمیان مشترکہ علمی و تحقیقی اقدامات کو فروغ دینے کے مزید مواقع فراہم ہوں گے۔ تقریب نے مختلف جامعات کے ماہرین تعلیم و رہنماؤں کو ایک غیر رسمی مگر فکری طور پر مؤثر ماحول میں اکٹھا ہونے، تجربات شیئر کرنے، خیالات کا تبادلہ کرنے اور پیشہ ورانہ و باہمی روابط کو مضبوط بنانے کا اہم موقع فراہم کیا۔ یہ اجتماع نئے تعینات ہونے والے تعلیمی رہنماؤں کو خوش آمدید کہنے کے ساتھ ساتھ ان ساتھیوں کی خدمات کو سراہنے اور خراج تحسین پیش کرنے کا بھی موقع تھا جنہوں نے اپنی متعلقہ جامعات میں خدمات انجام دینے کے بعد اپنی مدتِ عہدہ مکمل کی۔

بقیہ نمبر 42

نئی قیمت 14.22 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 43

بیوٹی کے شعبے میں کامیاب مستقبل کے لیے ضروری تربیت فراہم کی۔ ورکشاپ کی خاص بات ''نو میک اَپ لک'' کا عملی مظاہرہ تھا، جس میں بغیر نمایاں میک اَپ کے چہرے کی خوبصورتی اجاگر کرنے کے طریقے سکھائے گئے۔ تسنیم عمران نے کہا کہ علیگڑھ انسٹیٹیوٹ میں یکم اکتوبر سے باقاعدہ بیوٹیشن کورس شروع کیا جارہا ہے، جس کا مقصد طالبات کو حسن و آرائش، میک اَپ اور جلد کی نگہداشت کے شعبوں میں جدید اور عملی تربیت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ ہنر حاصل کر کے باعزت روزگار کے ساتھ اپنا کاروبار بھی شروع کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بیوٹی کے شعبے میں کامیابی کے لیے صرف میک اَپ سیکھنا کافی نہیں بلکہ صفائی، اعتماد، تخلیقی صلاحیت، گاہکوں سے بہتر برتاؤ اور مسلسل سیکھنے کی بھی ضرورت ہے، جبکہ عملی تربیتی نشستیں طالبات کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ کنوینر علیگڑھ انسٹیٹیوٹ سید محمد محسن کاظم اور پرنسپل شاہد جمیل نے ورکشاپ کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہنر پر مبنی تعلیم نوجوانوں، خصوصاً خواتین، کے لیے باعزت روزگار اور خود روزگاری کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے شعبہ بیوٹیشن کی سربراہ تسنیم عمران اور چیریز کاسمیٹکس کے تعاون کو بھی سراہا۔ شرکاء نے سائرہ راحت راؤ کی عملی رہنمائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ورکشاپ سے انہیں جدید طریقہ کار کے ساتھ بیوٹی کے شعبے میں پیشہ ورانہ مستقبل اور اپنا کاروبار شروع کرنے کے حوالے سے بھی مفید معلومات حاصل ہوئیں۔

بقیہ نمبر 44

کی تلاش میں تعاون کریں۔ اہل خانہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ جمشید خان کی تصویر اور گمشدگی کی اطلاع زیادہ سے زیادہ شیئر کی جائے تاکہ ان کی تلاش میں مدد مل سکے۔

بقیہ نمبر 45

میانی ملکوال روڈ پر تیز رفتار مسافر کوسٹر کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں واپڈا اہلکار عرفان لائن مین کا آئی سی ایس طالب علم بیٹا عبدالمقسط جاں بحق ہو گیا۔ جس کو نماز جنازہ ادا کر کے آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 46

پورٹ قاسم اتھارٹی کے اشتراک سے بندرگاہ پر خوردنی تیل کا صنعتی سٹی قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ پاکستان وناسپتی مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) ہاؤس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت مجوزہ صنعتی زون کے قیام میں صنعت کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور پورٹ قاسم پر ضروری بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خوردنی تیل کی صنعت ملکی محصولات میں اہم حصہ ڈال رہی ہے اور اس شعبے سے درآمدات کی مد میں کسٹمز ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس کی صورت میں خاطر خواہ ریونیو حاصل ہوتا ہے۔ محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ حکومت پورٹ قاسم پر صنعتی اور تجارتی زونز قائم کر رہی ہے تاکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے ساتھ مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں اضافہ ہو جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ پورٹ قاسم پر 150 ایکڑ رقبے پر آٹو موٹیو پراسیسنگ زون قائم کیا جائے گا، جسے مارکیٹ کی طلب کے مطابق مرحلہ وار وسعت دی جاسکے گی، جبکہ 250 ایکڑ پر ملبوسات کا زون بھی قائم کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق ملبوسات زون کے پہلے مرحلے سے ایک لاکھ 38 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع پیدا ہونے اور سالانہ تقریباً 2.2 ارب ڈالر کی برآمدات متوقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورٹ قاسم میں زمین سے متعلق مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور قابل عمل کاروباری منصوبے پیش کرنے والے سرمایہ کاروں کو زمین الاٹ کی جائے گی۔ پورٹ قاسم میں پانی کی قلت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سمندری پانی کو صاف کر کے بندرگاہ پر دوبارہ قابل استعمال بنانے کے لیے صنعتکاروں کے ساتھ بزنس ماڈل بنا کر واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے پی وی ایم اے کو مجوزہ منصوبے میں شریک ہونے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن پورٹ قاسم کے ساتھ مل کر صنعت کی پانی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے نظام قائم اور چلانے میں کردار ادا کر سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پورٹ قاسم پر سہولیات اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے کی خواہاں ہے۔

بقیہ نمبر 47

فنڈڈ فتنہ قرار دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ یہ سیاسی جماعت نہیں بلکہ بیرونی فنڈنگ کے تحت پاکستان کے خلاف منصوبہ بندی کرنے والوں کی سہولت کار ہے۔ سیاسی جماعت کا لبادہ اوڑھ کر پی ٹی آئی نے ہمیشہ ریاست کے خلاف دہشت گردی کی ہے۔ مریم اورنگزیب نے طنز کرتے ہوئے کہا کہ کیا احتجاج اس لیے کیا جا رہا ہے کہ ملک کیوں ڈیفالٹ سے بچ گیا اور پاکستان کی سفارتی ساکھ کیوں بحال ہوئی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ احتجاج کی تیاری کرنے والے عناصر ایک مرتبہ پھر پولیس اور رینجرز اہلکاروں پر حملوں، ایمبولینسز جلانے اور عوام کے کاروبار، روزگار، نوجوانوں کی تعلیم اور مزدوروں کے روزگار کو متاثر کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 48

187، ڈیفنس 186 ریکارڈ کی گئی۔ لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس عالمی ادارہ صحت گائیڈ لائنز سے 19 گنا مضر ہے، عالمی مانیٹرز کے مطابق رواں ہفتے لاہور میں فضائی آلودگی میں اضافہ ہوا۔ طبی ماہرین نے شہریوں کو گھروں کے دروازے، کھڑکیاں بند رکھنے جبکہ موٹر سائیکل سوار ماسک کا استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 49

ایک نشست میں شرکت کی۔ شرکاء میں پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور، پشاور اور ٹیکسلا کے سابق طلباء شامل تھے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی رکن پارلیمنٹ اسلم رانا تھے، جو خود بھی پاکستان کی یونیورسٹیوں برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے سابق طالب علم رہے ہیں۔ ہائی کمشنر محمد سلیم نے کینیڈا میں سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے پاکستانی نژاد پیشہ ور افراد کی گراں قدر خدمات کو سراہا۔ محمد سلیم نے انجینئرنگ اور دیگر ہائی ٹیک (جدید ٹیکنالوجی) کے شعبوں میں پاکستان اور کینیڈا کے درمیان تعاون کو بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 50

جائے اور جھوٹی و گمراہ کن اطلاعات کی بروقت نشاندہی، تصدیق اور تدارک کیلئے مؤثر نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ فیک نیوز بنانے اور پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے این سی سی آئی اے سے معاونت حاصل کی جائے۔ سینئر وزیر نے محکمہ اطلاعات اور این سی سی آئی اے کے درمیان تعاون مزید بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فیک نیوز کی روک تھام کیلئے تمام دستیاب ذرائع اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کا بیانیہ امن، رواداری، بین الصوبائی ہم آہنگی اور قومی اتحاد پر مبنی ہے، اسے مزید مؤثر اور مضبوط بنانے کیلئے اضافی اقدامات کیے جائیں۔ شرجیل انعام میمن نے ہدایت کی کہ محکمہ اطلاعات سندھ حکومت کے مثبت اور تعمیری اقدامات کو اجاگر کرنے کیلئے جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ کرے اور تمام طبقات کے نمائندوں کو حکومت کے بیانیے کا حصہ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات فیک نیوز کی مانیٹرنگ کے ساتھ سندھ حکومت کے مثبت بیانیے کی مؤثر ترویج پر بھی توجہ دے۔

لیسکو ہیڈکوارٹرز سمیت تمام دفاتر اور گرڈ سٹیشنز کی سکیورٹی سخت

داخلی و خارجی راستوں پر ملازمین، افسران، وزیٹرز کی موثر سکریننگ، چیکنگ یقینی بنانے کا حکم

لاہور (آئی این پی) ملکی حالات کے پیش نظر لیسکو نے ہیڈکوارٹرز، تمام دفاتر، گرڈ سٹیشنز اور اہم تنصیبات کی سکیورٹی مزید موثر بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ لیسکو کی جانب سے جاری ہدایات کے مطابق تمام داخلی و خارجی راستوں پر ملازمین، افسران اور وزیٹرز کی موثر سکریننگ اور چیکنگ یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔ دفاتر میں داخل ہونے والی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور دیگر وہیکلز کی مکمل چیکنگ کی بھی ہدایت جاری کی گئی ہے، جبکہ غیر متعلقہ افراد کو بغیر اجازت اہم تنصیبات میں داخلے کی اجازت نہ دینے کا حکم دیا گیا ہے۔

کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک کرنے کا فیصلہ

جرائم میں ملوث ڈرائیورز کے لائسنس منسوخ اور گرفتاری بھی عمل میں لائی جائیگی، سی ٹی او

لاہور (آئی این پی) کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، ایل ٹی وی، ایچ ٹی وی اور پی ایس وی لائسنس ہولڈرز کی چھان بین شروع کردی گئی۔ سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی کے مطابق رجسٹرڈ کمرشل گاڑیوں، ہیوی وہیکلز اور بس ڈرائیورز کا کریمنل ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے جبکہ لاری اڈوں سے ڈرائیورز کی تفصیلات بھی حاصل کی جارہی ہیں۔ سی ٹی او کے مطابق کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لائسنز کے ساتھ سی آر او چیکنگ بھی جاری ہے، جس کے تحت ڈرائیورز کی تفصیلات حاصل کرکے کریمنل ریکارڈ رکھنے والے ڈرائیورز کا ڈیٹا اپڈیٹ کیا جائے گا۔

کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی کی زیرصدارت ہیڈ آفس میں اہم جائزہ اجلاس

لاہور گلبرگ، ساؤتھ، ماڈل ٹاؤن، سٹی اور شاہدرہ ڈائریکٹوریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

لاہور (آئی این پی) کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل کی زیرصدارت ہیڈ آفس میں اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں لاہور گلبرگ، ساؤتھ، ماڈل ٹاؤن، سٹی اور شاہدرہ ڈائریکٹوریٹس کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران راشن کارڈز کی بائیومیٹرک تصدیق کے عمل سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن اور پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ کی ریکوری کے اہداف کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ ڈائریکٹوریٹس میں ریکوری کے اہداف اور اب تک کی پیش رفت کے بارے میں کمشنر کو آگاہ کیا گیا۔

اسسٹنٹ کمشنر کے قتل کیس میں سزائے موت، عمر قید پانے والا باپ بیٹا بری

ہائیکورٹ نے دونوں ملزمان کو سزا سنانے کا سیشن عدالت چنیوٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے اسسٹنٹ کمشنر جھنگ عمران جعفر کے قتل کیس میں سزائے موت اور عمر قید پانے والے باپ بیٹے کو بری کر دیا، عدالت نے دونوں ملزمان کو سزا سنانے کا سیشن عدالت چنیوٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری اور جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ملزمان اصغر علی اور اس کے بیٹے سہیل اصغر کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ استغاثہ کی جانب سے پیش کیے گئے چشم دید گواہوں کی موقع پر موجودگی قابلِ اعتماد شواہد سے ثابت نہیں ہوتی۔

مریم نواز پنجاب کیلئے بہترین منصوبے دیتی ہیں تو بہترین جہاز کیوں نہ خریدیں، خواجہ عمران نذیر

حمزہ شہباز (ن) کی مقبول ترین شخصیات میں شامل ہیں، درویشانہ سوچ کے مالک ہیں' وزیر صحت

خیبر پختونخواہ کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی جب لاہور میں اسٹریٹ موومنٹ کررہے تھے تو کیا انہوں نے یہ رسیدیں دکھائیں کہ اپنے نجی دورے کے اخراجات کہاں سے ادا کیے

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اپنے صوبے کے لیے بہترین منصوبے دے رہی ہیں تو انہیں بہترین جہاز خریدنے پر تنقید کا نشانہ کیوں بنایا جا رہا ہے؟، مریم نواز نے اپنے نجی دورے کے اخراجات اپنی جیب سے ادا کیے ہیں۔ ایک انٹرویو مین انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا ہ کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی جب لاہور میں اسٹریٹ موومنٹ کررہے تھے تو کیا انہوں نے یہ رسیدیں دکھائیں کہ اپنے نجی دورے کے اخراجات کہاں سے ادا کیے؟۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے صوبے کو بیسٹ آف دی بیسٹ ایئر ایمبولینس دی، لیپ ٹاپ فراہم کیے اور سڑکوں کا جال بچھایا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر مریم نواز اپنے صوبے کے لیے بیسٹ آف دی بیسٹ منصوبے دے رہی ہیں تو وہ بیسٹ آف دی بیسٹ جہاز کیوں نہ خریدیں؟، اگر ہلکا جہاز خریدا جائے تو ہر 10، 15 دن بعد اس کی دیکھ بھال اور مرمت (بقیہ نمبر 38)

لاہور: چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان اخطیب و امام بادشاہی مسجد مولانا سید عبدالخبیر آزاد بادشاہی مسجد میں جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ پر ایک اور اہم ہدف حاصل، گینی ایریا سے پوزولان میٹریل نکالنے کا آغاز

پوزولان مین ڈیم کی تعمیر پر آر سی سی ورکس کیلئے درکار بنیادی اور اہم میٹریل میں شامل ہے

پوزولان کی پراسیسنگ کے بعد مین ڈیم کی تعمیر کیلئے آر سی سی بچھانے کا باقاعدہ عمل جلد شروع ہوجائے گا

لاہور (آئی این پی) دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ پر مین ڈیم کی تعمیر کے لیے ایک اور اہم ہدف حاصل کرلیا گیا۔ دیامر کے علاقے گینی سے مین ڈیم کی تعمیر میں استعمال ہونے والے بنیادی اور اہم پوزولان میٹریل کو نکالنے اور تعمیراتی مقام تک منتقل کرنے کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے، یہ پیش رفت مین ڈیم کی تعمیر کے اگلے مرحلے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ گینی سے حاصل ہونے والا پوزولان میٹریل پراسیسنگ کے بعد مین ڈیم کے رولر کمپیکٹڈ کنکریٹ (آر سی سی) ورکس میں استعمال کیا جائے گا۔ پراجیکٹ کے مین ڈیم کی تعمیر کیلئے آر سی سی بچھانے کا عمل جلد شروع ہوگا۔ گینی سے پوزولان میٹریل نکالنے اور اسے مطلوبہ جگہ تک منتقل کرنے کا یہ عمل چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد سعید اور چیف سیکریٹری گلگت بلتستان ارشد مجید مہمند کی ہدایات پر شروع کیا گیا ہے۔ ان ہدایات کی روشنی میں دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ مینجمنٹ اور ضلعی انتظامیہ (بقیہ نمبر 39)

HOME DEPARTMENT

لاہور محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن وامان کے 60 ویں اجلاس میں صوبائی وزراء خواجہ سلمان رفیق، بلال یاسین سید عاشق حسین کرمانی اور معاون خصوصی رانا بلال احمد اظہار خیال کررہے ہیں

جنوبی پنجاب میں انفراسٹرکچر کے قیام سے لوگوں کا معیار زندگی بلند ہوگا' ملک صہیب احمد بھرتھ

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات کی زیرصدارت سی اینڈ ڈبلیو ساؤتھ سکریٹریٹ کی شاہراہوں و بلڈنگز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیرصدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سی اینڈ ڈبلیو ساؤتھ سیکرٹریٹ کی شاہراہوں اور بلڈنگز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری آفتاب پیرزادہ، چیف انجینئر ہائی وے ساؤتھ، چیف انجینئر بلڈنگز نارتھ اور ایکسیئنز نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کو جنوبی پنجاب میں شاہراہوں اور بلڈنگز کے منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر نے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کو مزید مضبوط کرنے کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔

لاہور چیمبر کے انتخابات میں ویژن الائنس کو بھرپور کامیابی پر مبارکباد

تاجروں نے انجم نثار ٹولے کی 40 سالہ مسلط آمریت کو دفن کردیا' رہنما پی ٹی آئی میاں شاہد حسین

لاہور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی بانی رہنما الحاج میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ لاہور چیمبر کے انتخابات میں ویژن الائنس کو بھرپور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ امید ہے نومنتخب عہدیدوران تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھانہیں رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کی تاجر برادری نے انجم نثار ٹولے کی لاہور چیمبر پر 40 سالہ مسلط آمریت کو دفن کرکے بحیرہ عرب میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے دفن کردیا ہے

چیئرمین سی ڈی اے کا نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ

تمام کام منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی تقاضوں کے عین مطابق مکمل کیے جائیں، چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے نیشنل پولیس اکیڈمی (این پی اے) اسلام آباد کا دورہ کیا اور سی ڈی اے کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دورے کا مقصد منصوبے پر کام کی رفتار، تعمیراتی کام کے معیار اور مقررہ معیارات کا جائزہ لینا جبکہ قانون کے مطابق منصوبے کی بروقت اور بلا رکاوٹ تکمیل کے لیے ضروری اقدامات کا تعین کرنا تھا۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے نے جاری ترقیاتی منصوبے کا معائنہ کیا اور سائٹ پر کام کی رفتار اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا۔

لاہور: چیئرمین پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی شہزادا اعظم خان سپیڈ مک بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 177 ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

فیض گنج میں پانی چوری، ایس ڈی او معطل، 2 اعلیٰ افسران کو شوکاز

محکمہ آبپاشی کا غیر قانونی پائپ لائنز اور لفٹنگ مشینوں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ، چیف انجینئر سکھر بیراج کا ہیڈکوارٹر 2 ماہ کیلئے فیض گنج منتقل

سکھر (آئی این پی) سندھ حکومت نے تعلقہ فیض گنج میں پانی کی قلت اور لفٹ مشینوں کے ذریعے پانی چوری کے خلاف کاشتکاروں کے احتجاج کا نوٹس لیتے ہوئے فیض گنج سب ڈویژن کے ایس ڈی او رحمت اللہ ابڑو کو معطل کرکے کراچی رپورٹ کرنے کی ہدایت کردی۔ محکمہ آبپاشی سندھ کے ترجمان کے مطابق ایس ای خیرپور اور چیف انجینئر سکھر بیراج (لیفٹ بینک) غلام مجتبیٰ دھامراہ کو بھی وضاحت طلب نوٹس جاری کردیے گئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق غیر قانونی پائپ لائنز اور لفٹنگ مشینوں کے ذریعے پانی چوری کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے

لاہور: آئی ٹی کورسز کے سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کی تقریب کے موقع پر ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن اور محکمہ تعلیم کے افسران کے ہمراہ طلباء و طالبات کا گروپ فوٹو

سندھ ہائیکورٹ کے احاطے میں ویڈیو اور فوٹوگرافی پر پابندی

کمرہ عدالت، راہداریوں، انتظار گاہوں اور دفاتر میں ریکارڈنگ ممنوع، صحافیوں کیلئے مختص جگہ پابندی سے مستثنیٰ

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ نے عدالتی احاطے میں ویڈیو بنانے اور فوٹوگرافی پر پابندی عائد کردی۔ جاری سرکلر کے مطابق سندھ ہائیکورٹ کے کمرہ عدالت، راہداریوں، انتظار گاہوں، دفاتر اور دیگر عدالتی مقامات پر ویڈیو اور فوٹوگرافی کے ذریعے ریکارڈنگ ممنوع ہوگی۔ سرکلر کے مطابق صحافیوں کیلئے مختص جگہ پابندی سے مستثنیٰ ہوگی، جہاں وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے سکیں گے۔ عدالت کی جانب سے جاری ہدایات میں کہا گیا ہے کہ پابندی کی خلاف ورزی پر موبائل فون یا ریکارڈنگ ڈیوائس ضبط کرنے سمیت قانون کے مطابق کارروائی کی جاسکتی ہے۔

ایس آئی او وی ایس میں جدید آنکھوں کی سرجری کی لائیو ورکشاپ شروع

برطانیہ کے ماہر سرجنز مقامی ماہرین کو کارنیل اور لیکریمل سرجری کی جدید تکنیکوں کی عملی تربیت دے رہے ہیں

سکھر (آئی این پی) سندھ انسٹیٹیوٹ آف آفتھالمولوجی اینڈ ویژول سائنسز میں وژن فار ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے اشتراک سے تین روزہ لائیو سرجری ورکشاپ کا آغاز ہوگیا، جو 25 ستمبر تک ایس آئی او وی ایس کیمپس میں جاری رہے گی۔ ورکشاپ کا مقصد مقامی ماہرین امراض چشم کو برطانیہ سے آنے والے ماہر سرجنز کے ذریعے جدید کارنیل اور لیکریمل سرجری کی عملی تربیت فراہم کرنا ہے۔

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی کو ڈین فیکلٹی آف ہیوریل اینڈ سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر روبینہ ذاکر پھولوں کا گلدستہ پیش کررہی ہیں

کینال روڈ پر ستھرا پنجاب کے چنگ چی اور لوڈر رکشوں پر پابندی کی تجویز

لاور (آئی این پی) کینال روڈ پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے سی ٹی او لاہور نے ستھرا پنجاب کے چنگ چی اور لوڈر رکشوں کے استعمال پر پابندی کی تجویز دے دی۔ سی ٹی او لاہور کی جانب سے ستھرا پنجاب انتظامیہ کو مراسلہ ارسال کیا گیا ہے جس میں کینال روڈ پر صفائی آپریشن کے لیے چنگ چی اور لوڈر رکشوں کے بجائے دیگر گاڑیاں استعمال کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔

پنجاب یونیورسٹی علمی و تحقیقی سرگرمیوں کا اہم مرکز ہے' پروفیسر ڈاکٹر محمد علی

لاہور (آئی این پی) وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی تاریخی طور پر تعلیم و تحقیق، علمی سرگرمیوں اور پیشہ ورانہ ترقی کا ایک اہم مرکز رہی ہے۔ وہ وائس چانسلر یونیورسٹی آف کوٹلی، یونیورسٹی آف پونچھ اور سابق وائس چانسلر یونیورسٹی آف اوکاڑہ پروفیسر ڈاکٹر محمد زکریا ذاکر کی طرف سے فیکلٹی آف (بقیہ نمبر 41)

پولیس کی کارروائیاں، 2 منشیات فروش گرفتار

لاہور (آئی این پی) لٹن روڈ اور ریس کورس پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 2 مبینہ منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی سول لائنز کے مطابق پولیس نے خفیہ اطلاع پر مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 1320 گرام چرس اور 760 گرام آئس برآمد ہوئی ہے۔

ملکی انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین، پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا

2025ء میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے' ایس ای سی پی

لاہور (آئی این پی) ملکی انشورنس صنعت کے اثاثے 4.1 ٹریلین روپے اور پریمیم 778 ارب تک پہنچ گیا ہے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس انڈسٹری کی ڈیٹا رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق 2025ء میں انشورنس کمپنیوں نے 10 لاکھ سے زائد کلیمز ادا کیے۔ واضح رہے کہ انشورنس انڈسٹری کے ادا کیے گئے کلیمز کا ڈیٹا پہلی بار جاری کیا گیا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق لائف انشورنس سیکٹر میں مجموعی طور پر 410 ارب روپے کے کلیمز ادا کیے گئے جبکہ نان لائف انشورنس کمپنیوں نے 132 ارب روپے کے کلیمز کی ادائیگی کی۔ لائف انشورنس کمپنیوں نے وفات سے متعلق 33 ہزار سے زائد کلیمز ادا کیے۔

1134 نمبر لینے کے باوجود دوسری پوزیشن نہ ملنے کیخلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے انٹرمیڈیٹ کے آئی سی ایس امتحان میں 1134 نمبر حاصل کرنے کے باوجود دوسری پوزیشن نہ دیے جانے کے خلاف درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت 2 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

سابق وزیراعظم پاکستان آئی آئی چندریگر کی 66 ویں برسی (آج) منائی جائے گی

مکوآنہ (آئی این پی) پاکستان کے سابق وزیر اعظم آئی آئی چندریگر (ابراہیم اسماعیل چندریگر) کی 66 ویں برسی (آج) 26 ستمبر کو منائی جائے گی وہ 17 اکتوبر 1957 سے 16 دسمبر 1957 تک پاکستان کے وزیراعظم رہے۔ آئی آئی چندریگر 1897 میں احمد آباد میں پیدا ہوئے۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جوہری ہتھیاروں کے خاتمہ کا عالمی دن (آج) منایا گیا

مکوآنہ (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جوہری ہتھیاروں کے خاتمہ کا عالمی دن (آج) 26 ستمبر کو منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد جوہری تجربات سے انسانی آبادی اور ماحولیات کو پہنچنے والے نقصانات کے بارے میں عام آدمی کو آگاہی فراہم کرنا تھا۔

بابائے جمہوریت نواب زادہ نصر اللہ خاں کی 23 ویں برسی (آج) منائی جائے گی

مکوآنہ (آئی این پی) بابائے جمہوریت نواب زادہ نصر اللہ خاں کی 23 ویں برسی (آج) 26 ستمبر کو منائی جائے گی۔ نواب زادہ نصر اللہ خاں 1918 میں جنوبی پنجاب کے ضلع مظفر گڑھ کے علاقہ خان گڑھ میں پیدا ہوئے وہ نصف صدی سے زائد تک خارزار سیاست میں آبلہ پائی کرتے رہے

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو کمی، فارمی انڈے مہنگے

لاہور (آئی این پی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 7 روپے کمی سے 439 روپے، زندہ برائلر کی قیمت 5 روپے کمی سے 303 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت ایک روپے اضافے سے 260 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

سرگودھا میں تیز رفتار مسافر کوسٹر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار آئی سی ایس کا طالب علم جاں بحق

سرگودھا (آئی این پی) سرگودھا میں تیز رفتار مسافر کوسٹر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار آئی سی ایس کا طالب علم جاں بحق ہوگیا جس کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ سے (بقیہ نمبر 45)

نوکری کا جھانسہ دے کر 13 سالہ نوجوان لڑکی کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنا دیا گیا

ملزم نے لڑکی کو زیادہ تنخواہ والی نوکری کا جھانسہ دیا اور ورغلا کر نا معلوم مقام پر واقع گھر میں لے گیا

لاہور (آئی این پی) لاہور میں لیاقت آباد میں نوکری کا جھانسہ دے کر 13 سالہ بچی سے زیادتی کے واقعہ پیش آیا ہے، پولیس نے ملوث ملزم کو ٹریس کرکے گرفتار کرلیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق بچی بہار کالونی میں واقع ایک گھر میں کام کرتی تھی، ملزم نے اسے زیادہ تنخواہ والی نوکری کا جھانسہ دیا اور ورغلا کرنا معلوم مقام پر واقع ایک گھر لے گیا۔ ایس پی ماڈل ٹان نے بتایا کہ ملزم نے بچی کو نشہ آور دوا پلا کر زیادتی کا نشانہ بنایا جبکہ اس کی نازیبا ویڈیو بھی بنائی اور ویڈیو کی بابت اسے بلیک میل کرتا رہا۔ پولیس کے مطابق ملزم اویس کے خلاف مقدمہ درج کرکے اسے جینڈر سیل کے حوالے کردیا گیا ہے۔

ڈرائیونگ لائسنس کے لئے 13 سرکاری ہسپتالوں میں مفت میڈیکل سٹیفکیٹ کی سہولت

جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹس کی روک تھام کے لیے ڈیجیٹل نظام متعارف کرایا جارہا ہے' سی ٹی او

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن پر ڈرائیونگ لائسنس کے لیے فری میڈیکل سٹیفکیٹ کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے جس کے تحت شہر کے 13 ہسپتالوں میں مفت ڈرائیونگ لائسنس فٹنس سرٹیفکیٹس کے لیے کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں۔ سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی کے مطابق ان ہسپتالوں میں ڈی ایچ کیو میاں میر ہسپتال، ڈی ایچ کیو مزنگ، جنرل ہسپتال غازی آباد، تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال سبزہ زار، گورنمنٹ ہسپتال سمن آباد، گورنمنٹ جنرل ہسپتال قلعہ گجر سنگھ، گورنمنٹ جنرل ہسپتال شاہدرہ، تحصیل ہیڈکوارٹرز بلال گنج، گورنمنٹ ہسپتال سوڈیوال، تحصیل ہیڈکوارٹرز کاہنہ، تحصیل ہیڈکوارٹر رائے ونڈ اور گورنمنٹ آئی اینڈ جنرل ہسپتال سوامی نگر شالیمار شامل ہیں۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق کمرشل لائسنس اور پچاس سال سے زائد عمر کے افراد کے لیے میڈیکل فٹنس لازم ہے۔ جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹس کی روک تھام کے (بقیہ نمبر 40)

لاہور، مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار، ورلڈ بینک گروپ کے ریجنل ڈائریکٹر مشیل روگی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کررہے

ریاض ٹیکسٹائل ملز سے 10 کروڑ 18 لاکھ سے زائد روپے کی ریکوری کا نوٹس کالعدم قرار

محض آڈٹ اعتراض کی بنیاد پر متنازع کسٹمز ڈیوٹی کی ریکوری نہیں کی جاسکتی' لاہور ہائیکورٹ کا تحریری فیصلہ

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے ریاض ٹیکسٹائل ملز سے 10 کروڑ 18 لاکھ 83 ہزار 37 روپے کی ریگولیٹری ڈیوٹی کی ریکوری کا نوٹس کالعدم قرار دیتے ہوئے متعلقہ اتھارٹی کو معاملہ قانون کے مطابق ازسرنو دیکھنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس حسن نواز مخدوم کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے ریاض ٹیکسٹائل ملز کی درخواست پر سات صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، جسے عدالتی نظیر قرار دیا گیا ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ محض آڈٹ اعتراض کی بنیاد پر متنازع کسٹمز ڈیوٹی کی ریکوری نہیں کی جاسکتی۔ آڈٹ اعتراض کسٹمز ڈیوٹی کی ذمہ داری کے تعین کا متبادل نہیں ہوسکتا۔

A Foundation of Ownership.
A Future of Dignity.

لاہور سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے گریڈ 18 کے زیر تربیت افسران پر مشتمل وفد سے ملاقات کررہے ہیں

ریسرچ اسسٹنٹ کی اپگریڈیشن، عدالتی حکم پر عمل نہ ہونے پر حکام کو شوکاز

سندھ ہائیکورٹ کا اظہار برہمی، آئندہ سماعت تک عمل درآمد رپورٹ پیش کرنے کا حکم

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ میں میرین فشریز ڈپارٹمنٹ کے ریسرچ اسسٹنٹ کی اپگریڈیشن سے متعلق عدالتی احکامات پر عمل درآمد نہ کرنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے عدالتی احکامات پر عمل درآمد نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ اپریل میں میرین فشریز ڈپارٹمنٹ نے اپگریڈیشن سے متعلق سفارشات ارسال کرنے کا بیان دیا تھا، تاہم تاحال معاملہ حل نہیں ہوسکا۔ میرین فشریز ڈپارٹمنٹ کی جانب سے عدالت کو بتایا گیا کہ معاملہ فنانس اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے پاس زیر غور ہے۔

25 ستمبر – فارماسسٹوں کے حقوق کا دن
احتجاج ! احتجاج !
فارماسسٹوں کو حقوق دو
100
0322-4453577

لاہور: فارماسسٹوں کے عالمی دن کے موقع پر فارماسسٹ پریس کلب کے سامنے اپنے مطالبات کے لیے احتجاج کررہے ہیں

محمود آباد سے جمشید خان ایک ماہ سے زائد عرصے سے لاپتہ

گمشدگی کے وقت ایم اے جناح روڈ پر مزار قائد کے قریب ایکسرے سینٹر گئے تھے، اہل خانہ کی شہریوں سے تلاش میں مدد کی اپیل

کراچی (آئی این پی) محمود آباد کے علاقے سے تعلق رکھنے والے 45 سے 50 سالہ جمشید خان ولد کامیاب خان 10 اگست 2026 سے لاپتہ ہیں، ایک ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ان کا تاحال کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ اہل خانہ کے مطابق جمشید خان دماغی رسولی کے مرض میں مبتلا اور ڈاکٹر مبین اختر اسپتال میں زیر علاج تھے۔ گمشدگی کے روز وہ اپنے بہنوئی کے ہمراہ دانتوں کے ایکسرے کے لیے ایم اے جناح روڈ پر مزار قائد کے قریب واقع کراچی ایکس رے سینٹر گئے تھے، جہاں سے وہ لاپتہ ہوگئے۔ جمشید خان کا تعلق کے ڈی اے ٹی پی-2، محمود آباد نمبر 2، کراچی سے بتایا گیا ہے۔ ان کے بھائی خورشید خان نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ جمشید خان (بقیہ نمبر 44)

بی وائی ڈی کی 10 ہزار گاڑیوں کا پاکستانی سڑکوں پر آنے کا سنگ میل

میگا موٹر کمپنی کا اعلان، نیو انرجی گاڑیوں کے 5 ماڈلز پاکستانی مارکیٹ میں دستیاب، مقامی اسمبلی پلانٹ زیر تعمیر

کراچی (آئی این پی) پاکستان میں بی وائی ڈی کے آفیشل پارٹنر میگا موٹر کمپنی نے اعلان کیا ہے کہ بی وائی ڈی کی 10 ہزار گاڑیاں پاکستانی سڑکوں پر آچکی ہیں، جو ملک کی نیو انرجی گاڑیوں کی مارکیٹ میں کمپنی کی اہم پیش رفت ہے۔ کمپنی کے مطابق بی وائی ڈی نے پاکستان میں ایٹو 3 اور سیل کے ساتھ مارکیٹ میں قدم رکھا تھا، جبکہ اب اس کے ماڈلز کی تعداد 5 ہوگئی ہے۔ ان میں ایٹو 2، سیلین 7 اور شارک 6 بھی شامل ہیں۔ کمپنی کے مطابق ایٹو 2 پاکستان میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی برقی گاڑی ہے، جبکہ شارک 6 ملک کی پہلی پلگ اِن ہائبرڈ پک اَپ گاڑی ہے۔ میگا موٹر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر علی خان نے کہا کہ 10 ہزار گاڑیوں کا سنگ میل صرف فروخت کے اعداد و شمار تک محدود نہیں

تھانہ سندر کی حدود میں ٹریفک حادثے میں 22 سالہ نوجوان جاں بحق

لاہور (آئی این پی) تھانہ سندر کی حدود میں تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 22 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق حادثہ تیز رفتار گاڑی کی ٹکر کے باعث پیش آیا، جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان ہارون موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے جاں بحق نوجوان کی لاش پوسٹمارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کردی۔

میری پہچان ٹیم کی بڑی کامیابی، ایک ہی روز میں 26 افراد، 5 نامعلوم لاشوں کی شناخت مکمل

لاہور (آئی این پی) سیف سٹیز اتھارٹی کی میری پہچان ٹیم نے ایک ہی روز میں 26 افراد اور 5 نامعلوم لاشوں کی شناخت مکمل کرلی۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق میری پہچان ٹیم نے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کا دورہ کیا،

کاہنہ لدے کے قریب مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

لاہور (آئی این پی) کاہنہ لدے کے بھلر گاں کے قریب پولیس اور ڈاکوں کے درمیان مبینہ مقابلہ ہوا۔ پولیس کے مطابق محافظوں نے تین موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا، جس پر ملزمان نے پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھی کی فائرنگ سے زخمی ہوگیا، جسے گرفتار کرکے طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا

ایل این جی کی قیمت میں 21 فیصد سے زائد کی کمی

سوئی ناردرن پر ایل این جی کی قیمت میں 3.83 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو کمی

لاہور (آئی این پی) اوگرا نے ستمبر کے لیے لیکویفائیڈ نیچرل گیس کی قیمتوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایل این جی کی قیمت میں 3.91 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو تک کمی کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی ناردرن سسٹم پر ایل این جی کی قیمت میں 3.83 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو کمی کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی ناردرن سسٹم پر ایل این جی کی نئی قیمت 15.19 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سوئی سدرن سسٹم پر ایل این جی کی قیمت میں 3.91 ڈالرز فی ایم ایم بی ٹی یو کمی کی گئی ہے۔ سوئی سدرن سسٹم پر ایل این جی کی (بقیہ نمبر 42)

دو اوباش ہمسائے لڑکوں کی 14 سالہ لڑکے کے ساتھ زیادتی

لاہور (آئی این پی) لاہور کے علاقے شاہدرہ ٹاؤن میں دو اوباش ہمسائے لڑکوں نے 14 سالہ لڑکے کو زیادتی کا نشانہ بناڈالا اور فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق 14 سالہ سکندر کو شاہزیب اور جواد نے پکڑ کر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ لڑکے کی حالت شدید خراب ہے جبکہ طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتاری کے لئے کوششیں شروع کر دیں۔

اوکاڑہ، نجی رائس مل میں 20 سے زائد ملازمین کی فائر سیفٹی ٹریننگ، عملی مشقیں بھی کروائی گئیں

اوکاڑہ (آئی این پی) سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی نجی رائس مل میں آگاہی و تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں رائس مل کے 20 سے زائد ملازمین اور اسٹاف ممبران کو ممکنہ ہنگامی صورتحال، آتشزدگی سے بچا، حفاظتی تدابیر اور آگ بجھانے والے آلات کے درست استعمال کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی

مکی زندگی آج کے ہر داعیِ دین کے لیے تربیت گاہ ہے' حامد منیر حمیدی

رائے ونڈ (آئی این پی) معروف مذہبی سکالر حامد منیر حمیدی نے کہا کہ مکی زندگی آج کے ہر داعیِ دین کے لیے تربیت گاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوتِ توحید دی تو اپنے ہی طعنہ زن ہوئے۔ سجدے میں اوجھڑی رکھی گئی، طائف میں خون سے جوتے بھر گئے، لیکن زبان پر شکوہ نہیں بلکہ "اللھم اہد قومی " کی دعا تھی۔ یہی حال صحابہ کا تھا۔

سرکاری سکولوں کے سربراہان کو 31 اکتوبر تک داخلوں کے اہداف مکمل کرنے کی آخری وارننگ

لاہور (آئی این پی) لاہور کے 170 سرکاری سکول داخلوں کے اہداف مکمل کرنے میں ناکام رہے، سکول سربراہان کو 31 اکتوبر تک داخلوں کے اہداف مکمل کرنے کی آخری وارننگ جاری کردی گئی۔

پنجاب میں سکول ٹیچر انٹرنز کی دوبارہ بھرتی کا فیصلہ

لاہور (آئی این پی) پنجاب میں سکول ٹیچر انٹرنز کی دوبارہ بھرتی کا فیصلہ کرلیا گیا، پہلے سے تعینات ایس ٹی آئیز کی خدمات بھی جاری رکھنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے موجودہ سکول ٹیچر انٹرنز کے ساتھ نئے معاہدے کرنے کی ہدایت کردی،

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

پاکستان مسلم لیگ ہاؤس لاہور میں کوآرڈینیٹر وزارتِ صنعت وتجارت پنجاب ندیم پہلوان کی چوہدری ظہور الٰہی کی الٰہی کی برسی میں شرکت اور کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

چودھری ظہور الٰہی شہید کی برسی، ندیم پہلوان کی میزبانی میں خصوصی دعائیہ تقریب، کھلی کچہری

تقریب کے دوران ندیم پہلوان نے شرکاء، پارٹی کارکنان اور عوامی نمائندوں سے ملاقاتیں بھی کیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ہاؤس لاہور میں کوآرڈینیٹر وزارتِ صنعت وتجارت پنجاب ندیم پہلوان کی میزبانی اور خصوصی کاوشوں سے مسلم لیگی رہنما چودھری ظہور الٰہی شہید کی برسی کے موقع پر ایک باوقار دعائیہ تقریب، کھلی کچہری اور لنگر کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں جید علماء کرام، پاکستان مسلم لیگ کے عہدیداران و کارکنان، سیاسی و سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ خواتین و حضرات نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر چودھری ظہور الٰہی شہید کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی گئی، جبکہ چودھری شجاعت حسین کی صحت وسلامتی اور خیر و عافیت کے لیے بھی خصوصی دعا کی گئی۔ دعائیہ نشست سے مفتی عاشق حسین اور سید محمود غزنوی سمیت دیگر علماء کرام نے خطاب کرتے ہوئے چودھری ظہور الٰہی شہید کے لیے دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کیا۔ اس موقع پر مقررین نے چودھری ظہور الٰہی شہید کی سیاسی جدوجہد، عوامی وابستگی اور قومی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ مقررین نے کہا کہ چودھری ظہور الٰہی شہید نے اپنی سیاسی زندگی میں عوامی خدمت اور ملکی سیاست کے حوالے سے ایک نمایاں کردار ادا کیا، ان کی سیاسی جدوجہد اور خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ تقریب کے دوران ندیم پہلوان نے شرکاء، پارٹی کارکنان اور عوامی نمائندوں سے ملاقاتیں بھی کیں، جبکہ کھلی کچہری کے ذریعے عوامی مسائل سنے گئے اور ان کے حل کے لیے متعلقہ امور پر گفتگو کی گئی۔ تقریب میں افتخار علی اعوان، ڈاکٹر زاہد قریشی، رانا مقصود، طارق میٹھو، عمران شیخ، نوید پہلوان، عبدالجبار، محمد یوسف، پی ایس اوشوکت، عرفان بٹ، ڈاکٹر عثمان بریار، تنویر شاہ، سہیل بٹ، رومیو، علی ندیم، میڈم فوزیہ، میڈم زاہدہ شفیق، میڈم داحت، میڈم شہناز وحید، میڈم سونیا، میڈم نازیہ اعجاز اور میڈم شہزادی سمیت دیگر پارٹی عہدیداران، کارکنان اور معززین نے شرکت کی۔ شرکاء نے چودھری ظہور الٰہی شہید کی سیاسی و قومی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی عوامی خدمت اور سیاسی جدوجہد کو یاد کیا۔ تقریب کے اختتام پر چودھری ظہور الٰہی شہید کے ایصالِ ثواب، چودھری شجاعت حسین کی صحت وسلامتی اور چودھری خاندان کے لیے خیر و عافیت کی خصوصی دعا کی گئی، جبکہ شرکاء کے لیے لنگر بھی پیش کیا گیا۔

لاہور لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری فاروق کجر اور دیگر عہدیداران کا ممبر آپریشنز ایف بی آر زبیر بلال کے ساتھ گروپ فوٹو

منشیات کیس، 2 ملزمان کی عمر قید اور جرمانے کی سزا برقرار

سندھ ہائیکورٹ نے صدام حسین اور احسان اللہ کی اپیلیں مسترد کردیں، ملزمان سے 172 کلو سے زائد چرس برآمد ہوئی تھی

کراچی (آئی این پی) سندھ ہائیکورٹ نے منشیات کیس میں سزا پانے والے 2 ملزمان صدام حسین اور احسان اللہ کی اپیلیں مسترد کرتے ہوئے ماتحت عدالت کی جانب سے سنائی گئی عمر قید اور جرمانے کی سزا برقرار رکھی۔ استغاثہ کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے 2022 میں لاشاری گوٹھ میں ملزمان کے گھر پر کارروائی کے دوران 172 کلو سے زائد چرس برآمد کرکے دونوں ملزمان کو گرفتار کیا تھا۔ بعد ازاں اینٹی نارکوٹکس کورٹ نے دونوں ملزمان کو عمر قید اور 2، 2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی تھی۔ ماتحت عدالت نے 25 ستمبر 2023 کو فیصلہ سنایا تھا، جس کے خلاف ملزمان نے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔ سندھ ہائیکورٹ نے اپیلوں پر فیصلہ سناتے ہوئے ماتحت عدالت کی سزا برقرار رکھی اور دونوں اپیلیں مسترد کردیں۔

علیگڑھ انسٹیٹیوٹ میں بیوٹیشن کی ایک روزہ خصوصی ورکشاپ

ماہر حسن سائرہ راحت راؤ کی طالبات کو جدید میک اَپ، جلد کی نگہداشت اور "نو میک اَپ لک" کی عملی تربیت، یکم اکتوبر سے بیوٹیشن کورس شروع ہوگا

کراچی (آئی این پی) علیگڑھ انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کراچی کے شعبہ بیوٹیشن کے زیر اہتمام معروف کاسمیٹولوجسٹ اور یونیورسل بیوٹی اکیڈمی اینڈ سیلون کی سربراہ سائرہ راحت راؤ کے ساتھ ایک روزہ خصوصی بیوٹی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ادارے کی خواتین اسٹاف اور طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ چیریز کاسمیٹکس نے ورکشاپ کے انعقاد میں تعاون فراہم کیا۔ شعبہ بیوٹیشن کی سربراہ تسنیم عمران کی نگرانی میں منعقدہ ورکشاپ میں سائرہ راحت راؤ نے حسن و آرائش کے جدید رجحانات، چہرے کی آرائش کے بنیادی طریقوں، پیشہ ورانہ مہارتوں اور (بقیہ نمبر 43)

لاہور: پی ایچ اے لاہور کے باغبان کیاری میں موسم سرما کے پھولوں کی پنیری لگا رہے ہیں

سرگودھا میں 4 ہزار سے زائد ماحول دوست چڑیاں بازیاب

ملزمان مختلف علاقوں میں جال لگا کر چڑیوں کو پکڑتے اور انہیں مختلف شہروں میں فروخت کرتے تھے، حکام وائلڈ لائف

سرگودھا (آئی این پی) سرگودھا میں محکمہ وائلڈ لائف نے کارروائی کرتے ہوئے 4 ہزار سے زائد ماحول دوست چڑیاں بازیاب کر لیں۔ وائلڈ لائف حکام کے مطابق ملزمان مختلف علاقوں میں جال لگا کر چڑیوں کو پکڑتے اور انہیں مختلف شہروں میں فروخت کرتے تھے۔ وائلڈ لائف رینجرز نے کارروائی کے دوران 4 ہزار سے زائد چڑیاں قبضے میں لے لیں۔ حکام کا کے مطابق ماحول دوست چڑیوں کے غیر قانونی شکار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی جاری ہے

لاہور: ایک محنت کش نمک توڑ رہا ہے